قبیل ست پس وقتیکہ ہمت دون ہمتان را آن قدر اثر بخشید پس اثر
بلند ہمتان را چہ باید دید ثالث آنکہ جوش زدن ہمت قویہ از قلوب این
بزرگان نہ از قبیل خواہش نفسانی و وساوس شیطانی ست بلکہ از
جنس احکام ربانی ست و الہام رحمانی چہ بعثت ایشان
موجی ست از دریاے رحمت کہ بنا بر دستگیری تشنگان
زلال ہدایت جوش زدہ پس جوش زدن ہمت از دل
ایشان علامت توجہ رحمت رحیم مطلق ست بسوے بندگان خود
کریمہ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ وکریمہ
لقد منّ اللہ علی المؤمنین اذ بعث فیہم رسولا
من انفسہم برہمین معنی دلالت می دارد و اما فیض صحبت
پس بیانش آنکہ این فیض را ظاہر ست و حقیقت اما ظاہرش
پس بیانش آنکہ ہدایت بسبب فیض صحبت بدو طریق
حاصل می شود اول آنکہ کسی کہ بصحبت کسی می رسد و
کلام او را بالمشافہ می شنود و روبروے او بقصد استفادہ
می نشیند و اوضاع و اطوار او را و عبادات و عادات و
معاشرات و معاملات بچشم غور می بیند البتہ بلا ریب و
اشتباہ بر حقیقت او آگاہ می گردد و در مزاج دانی و مرضی
شناسی او سلیقہ بہم می رساند کہ مناسب را از نامناسب و مرضی را
از غیر مرضی خود بہان سلیقہ ممتاز میگرداند و محامل کلام او را
بسبب اطلاع بر سیاق و سباق و مواضع و موارد کلام
بخوبی می داند بسا معانی ست کہ از نفس کلام مستفاد نیست

اور اس قسم کی دعا اور التجا بلا شک و ارتیاب مقبول
اور مستجاب ہے ثانی یہ ہے کہ حکیم علی الاطلاق نے
اپنی حکمت بالغہ اور قدرت کاملہ سے یہی آئین عالم
خلق و تکوین میں جاری فرمایا کہ ہمت قویہ کے
انعقاد کو اشیاے موجودہ کے ایجاد میں اثر بخشا۔
چنانچہ آثار نظر بد و حسد وغیرہ ایسے قبیل سے ہیں
پس جس صورت میں کہ پست ہمتوں کی ہمت کو اس قدر
اثر عنایت ہو تو عالی ہمتوں کے اثر کا کیا کہنا ہے۔
تیسری وجہ یہ ہی کہ ہمت قویہ کا بزرگان بارگاہ کے دلونمیں
سے جوش زن ہونا خواہش نفسانی اور وساوس
شیطانی کے قبیل سے نہیں بلکہ از جنس احکام ربانی
اور الہام رحمانی ہے کیونکہ ان کی بعثت دریاے رحمت
کی ایک موج ہی جو زلال ہدایت کے تشنوں کی دستگیری کے لیے
ہر وقت جوشاں و خروشاں ہی پس انکے دل فیض منزل سے ہمت کا
جوش مارنا کریم برحق اور رحیم مطلق کی توجہ پر دال ہے کہ ہمیشہ اُسکے
بندوں کی شامل حال ہی چنانچہ آیہ کریمہ (ترجمہ) اور تجھکو جہان
والوں کے واسطے رحمت ہی کر کے بھیجا ہی۔ اور آیت شریفہ (ترجمہ)
اللہ کا احسان ہی ایمان والوں پر جو بھیجا اُن میں انھیں میں کا رسول
اس معنی کی تصدیق کرتی ہی لیکن فیض صحبت پس اُسکے لیے بھی ایک
ظاہر اور ایک حقیقت ہی۔ اول اُسکے ظاہر کا حال سنیے کہ ہدایت
فیض صحبت کے باعث دو طریق پر حاصل ہوتی ہی پہلا طریق یہ ہی کہ جو
کوئی کسی کی صحبت میں پہنچتا ہی اور اُسکے کلام کو بالمشافہ سنتا ہی اور اُسکے روبرو بقصد
استفادہ بیٹھتا ہی اور عبادات و عادات و معاشرات و معاملات میں
اُسکی اوضاع اور اطوار کو بچشم خود ملاحظہ کرتا ہی البتہ بلا ریب و اشتباہ اُسکی حقیقت
پر آگاہ ہوتا ہی اور اُسکی مزاج دانی اور مرضی شناسی کا سلیقہ بہم پہنچاتا ہی کہ
افعال مناسب اور غیر مناسب اور اقوال پسندیدہ اور غیر پسندیدہ میں اُس سلیقہ
سے امتیاز کرتا ہی اور مقامات اور موارد کلام پر مطلع ہو کر موقع اور محل کلام
کو بخوبی جانتا ہی بہت معانی ایسی ہیں کہ نفس کلام سے حاصل نہیں ہوتی

و چون در ماسبق و مالحق نظر کردہ شود و حال متکلم و سامع
ملحوظ داشتہ شود ہمان معنی از کلام مفہوم شود بالجملہ ہمنشین
عاقل را در مقدمات رئیس خود ملکۂ اجتہاد البتہ حاصل میشود
و طریق ثانی آنکہ بسبب ملاحظہ حال ایشان از علو ہمت
درباب استقامت بر احکام رب العالمین و مسابقت
از تابعان خود در ادائے حقوق دین متین در دل این مستفید
ہم علو ہمت و وفور رغبت در اطاعت رب العزۃ حادث
می شود و کلام وعظ و تذکیر ایشان در تہ قلب او می رسد
و شخصے کہ دیگران را بسوے یک امر دعوت می نماید و خود
را بران اقدام نفرماید پس مستمعین ہم کلام او را بمثابہ فسانہ
بے مغز می انگارند و از جنس مضامین شعریہ می شمارند کہ کریمہ
إِنَّهُمْ يَقُولُونَ مَا لَا يَفْعَلُونَ کاشف حال ایشان ست
و لہذا در قرآن حکیم بر واعظان بے عمل بغایت ملامت
متوجہ گردیدہ قال اللہ تبارک و تعالیٰ أَتَأْمُرُونَ النَّاسَ
بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ أَنْفُسَكُمْ وَأَنْتُمْ تَتْلُونَ الْكِتَابَ
أَفَلَا تَعْقِلُونَ وقال اللہ تعالیٰ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا
لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللَّهِ أَنْ
تَقُولُوا مَا لَا تَفْعَلُونَ نیز آنکہ واعظ بے عمل سد راہ طالب حق ست
کہ بسبب مداہنت در عمل کلام حق را در نظر ایشان بے اعتبار
می گرداند و چون ہادی راہ در عمل بہ نسبت اتباع خود مبادرت
کرد و در تحمل رنج و تکلیف بر ایشان مسابقت نمود لابد اتباع او
ہم بقدر استطاعت خود خواہند کوشید و عیب دون ہمتی خود را
چار و ناچار بہ تکلف خواہند پوشید ہر گاہ کہ میر قافلہ را پیش پیش
خواہند دید کشان کشان در پے او خواہند دوید لہذا حق جل و علا
اولاً انبیاء خود را بہ امتثال امر خود مامور می فرماید بعد ازان دیگران را

اور جب گزشتہ اور آئندہ کی طرف نظر کیجاتی ہی اور حال سامع اور
متکلم کا پہچانا جاتا ہی تو وہی معانی کلام سے خالی نہیں ہوتے
ہیں الحاصل ہمنشین عاقل کو اپنے رئیس کے مقدمہ میں ملکہ اجتہاد
حاصل ہوتا ہی دوسرا طریق یہ ہی کہ انکی علو ہمتی کا حال ملاحظہ
کرنے سے (کہ اجراے احکام رب العالمین مین نہایت درجہ کی
استقامت اور ادائے حقوق دین میں اپنے تابعین سے کمال سبقت
رکھتے ہیں) انکے ملازمان بارگاہ اور مستفیضان ذی جاہ کے دل میں
بھی دربارۂ اطاعت رب العزت کمال ہمت اور نہایت رغبت
پیدا ہوتی ہی اور کلام وعظ و نصیحت انکے تہ دل میں جانشین ہوتا ہے
کیونکہ انکے دل اور زبان میں مطابقت تامہ حاصل ہی اور جو شخص کہ
دوسروں کو کسی امر کی جانب توجہ دلائے اور آپ اسکی طرف نہ آئے تو
سامعین بھی اُسکے کلام کو فسانہ بے مغز اور قصہ کہانی جانتے ہیں اور
مضامین شعریہ کے جنس سے پہچانتے ہیں کہ آیت کریمہ (ترجمہ)
بے شک وہ کہتے ہیں جو نہیں کرتے۔ اُنکے حال پر دال ہی اسی لیے
واعظان بے عمل پر کلام تقدس التیام میں نہایت درجہ کی ملامت
واقع ہوئی چنانچہ اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتا ہی (ترجمہ) لوگوں کو تو
اچھی باتیں بتلاتے ہو اور اپنی خبر ہی نہیں حال یہ کہ تم کتاب
پڑھتے ہو کیا بھلا تمھیں عقل نہیں۔ اور یہی ارشاد ہے (ترجمہ)
ای ایمان والو کیوں کہتے ہو جو نہیں کرتے بڑا گناہ ہے نزدیک
اللہ کے کہ تم کہتے ہو اُس کو اور کرتے نہیں
واعظ بے عمل طالب حق کے حق میں سد راہ اور سراپا خلل ہی کہ اپنے عمل کی کوتاہی
اور مداہنت کے باعث کلام کو اُسکی نظر میں بے اعتبار کرتا ہی اور جب ہادی
راہ اور مرشد ذی جاہ کسی فعل کا خود عامل ہوئے اور رنج و تکلیف کی برداشت
میں دوسروں سے سبقت لیجائے لابد اور لوگ بھی بقدر استطاعت اسکی اتباع میں سعی
فرمائینگے اور چار و ناچار اپنی پست ہمتی کے عیب کو بہ لباس تکلف چھپائینگے
اور جس وقت میر قافلہ کو اپنے آگے رواں دواں پائینگے بالضرور آپ سے
اُسکے پیچھے کشاں کشاں جائینگے لہذا حق جل و علی اپنے مقربین بارگاہ
یعنی حضرات انبیاء علیہم السلام کو تبلیغ احکام کا امر فرماتا ہے اسکے بعد اوروں کو

بسوے آن ترغیب می نماید قال اللہ تبارک و تعالیٰ فَقَاتِلْ فِیْ
سَبِیْلِ اللّٰہِ لَا تُکَلَّفُ اِلَّا نَفْسَکَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِیْنَ
این ست صورت ظاہرہ ادراک فیض صحبت اما حقیقتش
پس بیانش آنکہ از بسکہ روح ایشان گلدستہ ایست از
گلشن ملکوت و تند شعلہ ایست از آتش جبروت پس چنانکہ
ہرگاہ گلدستہ درمیان محفل می نہند حاضران از ہر سو بہ او
می شوند لابد بوے دل آویز او بدماغ ہر کس می رسد و
روح را فرحتے و سرورے حاصل می شود کسی کہ مزکوم ست
البتہ از ادراک لذت محروم ست ہمچنین ہرگاہ کہ شمعے در
محفلے روشن می شود نور او بہ ہر کس و ناکس می رسد اگر آئینہ
است از نور او تابناک ست بلکہ از عکس او بے حد درخشان ست
کہ بر دیگران نور افشان ست و اگر آئینہ نیست این قدر البتہ
کہ در ظلمت تار نیست بالجملہ این قدر ضرور ست کہ تمام محفل پُر
از نور ست ہر کس بملاحظہ او مسرور آری کسی کہ بے بصرت ست
البتہ از نور افشانی او بیخبر ست ہمچنین قلوب ہمنشینان ایشان
بلذت روحانی مسرور ست و بقوت ایمانی معمور چنانچہ انوار
ہدایت از دل ایشان تابش میکند عکس آن دل ہمنشینان
را آرایش می دہد بروق عظمت و کبریا بر دلہاے
ایشان می درخشد قلوب ہمنشینان از خشیت ہیبت می لرزد
آتش تفرید و تجرید در قلوب ایشان می افروزد چرک بشریت
ہمنشینان از آن می سوزد زلال رحمت بر ایشان می بارد
نہال ہمنشینان از آن برگ و بار می آرد چنانچہ این معنی
در احادیث متعددہ مذکور گردیدہ از انجملہ آنکہ صحابہ عرض
نمودند کہ یا رسول اللہ نکون عندک تذکرنا بالنار و
الجنۃ کانا رای عین فاذا خرجنا من عندک

اُسکی اتباع کی رغبت دلاتا ہے چنانچہ ارشاد فرماتا ہے (ترجمہ)
پس لڑ اللہ کی راہ میں نہیں تکلیف دیجاتی ہے مگر جان تیری اور
رغبت دلا ایمان والوں کو۔ یہ فیض صحبت کے ادراک کی صورت ظاہرہ کا
بیان ہوا اب اُسکی حقیقت سننا چاہیے از بسکہ روح انبیا گلشن
ملکوت کا ایک گلدستہ ہے اور آتش جبروت کا ایک تند شعلہ ہے
سو جس طرح ہر کہ جس وقت گلدستہ محفل میں رکھتے ہیں اور
حاضرین ہر طرف سے اُسکے گرد اگرد جمع ہوتے ہیں بالضرور اُس کی
بوے دلاویز ہر کسی کے دماغ میں راحت پہنچاتی ہے اور
روح کو فرحت اور سرور میں لاتی ہے جو کوئی مزکوم ہے البتہ
حصول لذت سے محروم ہے ایسے ہی جس وقت کہ شمع محفل
میں روشن ہوتی ہے اُس کا نور ہر کس و ناکس کو پہنچتا ہے اگر
آئینہ ہے اُسکے نور سے تابناک ہے بلکہ اُسکے عکس سے
اس قدر درخشاں ہے کہ اوروں پر نور افشاں ہے اور اگر آئینہ
نہیں ہے اسی قدر بس ہے کہ ظلمت سے خارج ہے قصہ کوتاہ
یہ امر ضرور ہے کہ تمام محفل پر نور ہے اور ہر کوئی اُسکے
ملاحظہ سے مسرور ہاں جو کوئی نابصیر ہے البتہ اُسکے نور فشانی
سے بیخبر ہے اسی طرح پر انکے ہمنشینوں کے دل روحانی لذت سے
مسرور ہیں اور قوت ایمانی سے معمور جس قدر اُنکے دل فیض منزل سے
انوار ہدایت کا ظہور ہوتا ہے اُنکے عکس سے ہمنشینوں کا دل سراپا نور
ہوتا ہے شان عظمت اور کبریائی کی بجلیاں اُنکے دلوں پر ہمیشہ
درخشاں ہیں ہمنشینوں کے دل خوف اور ہیبت سے ہر وقت لرزاں ہیں
آتش تفرید و تجرید انکے دل میں روشن ہوتی ہے ہمنشینوں کی بشریت کے
آلائش اُس سے زائل و بے سخن ہوتی ہے ابر کرم اُن پر ہر دم آب رحمت
برساتا ہے نہال ہمنشینان اُس سے برگ و بار تازہ لاتا ہے چنانچہ یہ معانی احادیث
متعددہ میں جا بجا مذکور ہوئی ہیں اُنمیں سے چند حدیثیں نقل کیجاتی ہیں۔
ایکروز صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ (ترجمہ) ہم آپکی خدمت
میں ہوتے ہیں آپ ہمکو دوزخ اور جنت کا ذکر سناتے ہیں تو گویا
ہم آنکھ سے دیکھتے ہیں پھر جب ہم آپکے نزدیک سے چلے جاتے ہیں

عافسنا الازواج والاولاد والضيعات نسينا كثيرا
فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم والذى
نفسى بيده لو تدومون على ما تكونون عندى
وفى الذكر لصافحتكم الملائكة على فرشكم وفى
طرقكم وروى قال اتى رسول الله صلى الله
عليه وسلم اعرابى وقال جهدت الانفس و
جاع العيال ونهكت الاموال وهلكت الانعام
فاستسق الله لنا فانا نستشفع بك على الله
ونستشفع بالله عليك فقال النبى صلى
الله عليه وسلم سبحان الله سبحان
الله فما زال يسبح حتى عرف ذلك فى وجوه
اصحابه وروى عن بعض الصحابة انه قال كنا
مع النبى صلى الله عليه وسلم جاء الى مقبرة فجلس فجلسنا حوله
وكان على روسنا الطير وقال النبى صلعم ان خيار
عباد الله من اذا رأوا ذكر الله وروى عن بعض الصحابة
انهم قالوا كنا ندفن النبى صلى الله عليه وسلم بايدينا والايمان
يطير من قلوبنا بالجملہ این ہدایت کہ از فیض صحبت حاصل میشود امریست
بس طویل و عریض کہ تفصیل آن درین چند اوراق متعسر ست
بل متعذر بنا بر علیہ برین چند کلمات اکتفا کردہ شد این قدر
مسئلہ اجماعیہ ہست کہ صحابہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم افضل اند
از سائر امت اگرچہ بعضے از ایشان مرتبۂ اجتہاد و منصب
ولایت تامہ نمی داشتند ہمچنین قیاس باید نمود کہ ہمنشینانِ
ہر صاحبِ کمال افضل اند و اکمل از سائرِ اتباع او پس ہدایتے کہ
بفیضِ صحبت حاصل می شود لابد افضل ست بہ نسبت اقسام
دیگر اما خرقِ عادت پس بیانش آنکہ حق جل و علی بقدرتِ کاملۂ خود

مشغول ہوجاتے ہیں ہم بیبیوں اور بچوں اور کاموں میں تو بھول
جاتے ہیں ہم بہت پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
قسم ہے اُس ذات کی جسکے ہاتھ میں میری جان ہے اگر تمہارا ہمیشہ
وہی حال رہتا جو میرے پاس ہوتا ہے اور ذکر میں تو راہوں میں
اور بچھونوں پر فرشتے تم سے مصافحہ کرتے اور روایت ہے
کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک گاؤں والا آیا
اور کہا ہم پر بڑی سختی ہے اور بھوکوں مرتے ہیں گھروں والوں و
مال کم ہوگئے اللہ پاک سے آپ ہمارے واسطے پانی کی دعا مانگیے ہم
تمہاری سفارش اللہ کے پاس لیجاتے ہیں اور اللہ کی سفارش
تمہارے پاس لاتے ہیں۔ پس فرمایا نبی اللہ نے پاک ہے اللہ پاک ہے
اللہ تعالی پھر حضرت تسبیح ہی پڑھتے رہے یہانتک کہ اسکا اثر صحابہ
رضی اللہ عنہم کے چہروں میں معلوم ہونے لگا اور روایت ہے
بعض صحابہ رضی اللہ عنہم سے انھوں نے کہا کہ ہم نبی صلعم کے ساتھ
تھے آپ قبرستان میں تشریف لائے پھر آپ بیٹھ گئے اور ہم بھی گرد اگرد بیٹھ گئے
اور ہم بالکل چُپ بے حس و حرکت بیٹھے ہوئے تھے اور فرمایا نبی صلعم نے
کہ اللہ تعالی کے بندوں میں بہتر وہ بندہ ہے جب اُنکو دیکھیں اللہ
تعالی یاد آوے اور روایت کیا گیا بعض صحابہ سے انھوں نے
کہا کہ ہم رسول اللہ صلعم کو تو اپنے ہاتھوں سے دفن کررہے تھے اور ہمارے
دلوں میں سے ایمان اُڑا جاتا تھا۔ الحاصل یہ ہدایت کہ فیض
صحبت سے حاصل ہوتی ہے ایک امر نہایت طویل و
عریض ہے جسکی تفصیل ان چند اوراق میں متعذر ہے
بنا بر علیہ ان چند کلمات پر اکتفا کیا گیا۔ اس قدر مسئلہ متفق
علیہ ہے کہ صحابہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم تمام اُمت سے افضل ہیں
اگرچہ اُن میں سے بعض صحابہ مرتبۂ اجتہاد اور منصب ولایت تامہ
نہ رکھتے تھے ایسے ہی قیاس کرنا چاہیے کہ ہر صاحب کمال کے
ہمنشین اُسکے تمام تابعین سے افضل و اکمل ہیں پس جو ہدایت کہ
فیض صحبت سے حاصل ہوتی ہے لابد بہ نسبت اقسام دیگر افضل ہے۔ اب خرق
عادت کو ملاحظہ فرمائیے جناب باری تقدس صفاتہ اپنی قدرت کاملہ سے

بنا بر تصدیق انبیا علیہم السلام چیزے اظہار می نماید کہ صدور
آن چیز بہ نسبت ایشان ممتنع می نماید اگرچہ بہ نسبت دیگر کس
ممتنع نمی باشد تفصیلش آنکہ وجود بعضے اشیا بحسب عادت اللہ
موقوف میباشد بر فراہم آمدن اسباب و ادوات آنچیز پس کسیکہ ادوات و آلات
حاصل می دارد صدور چیز مذکور از خرق عادت نیست کسی کہ
ادوات مذکورہ حاصل نمی دارد البتہ صدور آن از قبیل خرق
عادت ست مثلاً نوشتن بہ نسبت نویسندہ خرق عادت نیست
بہ نسبت اُمّی خرق عادت ست و کشتن بسلاح خرق عادت
نیست و بمجرد ہمت و دعا خرق عادت ست پس ازین بیان
واضح گشت کہ این معنی لازم نیست کہ ہر خرق عادت خارج
از مطلق طاقت بشری باشد بلکہ ہمین قدر لازم ست کہ بہ نسبت
صاحب خارقہ صدور آن خلاف عادت باشد بجہت فقدان
ادوات و آلات پس بسیار چیزہاست کہ ظہور آن از مقبولین حق از
قبیل خرق عادت شمردہ می شود حالانکہ امثال ہمان
افعال بلکہ اقوی و اکمل ازان از ارباب سحر و اصحاب طلسم
ممکن الوقوع باشد پس وقتی کہ بر حاضران واقعہ این قدر ثابت
باشد کہ صاحب خارق مہارت در فن سحر و طلسم
نمی دارد پس لابد صدور خارقہ مذکورہ علامت صدق او
تواند بود و لہذا نزول مائدہ از معجزات حضرت مسیح
شمردہ می شود بخلاف آنچہ اہل سحر بسیارے از اشیا نفیسہ
از جنس میوہ و شیرینی باستعانت شیاطین حاضر می آرند
و در دوستان و ہمنشینان خود افتخار می نمایند چون معنی
خارق عادت واضح گشت لابد درین مقام تامل باید نمود کہ
خرق عادت چرا ظاہر میگردد و چگونہ ظاہر میگردد اما اول
پس باید دانست کہ ظہور خوارق بالذات از اسباب ہدایت نیست

انبیاء علیہم السلام کی تصدیق کے لیے ایسے امر کا ظہور فرماتا ہے کہ
اُنکی نسبت اُسکا صدور غیر ممکن معلوم ہوتا ہی اگرچہ دوسرے کی سبب
متعذر نہوئی تفصیل اسکی یہ ہی کہ بعض اشیاء کا وجود بحسب عادۃ اللہ
اُنکے اسباب اور آلات کے فراہمی پر موقوف ہوتا ہی پس جس کسیکو
اُنکی ادوات و آلات حاصل ہیں اُس سے اُن چیز کا صدور خرق
عادات میں داخل نہیں ہاں جو کوئی یہ اسباب اور آلات اپنے
پاس مہیا نہیں رکھتا ہے اُس سے ایسی اشیاء کا ظہور خرق
عادت کہلاتا ہی مثلاً کتابت کاتب کی نسبت خرق عادت
نہیں اور اُمّی کی نسبت خرق عادت ہی اور ہتھیار سے قتل
کرنا خرق عادت نہیں اور بمجرد ہمت و دعا خرق عادت ہی
تو اس بیان سے وضح ہوا کہ یہ معنی ضروری نہیں کہ ہر خرق عادت
مطلقا طاقت بشری سے صادر ہوتا ہے بلکہ اسی قدر
لازم ہی کہ بہ نسبت صاحب خارقہ اُسکا صدور بجہت فقدان آلات
خلاف عادت ہوئی پس اکثر اشیاء کا ظہور مقبولان حق سے منجملہ
خرق عادت شمار کیا جاتا ہی حالانکہ اُن جیسے افعال بلکہ اُنسے
اقوی اور اکمل ارباب سحر او راصحاب طلسم سے ممکن الوقوع
اور سہل الصدور ہیں سو جس صورت میں کہ حاضران واقعہ پر اس
قدر ثابت ہوئی کہ صاحب خارق فن سحر اور طلسم میں مہارت
نہیں رکھتا ہے تو بالضرور صدور خارقہ مذکورہ اُسکے صدق
اور راستی کی علامت ہے اور اسی بنا پر نزول مائدہ حضرت
عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات سے شمار کیا جاتا ہے بخلاف
اہل سحر کہ بہت سے اشیاء نفیسہ از جنس میوہ و شیرینی وغیرہ
شیاطین کی استعانت اور مدد سے حاضر کرتے ہیں اور
اپنے دوستوں اور ہمنشینوں میں اپنی کمالیت کا دم بھرتے
ہیں جب کہ خرق عادت کے معنی مذکور ہوئے بالضرور
اس مقام میں تامل کرنا چاہیے کہ خرق عادت کس لیے
اور کیونکر ظاہر ہوتے اول کا بیان یہ ہے کہ ظہور
خرق عادات بالذات اسباب ہدایت سے نہیں

گو کہ در حق بعضے سعداء اتفاقاً سبب ہدایت گردد بلکہ ظہورِ
آن بالذات برائے اتمام حجۃ و اسکات مخالفین و الزام
مجادلین و تادیبِ گستاخانِ شوخ چشم و تخویفِ معاندانِ
پُرخشم ست قال اللہ تعالیٰ و تبارک وَمَا نُرْسِلُ
بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا چہ پُرظاہر ست کہ ہدایت عبارت ست
از نورے کہ از رحمتِ الٰہیہ در قلبِ سعیدِ ازلی باران
صفت می ریزد کہ او را بر محبتِ محبوبِ حقیقی و اطاعتِ
معبودِ تحقیقے می انگیزد حتیٰ کہ در محبتِ او جان و مال
می بازد و در اطاعتِ او مثلِ باد پا می تازد و این معنی از
مشاہدہ ظہور خوارق کمتر حاصل می شود چہ شخصے کہ در مناظرہ
و مجادلہ ملزم و لاجواب می شود در دلِ او محبت و اخلاص
کمتر حادث می شود آرے حیران و سرگردان و دست و پا
گم کردہ ساکت می شود پس ازین بیان واضح شد کہ ظہورِ
خوارق گاہ گاہ کافی ست و صدور آن ہر بار از لوازمِ
ہدایت نیست و نیز واضح گشت کہ اگر از شخصے خوارق
ظہور نمود و کسی را از حاضرانِ معنی ہدایت حاصل نگردید
این معنی باعثِ نقصانِ منصبِ او نمی تواند شد و اما آنکہ
چگونہ حادث می شود پس بیانش آنکہ حق جل و علی بقدرتِ
کاملہ خود در عالمِ تکوین تصرفے عجیب و غریب بنا بر تصدیق
مقبولے از مقبولانِ خود می نماید نہ آنکہ قدرتِ صدور
خرقِ عادت در و ایجاد می فرماید و او را بہ اظہار آن مامور
می نماید حاشا و کلا قدرتِ تصرف در عالمِ تکوین از خواصِ
قدرتِ ربانی ست نہ از آثارِ قوت انسانی اما اظہارِ دعوت
پس بیانش آنکہ حق جل و علی ایشان را بحکمتِ کاملہ خود
سلیقہ تربیت اشخاص مختلف المزاج و قوتِ کلامِ فصیح بیانِ بلیغ

اگرچہ بعض مقبولین کے حق میں اتفاقاً سبب ہدایت ہوئی بلکہ بالذات
اسکا ظہور اتمام حجت و اسکات مخالفین اور الزام مجادلین اور تادیب
گستاخانِ شوخ چشم اور تخویف معاندان پُرخشم کے لیے ہی چنانچہ اللہ تعالیٰ
ارشاد فرماتا ہی (ترجمہ) اور نہیں بھیجتے ہیں ہم نشانیاں مگر ڈرانے کو۔
کیونکہ یہ بات خوب ظاہر ہے کہ ہدایت اُس نور کو کہتے ہیں جو جناب
باری کی رحمت سے سعیدِ ازلی کے دل میں بارانِ صفت آتا ہی
اور اُسکو محبتِ محبوبِ حقیقی اور اطاعتِ معبودِ تحقیقی پر اُٹھاتا ہی
یہانتک کہ اُسکی محبت میں جان و مال سے مُنہ نہیں موڑتا ہے
اور اُسکی اطاعت میں مثل باد پا دوڑتا ہی اور یہ معنی خوارق کے
مشاہدہ سے کمتر حاصل ہوتے ہیں اسلیے کہ جو شخص مناظرہ اور مجادلہ
میں ملزم اور لاجواب ہوتا ہی اُسکے دل میں محبت اور اخلاص بہت
کم پیدا ہوتا ہی ہاں حیران اور سرگرداں ہاتھ پیر گم کر کے چُپ ہو جاتا
اور پریشان ساکت ہوتا ہی پس اس بیان سے ظاہر ہوا کہ ظہور خوارق
کبھی کبھی کافی ہی اور اُسکا صدور ہر بار لوازمِ ہدایت سے نہیں ہے
اور یہ بھی واضح ہوا کہ اگر کسی شخص سے خوارق کا ظہور ہو
اور کسی کو حاضرین سے معنی ہدایت حاصل نہوی تو یہ بات
اُسکے منصب کے نقصان کا باعث نہیں ہوتے۔ رہا اس
بات کا ذکر کہ خوارق عادت کا ظہور کیونکر ہوتا ہے سو بیان
اُسکا یہ ہے کہ جناب باری جل جلالہ و عم نوالہ اپنی قدرت
کاملہ سے عالمِ موجودات میں اپنے مقبولینِ بارگاہ کے تصدیق
کے بارہ میں عجیب و غریب تصرف فرماتا ہی نہ یہ کہ خرق عادت کے
صدور کی قدرت اُنمیں پیدا کرتا ہی اور اُسکو اُسکے اظہار کے
واسطے مامور فرماتا ہی حاشا و کلا عالمِ ایجاد میں تصرف کی قدرت
قدرتِ ربانی کا خلاصہ ہے قوت انسانی کے آثار سے نہیں۔
اب اظہار دعوت کی کیفیت ملاحظہ فرمائیے بیان اُس کا یہ ہی کہ
جناب کبریا حضرت انبیاء کو اپنی حکمتِ بالغہ اور قدرتِ
کاملہ سے اشخاص مختلف المزاج کی تربیت کا سلیقہ اور
در بارۂ ہدایت بیانِ بلیغ اور کلامِ فصیح کی قوت

درمقدمۂ ہدایت وایضاح تقریر درباب اظہار ما فی الضمیر
عطامی فرماید چنانچہ حق جل وعلی درحق حضرت داؤد علیہ السلام
می فرماید وَاٰتَیْنَاہُ الْحِکْمَۃَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ مراد از حکمت
ہمین سلیقۂ تربیت ست ومراد از فصل خطاب بیانِ
بلیغ وحضرت پیغمبر ما صلے اللہ علیہ وسلم را امر فرمودہ وَقُلْ
لَّھُمْ فِیْ اَنْفُسِھِمْ قَوْلًا بَلِیْغًا لیکن تامل باید نمود کہ دعوت
ہادیانِ مبعوثین بطرزے دیگر می باشد وتعلیم دانشمندانِ
فنون بطرزے دیگر وامتیاز فیما بینہما بدو وجہ ست اول
آنکہ کلامِ دعوتِ ایشان جاری می باشد بر محاوراتِ
اہلِ عرف کہ در معاملات ومکالماتِ خود آن را استعمال
می نمایند نہ بر اصطلاحاتِ دانشمندان کلام ومصنفانِ
کتب کہ تحریر وتقریر خود را بر آن مبنی می سازند وبسا مجازات
کہ در محاورات عرفیہ بہ نسبت حقیقت شائع تر ست و
بسا قید ست کہ اتفاقی ست نہ احترازی وبسا تکرار است
کہ محض برائے تقریر وتاکید نہ برائے افادہ مضمونِ جدید
وبسا مضمون ست کہ جزوے ازان کلام مستفاد میشود
وپارہ ازان مفوض بقرائن حالیہ می باشد وبسا کلمات ست
کہ از اصل خود خارج شدہ بطریق غلط العام برزبان خواص و
عوام دائر وسائر گردیدہ پس تکلم بہ کلمۂ مذکورہ بہمین طریق دائرہ
سائر فصیح ست وبرقانون اصل غیر فصیح بالجملہ کلامِ دعوت ایشان را بر آئین
تقریر وخطاب باید فہمید نہ برقانون تصنیف کتاب وجہ ثانی آنکہ حال ایشان
درباب تربیت قومِ خود حالِ پدر مشفق ست یا اتالیقِ دانشور کہ بنظرِ تربیت
خود را بحال ایشان سوختہ ہرگاہ چیزے غیر مناسب ازانہا صادر میشود او را بطریقِ
تالیف وانس مقلوب وعنف یا در لباس مشورہ وصلاح یا در رنگ
طیبت ومزاح یا بطریقِ اشارہ وکنایہ یا بطریقِ خواندن شعرے

اور درباب اظہار ما فی الضمیر تقریر کی وسعت اور وضاحت عطا فرماتا ہے
چنانچہ حضرت داؤد علیہ السلام کے حق میں سناتا ہی (ترجمہ)
یعنی ہمنے اسکو حکمت اور فصل خطاب عنایت فرمایا۔ مراد حکمت
سے یہی سلیقہ تربیت ہے اور فصل خطاب سے بیانِ بلیغ
مراد ہے اور ہمارے نبی کریم علیہ الصلوۃ والتسلیم کو ارشاد ہوا
(ترجمہ) اور کہہ تو اُن کے نفسوں میں قول بلیغ۔ لیکن غور
فرمانا چاہیے کہ ہادیانِ مبعوثین کی دعوت کا طرز اور ہے اور
دانشمندانِ فنون کی تعلیم کا طریقہ دوسرا ہی اور امتیاز ان دونوں میں
دو وجہ سے حاصل ہوتی ہی اول یہ ہی کہ انکی دعوت کا کلام محاورات
اہلِ عرف پر جاری ہوتا ہی کہ جسے معاملات اور مکالمات میں اُس کا
استعمال کرتے ہیں اور دانشمندانِ کلام اور مصنفین کتب کے اصطلاحات
پر اُسکا اجرا نہیں ہوتا کہ انکی تحریر وتقریر کی اصطلاحیں اور ہیں
بہت مجازات ایسے ہیں کہ محاوراتِ عرفیہ میں بہ نسبت حقیقت
زیادہ شیوع رکھتے ہیں اور بہت سی قیدیں اتفاقی ہیں اور اکثر مقام
پر اس قسم کی تکرار ہی کہ محض تقریر اور تاکید کے بارہ میں اس کا
اعتبار ہی اور مضمون جدید کا فائدہ اُس سے متصور نہیں اور بہت
مضمون اس قسم کے ہیں کہ اُس سے بلفظہ معانی حاصل ہوتے ہیں
اور کسی قدر قرائنِ حالیہ کے محتاج ہوتے ہیں اور اکثر کلمات کا
یہ حال ہی کہ اپنی اصل سے خارج ہو کر غلط العام کے طور پر خاص و عام
کی زبان پر جاری ہی جب یہ بات معلوم ہو چکی تو تامل فرمانا چاہیے کہ تکلم بکلمہ
مذکورہ ایسے طریق جاریہ کے ساتھ فصیح ہی اور قانون اصل پر غیر فصیح۔
الحاصل اُنکے کلام دعوت کو آئین تقریر وخطاب جاننا چاہیے نہ
قانون تصنیف کتاب پر۔ وجہ ثانی یہ ہی کہ قوم کی تربیت کے بارہ میں
ان حضرات کا حال پدر مہربان کے با حال خیال فرمانا چاہیے یا اتالیق
دانشور پر قیاس کرنا چاہیے اور اُنکی نگاہ تربیت ہر وقت اُنکے حال کیطرف
نگراں ہی جس وقت کوئی شی غیر مناسب اُنسے صادر ہوتی ہی اُسکو جس طرح سے
سمجھاتے ہیں کبھی اُنکو بطریق تالیف وانس اچھی بات کے عبرت دلاتے ہیں
اور کبھی ادب اور سختی سے بُری باتوں سے بچاتے ہیں کبھی بہ
لباس مشورہ وصلاح اور کبھی برنگ خوش طبعی و مزاح اُنکے ساتھ پیش آتے
ہیں اور کبھی اُنکو اشارے اور کنایے کے طور پر آگاہ کرتے ہیں

از اشعارِ مناسب حال یا بطریق بیان مثلی از امثال یا
در ضمنِ افسانہ ہائے گزشتہ یا در ضمنِ مواعید پیوستہ اورا
بران آگاہ می سازد و ہمچنین وقتے کہ او را می بیند کہ عملی
از اعمال مستحسنہ می کند اما طریقِ آن عمل نمی داند او را برین
معنی بطریقِ مذکورہ آگاہ می سازد یا بہ این طریق کہ خود روبروے
او ہمان عمل را بطریقِ احسن بجامی آرد تا بلاحظۂ او طریق آن را
یاد گیرد بالجملہ این پارہ ایست از تفصیلِ اقسامِ کلامِ ایشان
پس دعوت از ایشان بر ہمین طریق ظاہر می گردد نہ بطریق
مدرسانِ مدارس کہ وقتے برائے تدریس علم تعین می کنند و
در ہمان وقت نشستہ بہ تعلیم بابے از ابوابِ احکام مثل مسائل
طہارت یا صلوٰۃ یا زکوٰۃ ہمت می گمارند و مسائل ہمون
باب را در ان مجلس خواہ واقع باشد خواہ فرضی یک یک
مسلسل می شمارند کہ این طریقِ دانش آموزان ست نہ
روشِ تربیت کنندگان بالجملہ نفع دعوتِ ایشان ممزوج ست
بہ فیضِ صحبتِ ایشان و انتفاعِ کامل از کلامِ ایشان مخلوط ست
بطولِ ملازمتِ ایشان تعمق کتاب و تکلف خطاب کمتر
از ایشان راست می آید شان امیت بر ایشان غالب
می باشد و نشانِ تعمق و تکلف مغلوب سادگی در نظرِ ایشان محبوب
می باشد و بے تکلفی مرغوب و نیز باید دانست کہ دعوتِ ایشان
بہ دو طریق واقع می شود بیانِ حکمت و کلامِ موعظت اما بیانِ
حکمت پس تفصیلش آنکہ حق جل و علا بہ رحمت خاصہ خود ایشان
را قوت بیانی بہ وجہے عنایت می فرماید کہ مکنون ما فی الضمیر را
بہ وجہے ادا می فرمایند و آن را بہ شواہد و دلائل بہ وضعے
مبرہن می گردانند و غوامضِ مقاصد را در ضمنِ تمثیلات و تشبیہات
بطریقے روشن می کنند کہ مدعاے ایشان در نظرِ سامعین

اور کبھی اشعار مناسب حال پڑھکر رو براہ کرتے ہیں کبھی عبرتاً
کوئی مثل یا فسانہ سنا کر اُن کے کان کھول دیتے ہیں کبھی
نہایت نرمی سے اُنکے سامنے بولتے ہیں اور ایسے ہی جس وقت
یہ حضرات اُن کو کوئی اچھا عمل خلافِ طریق پر کرتے ہوے
دیکھتے ہین اُن کو اس معنی پر بہ طریقِ مذکورہ آگاہ کرتے ہیں یا
اُسی عمل کو بہ طریقِ احسن اُس کے روبرو تعلیماً خود بجالاتے ہیں
قصہ کوتاہ اُن کے کلام کے اقسام بہت ہیں یہ قسم کلام بھی اُنہیں سے
ہی خیال کرنا چاہیے پس ان حضرات سے دعوت اسی طریق پر ظاہر
ہوتی ہے نہ مدرسانِ مدارس کے طور پر کہ علم پڑھانے کے واسطے
ایک وقت معین کرتے ہیں اور اُسی وقت کسی جا بیٹھکر مسائلِ
طہارت اور احکامِ زکوٰۃ وغیرہ تعلیم فرماتے ہیں خواہ وہ مسائل واقعی
ہوں یا فرضی ایک ایک مسلسل سمجھاتے ہیں سو یہ دانش آموزوں کا
طریق ہے تربیت کرنے والوں کی روش ایسی نہیں ہوتی -
الحاصل ان کی دعوت کا نفع ان کے فیض صحبت کے
مربوط ہے اور انتفاع کامل ان کے طول ملازمت کے
باعث ان کے کلام سے مخلوط ہے ۔ تعمق کتاب اور
تکلف خطاب بہت کم ان کی ذات سے ثابت ہوتا ہے
بلکہ شان اُمیت ان پر غالب ہوتی ہے اور نشانِ
تکلف مغلوب سادگی ان کی نظر میں محبوب ہوتی
ہے اور بے تکلفی مرغوب اور یہ بھی واضح ہو کہ ان کی
دعوت اکثر دو طریق پر واقع ہوتی ہے اوّل بیان حکمت
دوم کلام موعظت ۔ بیان حکمت کی یہ تفصیل ہے کہ اللہ
تعالیٰ شانہٗ و عم احسانہٗ اپنی رحمت خاصہ سے اُن کو قوتِ
بیانی ایسے وجہ پر عنایت فرماتا ہے کہ مکنونِ ما فی الضمیر کو
اس طور پر ادا کرتے ہیں اور اُس کو دلائل اور شواہد کے
ساتھ اس وضع پر ظاہر کرتے ہیں اور غوامض (باریکی) مقاصد کو
ضمن تمثیلات اور تشبیہات میں ایسے طریق پر
روشن کرتے ہیں کہ اُن کا مدعا سامعین کی نظر میں

حکمت

چندان پیدا وہویدا می گردد کہ گویا معنی معقول بصورت
محسوس متمثل شدہ پیش روے مستمعین حاضر می شود وصورت
آن موبمو بر صفحۂ خیال ایشان منقش می گردد حتی کہ از تہ دل
ہر مستمع گواہی بحقیقت آن سر میزند و اطمینان بصدق
آن در وجدان ہر سلیم الوجدان فرو می رود و عقل ہر صاحب
عقل پسندی می کند و فکر ہر صاحب فکر بہمان سمت بلندی می پرد
اگرچہ بسیارے از مستمعین بسینہ زوری آن را اختیار نہ کنند و از
زبان خود بسبب تعصب بہ آن اقرار نہ نمایند اما در دل
می دانند کہ حق بجانب ایشان ست وتبختر و تکبر بجانب
اینان کما قال اللہ تعالیٰ وَجَحَدُوا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَا
أَنفُسُهُمْ ظُلْمًا وَعُلُوًّا اھ و اما کلام موعظت پس بیانش آنکہ
در اکثر احیان بنا بر بیدار کردن غافلان و آگاہ کردن جاہلان
وچالاک کردن سست ہمتان کلام شوق آمیز و وجد انگیز
از جنس بیان محبت الٰہی یا ذکر وسعت رحمت و شدت
غضب یا بیان معاملات راز و نیاز کہ فیما بین او تعالیٰ[1]
بندگان او تعالیٰ مشخص گردیدہ یا ذکر تقلب ایام و احوال اسلاف
و اخلاف یا تفصیل معاملات تعذیب و تنعیم کہ در ایام گزشتہ
یا در ایام پیوستہ خواہد گزشت از احوال برزخ و حشر و نشر و جنت
و نار و امثال ذلک بیان می فرمایند تا در باطن مستمعین شورشے
پیدا شود و در خواطر ایشان جوششے ہویدا گردد کہ از قسوت
قلبی زائل گردد و رقتے در دل حاصل شود و ہر چند امثال این
کلمات از واعظان ہر زمان صادر می گردد اما واعظ را
ہمین قدر مقصود مے باشد کہ گریہ ہاے جان سوز و نعرہ ہاے
جگر دوز بہ بوجد و اضطراب و حالت پیچ و تاب در حاضران مجلس
حادث گردد و انبیاء علیہم السلام را ہمین قدر مقصود نمی شود

اس قدر پیدا اور ہویدا ہوتا ہے کہ گویا معانی معقولہ صور محسوسہ کے
رنگ میں سامعین کے روبرو حاضر ہو کر جلوہ ظہور دکھاتے
ہیں پردۂ معانی موبمو اُن کے صفحۂ خیال نقش پذیر ہو جاتے ہیں
یہانتک کہ ہر سامع اُنکی حقیقت پر واقف ہو کر صدق دل سے اُنکی
واقفیت کی شہادت دیتا ہے اور اطمینان قلبی ہر سلیم الوجدان کو
اُس سے حاصل ہوتی ہے اور ہر صاحب عقل کی عقل اُن کو پسند کرتی
ہے اور ہر صاحب فکر کا فکر اُن کی جانب بلند پروازی کرتا ہے اگرچہ
بہت سے سامعین اپنی سینہ زوری اور بے انصافی سے اختیار
نہ کریں اور تعصب کی باعث اپنی زبان سے اقرار نہ کریں لیکن
دل میں جانتے ہیں کہ حق اُنکی جانب ہے اور تبختر اور تکبروں کی جانب
جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (ترجمہ اور انکار کیا اُنھوں نے اُسکا
اور یقین کیا اُنکی جانوں نے ظلم اور تکبر سے انکار کیا) لیکن کلام
موعظت پس اُسکا بیان یہ ہے کہ اکثر اوقات میں غافلوں کے بیدار کرنے اور
جاہلوں کے ہوشیار کرنے اور سست ہمتوں کے چالاک کرنے اور
ناپاکوں کے پاک کرنے میں طرح طرح کی نصیحت فرماتے ہیں اور کلام
شوق آمیز اور وجد انگیز کہ جو بیان محبت الٰہی اور ذکر وسعت رحمت و
شدت غضب اور بیان معاملات راز و نیاز اور ذکر گردش
زمانہ اور تفصیل معاملات رنج و راحت اور احوال برزخ و قیامت
اور کیفیت بہشت و دوزخ وغیرہ کو شامل ہو سُناتے ہیں
تاکہ سامعین کے دل میں ایک قسم کی سوزش پیدا ہو اور اُنکی
خاطر میں ایک طرح کا جوش ہویدا ہو جس سے دل کی سختی اور
سیاہی زائل ہو اور اعلیٰ درجہ کی رقت حاصل ہو ہر چند کہ
اس قسم کے کلمات ہر زمانہ کے واعظین کے زبان سے صادر
ہوتے ہیں لیکن اُن کو وعظ و نصائح سے یہی غرض ہوتی
ہے کہ گریہ ہائے جاں سوز اور نعرہ ہائے جگر دوز اور بہ
سبب وجد و اضطراب اور حالت پیچ و تاب حاضرین مجلس
سے پیدا ہوئی اور انبیاء علیہم السلام کو اس سے یہ غرض نہیں

[1] کہ فیما بین او تعالیٰ و بندگان او تعالیٰ مشخص گردیدہ ۱۲ منہ

بلکہ مقصود ایشان آن ست کہ ورود این حال وسیلۂ رسوخ ایشان
در مقام اطاعت و انقیاد و امتثال احکام رب العباد گردد
و باعث تہذیب اخلاق و صلاح اعمال ایشان شود و این را
موعظۂ حسنہ می گویند و گاہ گاہ ایشان در مقام دعوت طریق
ثالث ہم استعمال می فرمایند و آن جدل ست بیانش آنکہ
گاہے مجادل معاند را بلطیفۂ عام فہم و نکتۂ ظریف پسند ساکت و
ملزم می فرمایند گو کہ اصل حقیقت بہ آن منکشف نگردد کما
قال اللہ تعالیٰ اَلَکُمُ الذَّکَرُ وَلَہُ الْاُنْثٰی تِلْکَ اِذًا قِسْمَۃٌ
ضِیْزٰی ہر چند نسبت مطلق ولد خواہ ذکر باشد خواہ انثیٰ
بہ جناب او تعالیٰ سراسر باطل و محال ست فاما از بسکہ مخالفین
برائے او تعالیٰ بنات ثابت می کردند و برائے خود بنین آرزو
می داشتند بنا علیہ بہ این لطیفہ مخاطب شدند ہر چند اکثر
ظرفا این فن جدل را در مابین خود نہایت استعمال می کنند
لکن در ان یک مضرتے ہم ہست و آن این ست کہ ظریف
را در حال لطیفہ گوئی و نکتہ سنجی پاس دین و ایمان و مراعات
آئین ادب باقی نمی ماند بلکہ ہر لطیفہ کہ مناسب حال می بیند
بلا تکلف آن را بر زبان می راند و این را عین کمال خود
می داند و این ہرگز طریقہ انبیاء علیہم السلام نیست بلکہ
مقصود ایشان ہمین می باشد کہ باوجود حفاظت دین و
رعایت ادب معاندین دین را اسکات می فرمایند و بس و
این را جدال حسنہ می گویند انبیاء بہ استعمال این ہر سہ
طریق مامور اند کما قال اللہ تعالیٰ اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ
رَبِّکَ بِالْحِکْمَۃِ وَالْمَوْعِظَۃِ الْحَسَنَۃِ وَجَادِلْھُمْ بِالَّتِیْ ھِیَ اَحْسَنُ
و از بسکہ جدل فی الحقیقت از جنس دعوت الی الحق نیست
لکن از لواحق و توابع اوست بنا علیہ این را علیحدہ فرمودند

بلکہ انکا مقصود اصلی وعظ و نصیحت سے یہ ہے کہ بندگان خدا کو مقام اطاعت
اور فرماں برداری میں رسوخ حاصل ہو اور تہذیب اخلاق اور صلاح
اعمال بدرجہ کامل ہو اسی کا نام موعظۂ حسنہ ہے اور کبھی کبھی حضرات
مقام دعوت میں طریق ثالث کا بھی استعمال فرماتے ہیں جس کو
جدال کہتے ہیں اور بیان اُس کا یہ ہے کہ کبھی مجادل معاند یعنی دشمن
کو لطیفہ عام فہم اور نکتہ ظریف پسند کے ساتھ ساکت اور ملزم فرماتے
ہیں اگرچہ اصل حقیقت اس سے منکشف اور ظاہر نہوئی
چنانچہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ کیا تمہارے واسطے بیٹے
ہیں اور اُس کے واسطے بیٹیاں تو یہ بانٹنا بھونڈا ہے) ہرچند
نسبت مطلق ولد خواہ مذکر ہو یا مؤنث جناب باری کی
طرف کرنا سراسر باطل اور محال ہے لیکن از بسکہ مخالفین اُس
ذات پاک کے واسطے لڑکیاں ثابت کرتے تھے اور اسی واسطے
لڑکوں کی آرزو رکھتے تھے بنا علیہ اس لطیفہ کے ساتھ اُن کی
طرف خطاب ہوا۔ اگرچہ اکثر ظریف لوگ اس فن جدل کو
باہم بدرجہ کمال استعمال کرتے ہیں لیکن اُس میں ایک قسم
کی مضرت بھی جس کا بیان یہ ہے کہ ظریف کو لطیفہ گوئی اور نکتہ
سنجی کی صورت میں دین و ایمان کا پاس اور آئین ادب کا
لحاظ باقی نہیں رہتا ہے بلکہ جس لطیفہ کو کہ مناسب حال
اور موافق قال خیال میں لاتا ہے بلا تکلف زبان پر چلاتا ہے
اور اس کو عین کمال جانتا ہے اور یہ ہرگز طریقہ انبیاء علیہم السلام
نہیں بلکہ مقصود اُن کا یہی ہوتا ہے کہ دین کی حفاظت
اور ادب کی رعایت بھی ہاتھ سے نجائے اور دشمن دین بھی سکوت
میں آئے اسی کو جدال حسنہ کہتے ہیں انبیاء علیہم السلام کو ان
طریقے کے استعمال کا حکم ہوا جیسا کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے
(ترجمہ بلا اپنے پروردگار کی راہ کی طرف تدبیر سے اور اچھی نصیحت سے
اور جھگڑ اُنسے اُس طرح سے کہ وہ اچھی ہے) اور از بسکہ جدل فی
الحقیقت جنس دعوت الی الحق سے نہیں لیکن اُس کے
لواحق سے ضرور ہے نظر بر آں اس کا ذکر علیحدہ فرمایا

جدال

و در تحت دعوت داخل نمودند و این ہر سہ را بہ این وضع
در یک سلک نہ کشیدند ادع الی سبیل ربک بالحکمۃ والموعظۃ
الحسنۃ والجدال الحسن۔ اما امتیاز در میان این طریق و ہر دو
طریق اول واضح گردید **تنبیہ خامس در بیانِ سیاست**
باید دانست کہ سیاست درین مقام عبارت ست از بندگانِ
الٰہی بر قانونِ اصلاح معاش و معاد بطریق امامت و حکومت
پس مقصود از سیاست اصلاح ایشان ست بحکمرانی خود و نفع رسانی
ایشان در معاش و معاد نہ تحصیل منفعتے برائے ذاتِ خود بہ استخدام
ایشان تفصیلش آنکہ سیاست بدو وجہ متعدی میشود اول سیاست
مربیانہ دوم سیاست امیرانہ مثلاً شخصے می خواہد کہ طفلے
را ہنرے و ادبے تعلیم نماید و او را بہ وجہے مہذب و مؤدب
گرداند کہ استعداد انسلاک در سلکِ سپاہیانِ سخت
معاش و جفاکش کہ دشت نوردی و کوہ گردی کار ایشان ست
و قطع منازلِ دور دست و طے مراحل بالا و پست بے
نان و آب و بے استراحت و خواب در شدتِ تمازتِ
آفتاب شعار ایشان ست حاصل نماید و لیاقتِ ملازمتِ
بادشاہی کہ موقوف بر یاد گرفتن طریقِ بجا آوردن آدابِ
تعظیماتِ آن بادشاہ ست و بر خو گرفتن ہیئتِ تعظیم کہ عبارت
از دست بستہ ایستادن تا مدتے سرنگون و خاموش ست
بدست آرد لابد او را مامور می فرماید کہ خدمتِ اسپ من
بکن کاہ برائے او بیار و بہ وقتِ حاجت او را دانہ و آب بدہ
و مالش بکن و زین بہ این طریق بنہ و لگام بہ این وضع بدہ
در رکاب این قدر دراز بکن و امثالِ آن ہمچنین میفرماید کہ
روبروے من تسلیمات و تعظیمات بہ این طریق ادا بکن و تا مدتے
دست بستہ ایستادہ باش و سر بالا مکن و بہ نظر تیز مرا مبین و

اور تحت دعوت میں داخل نہ کیا اور تینوں کو اس وضع پر ایک سلسلہ
میں نہ کھینچا (ترجمہ بُلا اپنے رب کی طرف تدبیر اور اچھی نصیحت سے
اور جھگڑ اُنسے اچھی طرح) پس امتیاز اس طریق اور دونوں طریق گزشتہ میں
بخوبی واضح ہوئی **پانچویں تنبیہ بیانِ سیاست میں**
جاننا چاہیے کہ سیاست اس مقام میں اس بات کو کہتے ہیں کہ
بندگانِ خدا کی تربیت اور تہذیب قانونِ اصلاحِ معاش اور
آئین درستی معاد بر امامت اور حکومت کے طور پر لیے
جائے پس سیاست سے اُن کے حال کی اصلاح اور درستی
دربارہ معاش و معاد مقصود ہوتی ہے کہ ان کی حکمرانی اور اُن کی
نفع رسانی اس کا باعث ہوتی ہے اور اِن کو اُنکی خدمت سے
اپنی ذات کا کوئی نفع ملحوظ خاطر نہیں ہوتا اس کی تفصیل اس طور
سُننا چاہیے کہ سیاست دو طرح پر جاری ہوتی ہے اول سیاستِ
مربیانہ دوم سیاستِ امیرانہ مثلاً کوئی شخص چاہے کہ کسی لڑکے کو
ہنر اور ادب سکھائے اور اُسکو اس طرح پر مہذب اور مؤدب بنائے کہ
سپاہیوں کے زمرہ میں داخل ہونے کی استعداد حاصل کرے کیسے
سپاہی سخت معاش جفاکش کہ دشت نوردی اور کوہ گردی اُنکا
کام ہے بے نان و آب و بے استراحت و خواب عین تمازتِ آفتاب میں قطع
منازل دُور دست اور طے مراحل بالا و پست اُنکا شعار لا کلام ہے
اور ملازمتِ بادشاہی کی لیاقت بہم پہنچائے کہ آداب تعظیمات
کی بجا آوری کے طریق کا یاد کرنا اور تعظیم دست بستہ اور تسلیم
دو دستہ کی ہیئت کا خوگر ہونا اسکے واسطے امر لابدی ہے یہ لیاقت
اُسکو حاصل ہوتی ہے تو لابد اُسکو مامور فرماتا ہے کہ میرے گھوڑے کی خدمت
بجا لا اور گھاس اُسکے واسطے بہم پہنچا اور بوقتِ حاجت اُس کو
دانہ دے اور اُسکے پانی کی خبر لے کر مالش اس طرح پر کر زین
اس طریق پر رکھ لگام اس طرح پر دے رکاب اس قدر دراز کر
وغیرہ وغیرہ اور یہ بھی حکم کرتا ہے کہ میرے روبرو تسلیمات و
تعظیمات اس طریق پر ادا کر اور ایک مدت میرے سامنے
دست بستہ سرنگوں کھڑا رہ سر نہ اٹھا تیز نظر سے مجھکو نہ دیکھ اور

کلام عنف وبیہودہ روبروے من مکن پس وقتیکہ آن طفل
مطابق امر مربی خود بجا می آرد آن مربی اورا تحسین وآفرین
می کند والا سرزنش ونفرین می فرماید ورنجے از دست و
زبان بہ او می رساند ومقصود ازینہمہ تربیت اوست نہ
خدمت او برای ذات خود لہذا سرانجام دیگر حوائج خود
کہ دخل در تربیت او نمی دارد اورا مامور نمی فرمایند مثل
پختن طعام ودوختن جامہ وچرانیدن گاو ومحافظت
سگ کہ ہرگز این خدمات اصلا بہ او تفویض نمی کنند واورا
بسرانجام دادن این خدمات تکلیف نمی دہد پس این تربیت
را سیاست مربیانہ می گویم وشخصے باشد کہ کسے را برای
خدمت خود نوکر گیرد پس بہمین امر مذکورہ ودیگر خدمات خود
اورا مامور می سازد واگر ازو قصورے صادر می گردد اورا
تعزیرے می رساند پس چنانکہ تادیب طفل درصورت اول
بر تقدیر قصور اورا برای سد باب آوارگی او بود ہمچنین تعزیر
او درصورت ثانیہ بنابر انتقام ضرر سابق اوست بہ نسبت
امور خود وبرہم زدن خدمات او ہمچنین نظم ونسق رعایا وتادیب
برایا بنابر تربیت ایشان می باشد کہ مبادا انتظام معاملات
ایشان برہم شود وایشان بسبب بے انتظامی سرگردان وبے
سروسامان شوند یا در دنیا بغضب ملک جبار گرفتار شوند یا
در عقبی در درکات نار رسند پس ہر چیزے کہ در انتظام معاملات
معاش یا حصول نجات معاد دخلے داشتہ باشد در ہمون
مقدمہ امر ونہی بہ او متوجہ می فرمایند ودر مداہنت آن
بہ او تعزیر می رسانند وچیزے کہ بہ آن ہردو تعلق نمی دارد
بہ او تعرض نمی کنند وبنابر اظہار تحکم خود ایشان را در امور
بے فائدہ تنگ نمی کنند وہمچنین محض بنابر لقاے امتیاز خود

کلام سخت وبیہودہ میرے حضور میں نہ کر پس جس وقت وہ لڑکا
اپنے مربی کے امر کے مطابق حکم بجالاتا ہے وہ مربی اسکی تحسین اور
آفرین کرتا ہے ورنہ سرزنش اور نفرین فرماتا ہے اور ایک طرح کا
رنج ہاتھ اور زبان سے اسکو پہنچاتا ہے اور ان سب باتوں سے
اسی کی تربیت مقصود ہوتی ہے اپنی ذات کے واسطے کوئی
نفع اس کی خدمت سے نہیں چاہتا لہذا حوائج دیگر کا سرانجام
کہ اس کی تربیت میں اس کو مداخلت نہیں کراتا جیسے کھانا
پکوانا اور کپڑے سلوانا گاؤ کا چروانا کتے کی محافظت کرانا
کہ ہرگز یہ خدمات اس کو تفویض نہیں کرتا ہے اور اس کو ان
خدمتوں کے سرانجام کرنے کی تکلیف نہیں دیتا ہے سو اس
تربیت کو سیاست مربیانہ کہتا ہوں ہیں اور بعض شخص کا یہ
حال ہے کہ کسی کو اپنی خدمت کے واسطے نوکر کرے پس امر مذکورہ
اور دوسری خدمتوں کے واسطے اسکو مامور فرمائے اگر کوئی قصور اس سے
ظہور میں آئے اسکو تعزیر پہنچائے پس جیسے کہ تادیب طفل صورت
اول میں بر تقدیر تقصیر سد باب آوارگی ہوتی ہے ایسی ہی تعزیر اسکی
صورت ثانیہ میں اسکے ضرر سابق کے انتقام کی بنا پر ہے کہ بہ نسبت
امور مرجوعہ اور برہم زنی خدمات اس سے ظہور میں آنا علی ہذا القیاس
رعایا کا بندوبست اور انتظام اور برایا کی تادیب کا اہتمام انکی تربیت
کی بنا پر ہوتا ہے کہ مبادا انکے معاملات کا انتظام برہم ہووے اور وہ بے
انتظامی کے باعث سرگردان اور بے سروسامان ہووین یا دنیا میں
بادشاہ جبار کے غصہ میں گرفتار اور حیران ہوں یا قیامت کو طبقات
جہنم میں پہنچیں پس جس چیز کو معاملات معاش کے انتظام یا
نجات معاد کے حصول میں داخل ہو اسی مقدمہ میں امر ونہی اسکی
طرف متوجہ فرماتے ہیں اور اسکی سستی اور مداہنت میں اسکو تعزیر
اور ایذا پہنچاتے ہیں اور جو چیز کہ ان دونوں کے
ساتھ تعلق نہیں رکھتے اس سے بحث نہیں کرتے اور اپنے
حکم اور سیاست کے ظاہر کرنے کے واسطے انکو ہو رہے فائدہ میں
تنگ اور مجبور نہیں کرتے اور ایسے ہی محض اپنی بقاء امتیاز کے لیے

ایشان را از تشبیہ بخود در لباس و طعام و زی و کلام
ممانعت نمی کنند و از مساوات خود در نشستن و برخاستن و
گفتن و شنفتن وسائر عادات و معاملات کہ مضر در حق
ایشان در معاش و معاد نباشد باز نمیدارند مدبہ امورِ
تربیت حتی المقدور طریقے از طرقِ ہدایت کہ سابق مذکور
گردید از دست نمی دہند اگر حصولِ تربیت بہ طریقِ
ہدایت متعذر می نماید ہمان وقت بسیاست نوبت
می رسانند و ترغیب در سیاستِ ایشان اغلب میباشد
از زجر و لطف اظہر می باشد از قہر اول آئینِ سیاست
را بر جانِ خود قبول می نمایند بعد ازان ایشان را طوعاً
یا کرہاً بسوے آن می کشند و این را سیاست ایمانی
می گوئیم و گاہے بنا بر جلبِ منفعتے برائے ذاتِ خود باشد
بحکوم کردن ایشان مثلاً فراہم کردن خزانہ بیشمار بنا بر
حصول معنی تکلف در طعام و لباس و عمارت و سلاح
و غیر ذالک یا برائے تحصیل معنی بادشاہت و فرمانروائی
سلطنت و کشورکشائی برائے ذاتِ خود یا بنا بر جمع آوری
لشکر جرار خونخوار یا بنا بر زیر و زبر کردن مخالف خود یا بنا بر مجرد
حصول امتیاز در مابین بنی نوع خود بہ زیادتِ عزت و
مکنت و امثالِ ذالک پس مقصود ایشان از سیاستِ
افرادِ انسان مجرد اصلاح حال ایشان نیست بلکہ اصل مقصود
ہمین ست کہ ایشان اطاعت و رفاقت اختیار کنند تا
بہ اعانتِ ایشان اغراض نفسانیہ خود بدست آید پس حالِ
این سیاست در امور مذکورۃ الصدر عکس حال سیاست اول
باشد و این را سیاست سلطانی می گوئیم پس مقصود درین
مقام یعنی در مقام ذکر کمالات انبیاء علیہم السلام ہمان سیاست

تشبیہ لباس و طعام وغیرہ سے اُن کو مانع نہیں ہوتے اور اُٹھنے
اور بیٹھنے اور کہنے اور سننے اور تمام عادات اور معاملات میں
بشرطیکہ ان کے حق میں معاش اور معاد میں مضر نہو
مساوات سے باز نہیں رکھتے حتی المقدور امور تربیت میں
کوئی طریقہ طرقِ ہدایت سے کہ جنکا ذکر پہلے ہوچکا ہاتھ سے
نہیں دیتے اگر حصولِ تربیت بطور ہدایت متعذر معلوم
ہوئی اُسی وقت سیاست کی نوبت پہنچاتے ہیں۔
اُن کی سیاست کی صورت میں اُن کی ترغیب اُن کی
زجر و توبیخ سے بڑھکر ہوتی ہے اور لطف و مہربانی قہر اور
غضب سے اظہر ہوتی ہے اول آئینِ سیاست کو اپنی جان
پر قبول کرتے ہیں اور اُس کے بعد طوعاً یا کرہاً انکو اُسکی
طرف کھینچتے ہیں اور اس کو ہم سیاستِ ایمانی کہتے ہیں
اور کبھی اُن کے محکوم کرنے کے ساتھ اپنی ذات کے نفع
حاصل کرنے کے واسطے ہوئی مثلاً خزانہ بیشمار کا جمع کرنا
جس سے طعام اور لباس اور عمارت اور ہتیار وغیرہ
میں تکلف کے معنی حاصل ہویں یا بادشاہت اور
فرمان روائی اور کشورکشائی کے معنی کا حصول ان کی
ذات کے واسطے ہوئی یا دشمن ناہنجار کے زیر و زبر کرنے
کے واسطے لشکر جرار خونخوار کی جمع آوری مقصود ہوئی یا
زیادتی عزت اور تمکنت کے ساتھ اپنے ہی نوع اور ہمجنسوں
میں محض حصول امتیاز کا خیال ہوا مداس کے سوا اور
بھی بہت امور ہیں جو فراہمی خزانہ کا باعث ہوتے ہیں
پس مقصود اُن کا سیاستِ افراد انسان سے مجرد انکے حال کی
اصلاح نہیں بلکہ اصل مقصود یہی ہے کہ وہ لوگ اطاعت اور رفاقت
اختیار کریں تاکہ اُن کی مدد اور اعانت کے ساتھ اپنے اغراض
نفسانیہ حاصل ہوئیں سو امور مذکورۃ الصدر میں اس سیاست کا
حال سیاست اول کے برعکس ہے اور ہم اسکو سیاست سلطانی کہتے ہیں
پس مقصود اس مقام میں یعنی مقام ذکر کمالات انبیاء علیہم السلام میں وہی سیاست

ایمانی ست نہ سیاستِ سلطانی پس میگویم کہ سیاستِ ایمانی دو قسم ست اول آنکہ سیاست بنابر انتظام اصلاحِ معاملات معاشیہ بنی آدم و بنابرِ انتظام صورت اجمالیہ ایشان باشد و آن را سیاست مدنی می گویم مثل احکامِ معاملات از بیع و شرا و شراکت و احکامِ قضا و دعوی و شہادت و یمین و امثال ذلک و قسم ثانی آنکہ بنابر پاسداری دین و خدمت گزاری ملت باشد مثل قتلِ کفار و اہانت مبتدعین و الزام جزیہ و خراج بر ذمہ ذمیین و امثال ذلک و این را سیاستِ ملت می گویم و ہر یک ازین دو قسم بر دو قسم ست اول آنکہ سیاست در بعضے افعال جاری شود کہ فلان فعل را از ایشان مطلوب ست و فلان ممنوع و این را سیاست افعالی گویم و قسم ثانی آنکہ سیاست جاری شود در بابِ انفاقِ اموال یعنی این قدر مال در بیت المال باید رسانید تا ستہ باب حوائج بنی آدم باور کردہ شود یا در خدمت گزاری دین و ملت صرف گردد و این را سیاستِ اموالی می گویم پس گویا کہ سیاست ایمانی چہار قسم شد سیاست مدنی افعالی و سیاستِ مدنی اموالی و سیاستِ ملت افعالی و سیاستِ ملتِ اموالی پس پارہ ازین ہر چہارگانہ درین جا مذکور می نمایم تا نمونہ باشد ازین پس می گویم قسم اول تعین احکام معاملات ست کہ فیمابین بنی آدم جاری و ساری ست مثل تعین احکام نکاح بتبیین ارکان و شروط و لوازمِ آن مثل ایجاب قبول و حضور شہود و وجوب مہر و امثالِ آن و ہمچنین احکامِ طلاق و عتاق و نسب و لادت و حضانت و وراثت و نفقات ذوی الحقوق و احکام بیع و شرا و قمار و ربا و احکام تجارت و شرکت و اجارہ و عاریت و مضاربت

ایمانی ہے نہ سیاست سلطانی پس کہتا ہوں میں کہ سیاستِ ایمانی دو قسم پر ہے اول سیاست یہ ہے کہ معاملات معاشیہ بنی آدم کے اصلاح کا انتظام اور اُن کی صورت اجمالیہ کا اہتمام اُس کے ساتھ متعلق ہے اور اس کو سیاست مدنی کہتے ہیں مثل احکامِ معاملات بیع و شرا و شرکت و احکامِ قضا و دعوی و شہادت وغیرہ اور قسم ثانی یہ ہے کہ اُس کا حصول پاسداری دین اور خدمت گزاری ملت کے واسطے ہوئی مثل قتل کفار و اہانت مبتدعین والزام جزیہ و خراج بہ ذمہ ذمیین وغیرہ اور اس کو سیاستِ ملت کہتے ہیں الخ پھر یہ دونوں قسم دو قسم پر منقسم ہیں اول یہ کہ سیاست بعضے افعال میں جاری ہوئی کہ فلاں فعل اُن سے مطلوب ہے اور فلاں ممنوع اور اس کو سیاست افعال کہتے ہیں اور قسم ثانی یہ ہے کہ سیاست در باب انفاق اموال جاری ہوں یعنی اس قدر مال بیت المال میں پہنچانا چاہیے تا بنی آدم کے حوائج کا باب اُس کے ساتھ مسدود کیا جاوے یا خدمت گزاری دین اور ملت میں صرف ہووے اور اس کو سیاست اموال کہتے ہیں پس گویا کہ سیاستِ ایمانی کی چار قسمیں ہوئیں سیاستِ مدنی افعالی سیاستِ مدنی اموالی سیاستِ ملتِ افعالی سیاستِ ملتِ اموالی اب کسی قدر ان چاروں قسموں سے بطور نمونہ اس مقام پر بیان کرتا ہوں میں کہ قسم اول اُن معاملات کے احکام کے تعین کے واسطے ہی جو فیمابین بنی آدم جاری اور ساری ہیں مثلِ تعین احکامِ نکاح مع بیانِ ارکان و شروط و لوازم مثل ایجاب و قبول و حضورِ شہود و وجوب مہر وغیرہ اور ایسے ہی احکامِ طلاق و عتاق و نسب و ولادت و حضانت و وراثت و نفقات ذوی الحقوق اور احکام بیع و شرا و ربا اور احکامِ تجارت و شراکت و اجارہ و عاریت و مضاربت

ومضارعت وقضا وشهادت ودعوی وانکار واقرار و
احکام یمین ونکول واحکام شفعه واحکام جنایات واحکام
غصب واحکام حدود وتعزیرات واحکام بغی وخروج
واما قسم ثانی پس به بیان طریق تحصیل مال در بیت المال و
طریق انفاق آن مثل اخذ زکوٰۃ نقود ومال تجارت وسوائم و
تعیین عشر بر اراضی وبیان مقادیر آن وتعیین نصاب
آن وبیان مصارف آن اما قسم ثالث پس به بیان طریق
حفاظت ملت حقه از تغییر وبیان طرق تائید آن واہانت
ملت باطله وطریق استیصال آن مثل بیان احکام جهاد و
هدم بنا کفر وابطال رسوم جاهلیت واستیصال اقسام بدعت
وممانعت از شیوع فواحش وظهور فسق وسد ابواب لهو
لعب وامثال آن وتاکید بر تعمیر مساجد وترمیم معابد و
اقامت جمعه واعیاد ونصب ائمه ومؤذنین وقضاة و
محتسبین وامثال ذلک واما قسم رابع پس به بیان
احکام غنایم وتعیین خمس در آن ووضع جزیه وخراج
امثال ذلک چون اقسام سیاست ایمانی مجملاً مذکور شد
پس باید دانست که مطلق سیاست ایمانی خواه عمالی
باشد خواه اموالی خواه سیاست مدنیه باشد خواه سیاست
ملت به تمام وکمال نمی رسد مگر بچند سلیقه که یا خود صاحب سیاست
به آن همه موصوف باشد یا ارباب آن تدابیر را بحضور خود
فراهم آرد وایشان را تابعان خود سازد وهرچند این سلیقه ها
بسیار است اما اصول آن پنج ست فراست وامارت وعدالت
وحفاظت ونظامت اما فراست پس عبارت ست از
مردم شناسی که از قرائن عالیه ومقالیه از رفتار وگفتار صادق
را از بدخواه ومطلع را از مخلص وخائن را از امین وپست همت

ومضارعت وقضا وشہادت ودعوی وانکار واقرار اور
احکام قسم اور انکار اور احکام شفعہ اور احکام جنایات اور
احکام غصب اور احکام حدود وتعزیرات اور احکام بغاوت و
فساد وغیرہ لیکن قسم ثانی پس بیان اُس کا یہ ہے کہ بیت المال
میں مال کے تحصیل کا کیا طریق ہے اور اُسکے انفاق کی کیا صورت
ہے اور نقود اور مال تجارت اور سوائم کی زکوٰۃ کیونکر لے اور اراضی
پر عشر وغیرہ کا تعین کس طرح پر ہے اور اُسکے مقادیر کا بیان اور اُسکے نصاب
کی تعیین اور اسکے مصارف کا ذکر وغیرہ وغیرہ یہ دوسری قسم میں شامل
ہے قسم ثالث کے بیان کو شامل ہے بیان طریق حفاظت ملت حقہ از
تغییر اور بیان طرق تائید مذہب اور اہانت ملت باطلہ
اور اُسکے استیصال کا طریق مثل بیان احکام جہاد وہدم بنا کفر و
ابطال رسوم جاہلیت وبیخ کنی اقسام بدعت ممانعت از شیوع فواحش و
ظہور فسق وسد ابواب لہو ولعب وامثال ذالک اور تاکید تعمیر مساجد
اور ترمیم معابد اور اقامت جمعہ اور عیدین اور نصب ائمہ و
مؤذنین اور اقامت قضاۃ ومحتسبین وغیرہ وغیرہ اور
قسم رابع بیان احکام غنائم اور تعیین خمس اور وضع جزیہ و
خراج وغیرہ کو حاوی ہے جب کہ سیاست ایمانی کے اقسام
مجملاً مذکور ہوئے تو معلوم کرنا چاہیئے کہ مطلق سیاست ایمانی خواہ
اعمالی ہو خواہ اموالی خواہ سیاست مدنیہ ہو خواہ سیاست ملت
چند طریقہ اور سلیقہ کے ساتھ کمال کو پہنچتی ہے وہ سلیقے یہ ہیں
یا خود صاحب سیاست اُس تمام کے ساتھ موصوف ہو ارباب
تدابیر کو اپنے حضور میں حاضر لاوے اور اُن کو اپنا تابع بناوے
ہر چند یہ سلیقے بہت ہیں لیکن اصول اس کے پانچ ہیں
فراست۔ امارت۔ عدالت۔ حفاظت۔ نظامت۔
فراست مردم شناسی کو کہتے ہیں کہ قرائن عالیہ اور مقالیہ اور
رفتار اور گفتار کی باعث صادق کو منافق سے تمیز کر سکے
اور خیرخواہ اور بدخواہ میں فرق معلوم کرے اور طماع کو مخلص سے
اور خائن کو امین سے اور پست ہمت اور تنگ حوصلہ کو بلند ہمت

وتنگ حوصلہ را از بلند ہمت و فراخ حوصلہ و عقل و گیاست
ہر کس را بمیزانِ فراستِ خود بسنجد کہ کدام کس لائقِ کدام خدمت
است و کدام کس لائقِ کدام منصب و امّا امارت پس عبارت
است از سلیقہ لشکر کشی و دشمن کشی و تدبیرِ صلح و جنگ و معرکہ
آرائی و عربدہ پیرائی و کسرِ شوکتِ مخالف خواہ مخالف
ہیئتِ اجتماعیہ مسلمین باشد مثل اہلِ بغی و خروج قطاع الطریق
خواہ مخالفِ ملتِ ایشان باشد مثل کفار و جنودِ ایشان پس
لابد قدر شناس اربابِ شجاعت و شہامت باشد و اصحابِ
صولت و سطوت بہ وجہے جرأت و استقامت داشتہ
باشد کہ بزدل موافق را پُردل گرداند و پُردل مخالف را بزدل
امّا عدالت پس عبارت ست از سلیقہ فصلِ خصومات کہ
درمیان بنی آدم در معاملات واقع می شود پس لابد خدا شناس
و تابعِ قانونِ عدل و انصاف باشد نہ پاسدارِ غنی و فقیر و
وضیع و شریف و قریب و بعید و دوست و دشمن کہ این ہمہ را
در بابِ انصاف و عدالت بہ یک نگاہ بیند و از طرفِ این ہمہ
درین مقدمہ پہلو تہی کند و نیز صاحبِ گیاست و درایت باشد کہ
از وضعِ چشم و رد و از طریقۂ کلام و گفتگوے محق را از مبطل
تمیز نماید و راستباز را از سخن ساز و سادہ لوح را از حیلہ باز و نیز
محنت کش باشد و فراخ حوصلہ نہ مساہل نازک طبع کہ از تفحصِ
حق بسببِ تکاسل فرو ماند و از قیل و قالِ اہلِ خصومات
دل تنگ شود و امّا حفاظت پس عبارت ست از سلیقۂ سدِ ابوابِ
فسق و فجور و تعدی و جور و افسادِ مفسدین و رخنہ اندازی ملحدین
و مبتدعین پس لابد دانشور و دلیر و صاحبِ حمیتِ اسلامی
و غیرتِ ایمانی و خیرخواہِ صالحین و بدخواہِ مفسدین باشد تا
مانع شود از زنا و شربِ خمر و قمار بازی و مزامیر نوازی برہم زند

اور تنگ حوصلہ کو بلند ہمت اور فراخ حوصلہ سے فیصل کرے اور
ہر کسی کی عقل و دانائی کو میزانِ فراست میں تولے کہ کون آدمی
کس خدمت کے لائق ہے اور کون شخص کس منصب کا مستحق ہے
لیکن امارت پس وہ عبارت ہے سلیقہ لشکر کشی اور دشمن کشی اور تدبیر
صلح و جنگ اور معرکہ آرائی اور عربدہ پیرائی اور کسرِ شوکت مخالفت
سے خواہ مخالف ہیئت اجتماعیہ مسلمین ہو مثل اہل بغی و خروج
وقطاع الطریق خواہ مخالفِ ملت ہو مثل کفار و جنود کفار پس لابد ضرور
قدر شناسِ اربابِ شجاعت و شہامت ہو اور قدر دانِ اصحابِ
صولت و سطوت اسی وجہ پر جرأت اور استقامت رکھتا ہو کہ
بزدل موافق پُردل کرے اور پُردل مخالف کو بزدل بنائے
اور عدالت سلیقہ فصل خصومات سے مراد ہے کہ فیما بین بنی آدم
معاملات میں واقع ہوئی پس لابد خدا شناس اور تابع قانونِ
عدل و انصاف ہوے اور کسی کی پاسداری اور رعایت کو
خیال میں نہ لائے خواہ کوئی غنی ہو یا فقیر وضیع ہو یا شریف قریب ہو
یا بعید دوست ہو یا دشمن بلکہ ان سب کو مقدمہ انصاف و
عدالت میں ایک نظر سے دیکھے اور ان سب کی طرف سے
اس معاملہ میں پہلو تہی کرے اور بھی صاحبِ گیاست[1] اور
درایت[2] ہو کہ وضع چشم اور رد اور طریقۂ کلام اور گفتگوے
محق[3] کو مبطل[4] سے تمیز کرے اور راستباز کو سخن ساز اور
سادہ لوح کو حیلہ باز سے جدا فرمائے اور محنت کش اور فراخ حوصلہ
بھی ہو نہ مساہل نازک طبع کہ تلاش حق سے تکاسل کے
سبب عاجز رہے اور اہل خصومات کی قیل و قال سے دل تنگ
ہوے لیکن حفاظت پس عبارت ہے سلیقہ سد ابواب فسق و
فجور اور تعدی اور جور و فساد مفسدین اور رخنہ اندازی ملحدین و
مبتدعین سے پس لابد دانشور اور دلیر اور صاحب حمیت اسلامی و
غیرتِ ایمانی اور خیرخواہ صالحین اور بدخواہ مفسدین ہوے تاکہ
زنا اور شرب خمر اور قمار بازی اور مزامیر نوازی سے مانع آئے

[1] سمجھ ۱۲ [2] دانائی ۱۲ [3] حق گو ۱۲ [4] باطل گو ۱۲

و محافلِ طرب و نشاط و مجالس مزاح و انبساط را ہدم کند عمارات
مُطلّا و مذہّب را مانع شود از اختلاطِ رجال بانسوان و امارد
و از تکلف و اسراف در طعام و لباس و در رسومِ شادی و
ماتم و محفوظ دارد ضعفاء مسلمین را از گزند متعدیانِ جفاکش
خواہ بر آبروے کسے دست اندازد مثلِ قذف و سب و
دشنم و خواہ برجان کسے مثل قتل و ضرب خواہ برمال
کسے مثل سرقہ و نہب و خیانت و غصب و مانع شود
از اظہار بدعات مثل گور پرستی و رسومِ جاہلیت و اعمالِ
سحر و طلسم و تعلیمِ نجوم غیر شرعیہ و شیوعِ مذاہبِ غیرِ
اہلِ سنّت و جماعت و تقریر شبہات ملاحدہ و زنادقہ
و تشبّہ بہ کفار در زی و لباس و رفتار و گفتار و امثال
ذلک و این منصب حفاظت فی الحقیقۃ دو منصب ست
سدِّ ابوابِ ظلم و تعدی کہ صاحب آنرا عسس می گویند
سدِّ ابوابِ فسق و فجور و بدعات و منکرات کہ صاحب
آن را محتسب گویند و اما انتظام پس عبارت از سلیقہ
بند و بستِ مداخل و مخارج بیت المال است لابد صاحب
کیاست و امانت باشد تا در تحصیل مال و صرفِ آن
اصلاح حال مسلمین و خدمت گذاری دین متین پیش
نظر دارد نہ منفعتِ جاں خود و اقارب و دوستانِ خود
و نہ مضرّت مخالفان و دشمنانِ خود ہر چند مبحث سیاست
ایمانی صحرائے ست بیکران و دریائے ست بے پایان
اما آنچہ درین مقام ذکر کردہ شد ذرہ ایست ازہمون صحرا و
قطرہ ایست ازہمون دریا ہر کہ صاحبِ ذہنِ ثاقب و فکرِ
صائب ست ازہمین کلمات چند بدان مضامین پس
باریک و بلند پے تواں برد این ست فکر چندے از کمالات

اور محافلِ طرب و نشاط اور مجالس مزاح و انبساط کے
رسومات کو مٹائے اور عمارات مُطلّا[1] اور مذہّب کو گرائے اور
مردوں کو عورتوں اور امردوں کے اختلاط سے بچائے اور
کھانے اور پہننے اور رسومِ شادی و غمی میں تکلف و اسراف سے
لوگوں کو باز رکھے اور ضعفاء مسلمین کو متعدیان جفاکیش کے
ایذاؤں مثل تہمت و سب و شتم قتل و ضرب و سرقہ و
غارت و خیانت و غصب وغیرہ سے محفوظ رکھے اور اظہار
بدعات مثل گور پرستی اور رسوم جاہلیت اور اعمال سحر و
طلسم اور تعلیم نجوم غیر شرعیہ اور شیوع مذاہب غیر اہل
سنت و جماعت اور تقریر شبہات ملاحدہ و زنادقہ[2] و تشبہ[3]
بہ کفار وغیرہ سے مانع ہووے اور یہ منصب حفاظت
فی الحقیقت دو منصب کو شامل ہے ایک ظلم و تعدی کے دروازہ کا
بند کرنا کہ اسکے منتظم کو عسس اور کوتوال کہتے ہیں اور دوسرا
سدِ ابواب فسق و فجور و بدعات و منکرات کہ اس کے عامل کو
محتسب کہتے ہیں اما انتظامت پس سلیقہ بند و بست آمد و
خروج بیت المال سے عبارت ہے سو بالضرور ایسا شخص
صاحب کیاست و امارت ہو تاکہ مال کی تحصیل اور
اس کے صرف میں اصلاح حال مسلمین اور خدمت گزاری
دین متین پیش نظر رکھے اور اپنے اور دوست و اقارب
کی منفعت اور دشمن اور مخالفوں کی مضرت کا خیال
دل میں نہ لائے ہر چند کہ مبحث سیاست ایمانی ایک صحرا ہے
بیکراں اور ایک دریا ہے بے پایاں لیکن جو کچھ اس
مقام میں ذکر کیا گیا اسی صحرا کا ایک ذرہ ہے اور اسی
دریا کا ایک قطرہ ہے جس کسی کو اللہ تعالےٰ نے ذہن
ثاقب[4] اور فکر صائب[5] عطا فرمایا ہے انھیں چند کلموں سے
وہ شخص اُن مضامین عالیہ کی طرف راہ پاتا ہے یہ چند کمالات

[1] سنہری ۱۲ [2] کافر ۱۲ [3] خواہ مشابہت صورت میں ہو یا لباس میں۔ رفتار میں ہو یا گفتار میں ۱۲ [4] روشن ۱۲ [5] رسا ۱۲

انبیاء که بیانِ آن در تحقیقِ حقیقتِ امامت بکار آید و
چنان مناسب مے نماید که درین مقام نامہاے کمالات
مذکورہ بشماریم تا در مقامِ تحقیقِ حقیقتِ امامت اگر کمالے
ازین کمالات مذکور شود ناظر را در تفحصِ آن در جنس این
کلام طویل پریشانی خاطر دامن گیر نشود پس می گوئیم کہ کمالِ
اول وجاہت ست وآن سہ شعبہ است۔ محبوبیت بہ نسبت
رب العالمین و عزت در ملائکہ مقربین و سیادت بہ نسبت
عبادِ صالحین و کمالِ ثانی ولایت ست و آن را سہ شعبہ است
معاملاتِ ربانی و مقاماتِ روحانی و اخلاقِ نفسانی اما
معاملات پس چندے ازان درین مقام مذکور گردیدہ کلام
و الہام و تعلیم و تفہیم و حکمت اما مقامات پس عبودیت و
عصمت و محبت و توکل و رضا و تسلیم و خوف و رجا
و محو و فنا و صبر و شکر و تجرید و تفرید اما اخلاق پس سخاوت
و شجاعت و علوِ ہمت و وسعتِ حوصلہ و استقامت و
وفورِ رحمت و شفقت و خیر خواہی دشمنان و قدر شناسیِ
دوستان و کمالِ ثالث بعثت ست و او را صورتے ست
و حقیقتے صورتش نزولِ امر ست بہ ترتیبِ خلق اللہ و
حقیقتش حدوثِ شفقتِ کاملہ است بہ نسبت انسان در
دل کمالِ رابع ہدایت ست و آن را پنج قسم ست نزولِ برکت
و عقدِ ہمت و فیضِ صحبت و خرقِ عادت و اظہارِ دعوت
و فیضِ صحبت را ظاہر ست و حقیقتے ظاہرش حدوثِ رغبتِ
اتباع ست در قلب بسبب ملاحظہ حالِ ایشان و حقیقتِ
انعکاسِ نورِ غیبی ست از دلِ ایشان بر دلِ ہمنشینان
ایشان و اظہارِ دعوت بر طریقِ محاوراتِ عرفی ست نہ
اصطلاحاتِ کتابی و دو طریق در آن اصل ست بیانِ حکمت

انبیاء علیہم السلام کا ذکر ہے کہ بیان اُس کا تحقیق حقیقت امامت
میں کام آئے اور ایسا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس مقام میں ہم
کمالات مذکورہ کے نام بیان کریں تا مقامِ تحقیق حقیقت
امامت میں اگر کوئی کمال ان کمالات میں سے مذکور ہو
ناظر اور مطالعہ کرنے والے کو اس جیسے کلام طویل میں پریشانی
خاطر دامن گیر نہوئی نظر بریں گزارش کرتا ہوں کہ کمال اول
وجاہت ہے اور اُسکی تین شاخیں ہیں محبوبیت بہ نسبت
رب العالمین عزت بہ زمرۂ ملائکہ مقربین سیادت بہ نسبت
عباد صالحین کمال ثانی ولایت ہے اور اسکے بھی تین شعبے
ہیں معاملات ربانی مقامات روحانی اخلاق نفسانی اما
معاملات پس اُن میں سے چند معاملات کا اس مقام پر
ذکر ہوا کلام الہام تعلیم تفہیم حکمت مقامات یہ ہیں عبودیت
عصمت محبت۔ توکل رضا تسلیم خوف۔ رجا۔ محو۔ فنا صبر
شکر۔ تجرید۔ تفرید۔ اخلاق اس کا نام ہے سخاوت۔ شجاعت
علو ہمت۔ وسعت حوصلہ۔ استقامت۔ وفور رحمت
شفقت۔ خیر خواہی دشمنان۔ قدر شناسی دوستاں
کمال ثالث بعثت ہے اور اُسکے واسطے ایک صورت ہے
اور ایک حقیقت صورت اُس کی ترتیب خلق اللہ کے
واسطے امر ہے اور حقیقت اُس کی بہ نسبت انسان دل
میں شفقت کاملہ کا حادث ہونا ہے کمال رابع ہدایت
ہے اور اُس کی پانچ قسمیں ہیں نزول برکت۔ عقد
ہمت۔ فیض صحبت۔ خرق عادت۔ اظہار دعوت
فیض صحبت کے لیے بھی ایک ظاہر اور ایک حقیقت ہے
ظاہر اُسکا یہ ہے کہ اُنکے حال کے ملاحظہ کرنے سے قلب میں
اتباع اور پیروی کی رغبت ظاہر آئی اور حقیقت اُسکی یہ ہے کہ
اُنکے ہمنشینوں کے دل پر اُنکے دل سے نور غیبی کا انعکاس
جلوہ دکھائے اور اظہار دعوت طریق محاورات عرفی پر ہے نہ
اصطلاحات کتابی پر اور دو طریق اُسمیں اصل ہیں بیان حکمت

وکلامِ موعظت و طریقِ ثالث از توابع آن و آن فنِ ظرافت
است وجدل و انچہ بہ آن ہدایت می نمایند سہ چیز ست
عقائد و احکام و اخلاق۔ کمالِ خاص سیاستِ ایمانی ست
وآن بر چہار قسم ست سیاستِ مدنیہ اعمالی و اموالی و سیاستِ
ملّتِ اعمالی و اموالی وآن را پنج ملکات می باید۔ فراست
و امارت و عدالت و حفاظت و نظافت و کمال اول و
دوم و سوم و شعب و لوازم آن را کمالات می نامند و
چہارم و پنجم و اقسام و طرق آن را تکمیل می نامند **قسم ثانی**
دربیان آنکہ بعضے از اکابر اولیاء در کمالات مذکورہ بہ انبیا
علیہم الصلوٰۃ والسلام مشابہت میدارند وآن مشتمل بر دو
تنبیہ ست **تنبیہ اول** دربیان آنکہ بعضے از بندگانِ
مقبولین ہر چند منصب نبوت نمی دارند امّا از کمالاتِ
مذکورہ نصیبہ فراخورِ استعدادِ خود می دارند باید دانست کہ
دلائلِ کتاب و سنت برین معنی دلالت میدارند کہ نصیبہ
ازین کمالاتِ مذکورہ بہ دیگر بندگانِ مقبولین ہم میرسد
ہر چند آیات و احادیث کہ دلالت بر اتصاف مقبولین
باین کمالات مذکورہ می دارد اگر ہمہ را بالاستیعاب ذکر
کردہ شود و دربیان ہر ہر کمال علیحدہ علیحدہ شواہد از آیات
و احادیث گذرانیدہ شود نہایت تطویلِ کلام درین مقام
لازم آید بناءً علیہ بہ ذکر چندے از کمالاتِ مذکورہ اجمالاً کہ
عمدہ ترین آنہاست درین مقام اکتفا کردہ شد تا حال
دیگر کمالات بالاولیٰ ازآن فہمیدہ شود پس میگوئیم اما
ثبوت وجاہتِ اجتبائی مر غیر انبیاء را پس مستفاد ازین
آیہ می شود وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰكِ
وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ۝

کلامِ موعظت اور طریق ثالث اُس کی توابع میں سے ہے اور
وہ فنِ ظرافت اور جدل ہے اور تین چیزیں ہدایت کا باعث
ہیں۔ عقائد۔ احکام۔ اخلاق۔ کمالِ خاص سیاستِ ایمانی
ہے اور وہ چار قسم پر ہے سیاستِ مدنیہ اعمالی و اموالی و
سیاستِ ملتِ اعمالی و اموالی اور اسکے لیے پانچ ملکے
چاہئیں۔ فراست۔ امارت۔ عدالت۔ حفاظت۔ نظافت
اور کمال اول اور دوم اور سوم اور اُسکے شعبوں اور لوازم کو
کمالات کہتے ہیں اور چہارم اور پنجم اور اُس کے اقسام اور
طرق کو تکمیل نام رکھتے ہیں **قسم ثانی** اس بات کے بیان
میں ہے کہ بعضے از اکابر اولیاء کمالاتِ مذکورہ میں حضرات
انبیاء علیہم السلام کے ساتھ مشابہت رکھتے ہیں اور یہ دو تنبیہ پر
مشتمل ہے **تنبیہ اول** اس بات میں ہے کہ بعض
بندگانِ مقبولین ہر چند منصبِ امامت نہیں رکھتے
لیکن کمالاتِ مذکورہ سے اپنی استعداد کے موافق نصیبہ
رکھتے ہیں۔ معلوم کرنا چاہیے کہ کتاب اور سنت کے
دلائل اس معنی پر دال ہیں کہ ان کمالاتِ مذکورہ سے
دوسرے بندگان مقبولین کو بھی حصہ پہنچتا ہے جس قدر
کہ آیات اور احادیث ان مقبولین کی شان میں ان کمالات
مذکورہ کے اتصاف پر دال ہیں اگر سب کا باستیعاب
ذکر کیا جاوے اور ہر ہر کمال کے بیان میں علیحدہ
علیحدہ شواہد اور نظیریں آیات اور احادیث سے گزاری
جائیں نہایت تطویل کلام اس مقام میں لازم آوے
نظر برین چند کمالات عمدہ ترین مجملاً اس مقام میں ذکر کیے
جاتے ہیں تاکہ اور کمالات کا حال بالاولیٰ اُس سے سمجھا جاوے
پس کہتا ہوں میں کہ وجاہتِ اجتبائی کا ثبوت غیر انبیاء کو
اس آیت سے مستفاد ہوتا ہے (ترجمہ جب کہا فرشتوں نے
اے مریم بے شک اللہ نے برگزیدہ کیا تجھکو اور پاک
کیا تجھکو اور برگزیدہ کیا تجھکو جہان کی عورتوں پر)

وقال اللہ تعالیٰ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُولٍ حَسَنٍ وَّاَنْبَتَهَا
نَبَاتًا حَسَنًا و درین کریمۂ ثانیہ ذکر توجہ و عنایتِ حضرت
حق سبحانہ بسوے حضرت مریمؑ در سنِ طفولیت وقال
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لفاطمۃ ان اللہ اطلع علی
اهل الارض فاختار اباك وبعلك و ذکر شعبِ آن
تفصیلاً پس ذکرِ محبوبیت بہ نسبتِ رب العالمین درین آیات
واحادیث واقع شدہ۔ قال اللہ تعالیٰ یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا
مَنْ یَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِیْنِهٖ فَسَوْفَ یَاْتِی اللّٰهُ بِقَوْمٍ یُّحِبُّهُمْ
وَیُحِبُّوْنَهٗ و مراد ازین قوم درین کریمہ حضرت صدیق
اکبر رضی اللہ عنہ واتباع ایشانند کہ بہ مرتدین مقابلہ نمودند
قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اللهم ائتنی باحب خلقك
الیك یاكل معی هذا الطیر فجاءه علی فاكل معه
وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ تبارك وتعالی
امرنی بحب اربعة واخبرنی انه یحبهم قیل یا رسول اللہ
سمهم لنا قال علی منهم یقول ذلك ثلثا وابوذر
ومقداد وسلمان امرنی بحبهم واخبرنی
انه یحبهم واما ذکر عزت در ملائکہ مقربین۔
فقد قال اللہ تعالیٰ اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ
اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَیْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا
وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ
نَحْنُ اَوْلِیٰٓؤُكُمْ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَةِ
وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ و
ملئکته یصلون علی معلم الناس الخیر
وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لبعض الصحابة اذ
راهم جالسین لذکر اللہ ان جبرئیل اخبرنی ان اللہ

اور کہا اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ پس قبول کیا اُسکو پروردگار
اُسکے نے اچھا قبول کرنا اور بڑھایا اُسکو اچھا بڑھانا) اور اس آیت
ثانیہ میں جناب باری کی عنایت اور توجہ کا ذکر ہی جو حضرت مریمؑ
کی طرف سن طفولیت میں متوجہ ہوئی اور جناب نبی کریم علیہ التحیۃ و
التسلیم نے حضرت فاطمہؓ سے فرمایا (ترجمہ کہ اللہ تعالیٰ نے زمین
والوں کو دیکھا تو پسند کیا تیرے باپ کو اور خاوند کو) اور اُسکے
شعبوں کا ذکر تفصیلاً مثل ذکر محبوبیت بہ نسبت رب العالمین ان آیات
اور احادیث میں واقع ہوا فرمایا اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ اے مسلمانو
تم سے جو پھر جاوے دین سے پس لے آویگا اللہ تعالیٰ ایسی قوم کہ
دوست رکھے گا وہ اُنکو اور دوست رکھینگے وہ اُسکو) اور مراد قوم سے
اس آیت کریمہ میں حضرت صدیق اکبرؓ اور اُنکے اتباع ہیں کہ مرتدوں کے
ساتھ مقابلہ کیا۔ اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ اے اللہ
لا میرے پاس وہ کہ زیادہ محبوب ہو تجھکو تیری خلقت سے کھاوے
میرے ساتھ یہ جانور پس آئے آپکے پاس حضرت علیؓ پھر آپکے
ساتھ کھایا) اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ اللہ تعالیٰ
نے مجھکو حکم فرمایا چاروں کی محبت کا اور خبر دی مجھکو کہ وہ یعنی
اللہ تعالیٰ بھی اُنکو دوست رکھتا ہے عرض کیا کہ اے رسول اللہ
ہمکو اُنکے نام بتاؤ فرمایا علیؓ اُنہیں سے ہی فرمایا اسکو تین مرتبہ
اور ابوذرؓ اور مقدادؓ اور سلمانؓ حکم کیا مجھکو اُنکی دوستی کا اور خبر دی
مجھکو کہ وہ بھی اُنکو دوست رکھتا ہے) رہا ذکر عزت بہ زمرۂ ملائکہ
مقربین پس تحقیق فرمایا اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ جن لوگوں نے
کہا کہ پروردگار ہمارا اللہ ہی پھر قائم رہے اُترتے ہیں اُنپر فرشتے یہ کہ
مت خوف کھاؤ اور نہ غمگین ہو اور خوش ہو ساتھ جنت کے کہ
وعدہ دیے جاتے تھے ہم ہیں دوست تمہارے دنیا اور آخرت میں)
اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ کہ اللہ تعالیٰ اور فرشتے
درود بھیجتے ہیں بھلی بات کے بتانیوالے پر) اور فرمایا نبی صلی اللہ
علیہ وسلم نے بعض صحابہؓ سے (ترجمہ جسوقت دیکھا اُنکو کہ اللہ کا
ذکر کر رہے ہیں کہ مجھکو جبرئیل علیہ السلام نے خبر دی یہ کہ اللہ تعالیٰ

يباهي بكم الملائكة وقال النبي صلى الله عليه وسلم
من سلك طريقا يطلب فيه علما سلك الله به
طريقا من طرق الجنة وان الملائكة لتضع
اجنحتها رضًى لطالب العلم وان العالم ليستغفر
له من في السموات ومن في الارض حتى الحيتان في جوف
الماء وقال صلى الله عليه وسلم ان احبّ الناس الى
الله يوم القيامة واقربهم مجلسا امام عادل وقال حكاية
عن ربه تبارك وتعالى انّ عبدي اذا ذكرني في ملاء
ذكرته في ملاء خير منه وقال النبي صلى الله عليه و
سلم ان الله اذا احبّ عبدا دعا جبرئيل فقال
اني احب فلانا فاحبه قال فيحبه جبرئيل ثم
ينادي في السماء فيقول ان الله يحب فلانا فاحبوه
فيحبه اهل السماء ثم يوضع له القبول في الارض
وقال صلى الله عليه وسلم اهتز العرش لموت سعد
ابن معاذ وقال صلى الله عليه وسلم العالم يدعى عظيما
في السماء اما سيادت يعني وساطت درميان رب
العالمين و عباد مقبولين در وصول فيض غيبي و انحصار
مقبوليت در محبت واتباع ايشان۔ قال الله تبارك و
تعالى وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ
اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ
وَالصّٰلِحِيْنَ وقال الله تعالى اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ
ذُرِّيَّتُهُمْ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وقال
النبي صلى الله عليه وسلم في حق علي لا يحبه الا مؤمن
ولا يبغضه الا منافق وقال النبي صلى الله عليه
وسلم اللّٰهم وال من والاه وعاد من عاداه

فخر کرتا ہی بسبب تمہارے فرشتوں میں) اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم
نے (ترجمہ جو علم کی طلب میں راہ چلا تو اللہ تعالی اُسکو جنت کی
راہ چلاتا ہی اور فرشتے طالب علم کی رضا کو اپنے پر بچھاتے ہیں عالم
کی بخشش آسمانوں اور زمین والے مانگتے ہیں یہانتک کہ پانی کے اندر
کی مچھلیاں) اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ
یہ کہ محبوب لوگوں سے طرف اللہ کے قیامت کے دن اور
قریب تر اُن کا درجہ میں امام منصف ہے) اور فرمایا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالی فرماتا ہی (ترجمہ
میرا بندہ جب میری یاد جماعت میں کرتا ہی تو میں بھی اسکو بہتر
جماعت میں یاد کرتا ہوں) اور فرمایا رسول اللہ صلی علیہ وسلم نے
(ترجمہ تحقیق اللہ تعالی جس وقت کسی بندہ کو محبوب بناتا ہے تو
جبرئیل علیہ السلام کو بُلا کر فرماتا ہی کہ فلاں بندہ سے محبت کرتا ہوں تو
تو بھی محبت کر۔ فرمایا رسول اللہ نے اسکو دوست کرتا ہی جبرئیل پھر
ندا کرتا ہی آسمان میں کہ فلاں بندہ کو اللہ تعالی دوست رکھتا ہی تم بھی دوست
رکھو محبت کرنے لگتے ہیں آسمان والے پھر زمین میں بھی قبولیت ہوجاتی ہی)
اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ ہل گیا عرش بسبب موت
سعد بن معاذ کے) اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ
کہ عالم عظیم پکارا جاتا ہی آسمان میں) اب سیادت یعنی وساطت
درمیان رب العالمین اور عباد مقبولین اور وصول فیض غیبی
اور انحصار مقبولیت محبت واتباع انکی میں اللہ تبارک و تعالی
فرماتا ہے (ترجمہ جسنے اطاعت کی اللہ کی اور اُسکے رسول کی یہی
لوگ ہیں ساتھی اُنکے کہ انعام کیا اللہ نے اُنپر نبیوں اور صدیقین اور
شہیدوں اور نیکوں سے) اور فرمایا اللہ صاحب نے (ترجمہ جو لوگ ایمان
لائے اور تابعداری کی اُنکی اولاد اُنکی نے ہم اُنکو اُنکی اولاد ملا دینگے)
اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رض کے بارے میں فرمایا (ترجمہ
کہ نہیں محبت رکھتا اُن سے مگر مومن اور نہیں دشمنی رکھتا مگر منافق)
اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ اے اللہ دوستی کر
جو کوئی دوستی رکھے اُس سے اور دشمنی کر جو کوئی دشمنی رکھے اُس سے

وقال صلی اللہ علیہ وسلم مثل اهل بیتی فیکم مثل سفینة
نوح من رکبها نجی ومن تخلف عنها هلك
وقال انی تارك فیکم الثقلین ما ان تمسکتم بهما
لن تضلوا بعدی کتاب الله وعترتی اهل بیتی
واما ذکر ولایت اجمالاً۔ فقد قال اللہ تعالیٰ اَلَا اِنَّ اَوْلِیَاءَ
اولیاء الله لاخوف علیهم ولاهم یحزنون ٥
الذین اٰمنوا وکانوا یتقون ٥ لهم البشریٰ
فی الحیوۃ الدنیا وفی الاٰخرۃ وقال اللہ تعالیٰ
اِنْ اَوْلِیَاءُهٗ اِلَّا الْمُتَّقُوْنَ ٥ واما ذکر شعب آن
تفصیلاً پس باید دانست که از ان جمله الهام ست همین الهام
که به انبیاء اللہ ثابت ست آن را وحی می گویند واگر بغیر
ایشان ثابت می شود او را تحدیث می گویند وگاہے در
کتاب اللہ مطلق الهام را خواه به انبیاء اللہ ثابت ست
خواه به اولیاء اللہ وحی نامند واین مطلق الهام گاہے در
صورت کلام از پرده غیب بکمن لاریب نازل می گردد
کما قال اللہ تبارک وتعالیٰ وَاِذْ اَوْحَیْتُ اِلَی الْحَوَارِیّٖنَ
اَنْ اٰمِنُوْا بِیْ وَبِرَسُوْلِیْ وقال اللہ تعالیٰ
وَاَوْحَیْنَا اِلٰی اُمِّ مُوْسٰی اَنْ اَرْضِعِیْهِ فَاِذَا خِفْتِ
عَلَیْهِ فَاَلْقِیْهِ فِی الْیَمِّ وَلَا تَخَافِیْ وَلَا تَحْزَنِیْ اِنَّا
رَادُّوْهُ اِلَیْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ٥
وقال اللہ تعالیٰ قُلْنَا یٰذَا الْقَرْنَیْنِ اِمَّا اَنْ تُعَذِّبَ
وَاِمَّا اَنْ تَتَّخِذَ فِیْهِمْ حُسْنًا وقال النبی
صلے اللہ علیہ وسلم قد کان فیمن قبلکم من الامم
محدثون وان یك فی امتی احد فانه عمر
وگاہے همین الهام بواسطه ملک می شود کما قال اللہ تعالیٰ

اور فرمایا صلے اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ میری اہل بیت مثل نوح کی کشتی
کے ہے جو سوار ہوا بچا اور نہ ہلاک ہو گیا) اور فرمایا (ترجمہ ہیں
تم میں دو بھاری چیزیں چھوڑے جاتا ہوں جب تک ان کو
مضبوط پکڑے رہو گے میرے بعد بہکنے کے نہیں ایک تو قرآن
شریف دوسری اہل بیت) اب ولایت کا ذکر اجمالاً ملاحظہ فرمایئے
پس فرمایا اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ کہ خبردار ہو اللہ کے دوست
نہ انپر خوف ہے نہ وہ غمگین ہونگے جو لوگ کہ ایمان لائے اور تھے
پرہیزگار انھیں کو دنیا اور آخرت میں خوشی ہے) اور فرمایا اللہ تعالیٰ
نے (ترجمہ ہیں اُس کے دوست مگر پرہیزگار) اور اُس کے
شعبوں کا ذکر تفصیلاً معلوم کرنا چاہیے از آں جملہ الہام ہے
یہی الہام کہ انبیاء علیہم السلام کی ذات کے واسطے ثابت ہے
اُس کو وحی کہتے ہیں اور اگر انکے غیر کے لیے حاصل ہے اُس کو
تحدیث کہتے ہیں اور کبھی کتاب اللہ میں مطلق الہام کو وحی
کہتے ہیں خواہ انبیاء علیہم السلام کو حاصل ہو خواہ اولیاء کرام کو
اور یہ مطلق الہام کبھی صورت کلام میں پردۂ غیب سے
لاریب نازل ہوتا ہے۔ چنانچہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے
(ترجمہ اور جب حکم بھیجا ہمنے حواریین کو کہ مجھ پر اور میرے
رسول پر ایمان لاؤ) اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے (
کہ ہمنے موسیٰ علیہ السلام کی ماں کو حکم دیا کہ اس کو دودھ پلا
اور جب تجھکو خوف ہو تو دریا میں ڈال دے اور ڈر مت
اور نہ رنجیدہ ہو کیونکہ ہم اس کو تیرے ہی پاس لوٹا دیں گے
اور اُس کو رسول بنادیں گے۔) اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے
(ترجمہ کہ کہا ہمنے اے ذوالقرنین چاہے تو سختی کر
ان میں یا بھلائی سے پکڑ ان کو) اور فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ کہ پہلی امتوں میں محدث تھے
اگر میری اُمت میں ایک ہو تو وہ عمر رضی اللہ عنہ ہے)
اور کبھی یہی الہام فرشتے کے واسطے سے
ہوتا ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ مَرْيَمَ إِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ أَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا ۝ فَاتَّخَذَتْ مِنْ دُونِهِمْ حِجَابًا فَأَرْسَلْنَا إِلَيْهَا رُوحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ۝ قَالَتْ إِنِّي أَعُوذُ بِالرَّحْمَٰنِ مِنْكَ إِنْ كُنْتَ تَقِيًّا ۝ قَالَ إِنَّمَا أَنَا رَسُولُ رَبِّكِ لِأَهَبَ لَكِ غُلَامًا زَكِيًّا ۝ قَالَتْ أَنَّىٰ يَكُونُ لِي غُلَامٌ وَلَمْ يَمْسَسْنِي بَشَرٌ وَلَمْ أَكُ بَغِيًّا ۝ قَالَ كَذَٰلِكِ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَلِنَجْعَلَهُ آيَةً لِلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِنَّا وَكَانَ أَمْرًا مَقْضِيًّا ۝ وقال اللہ تعالے وَإِذْ قَالَتِ الْمَلَائِكَةُ يَا مَرْيَمُ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَاكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفَاكِ عَلَىٰ نِسَاءِ الْعَالَمِينَ ۝ يَا مَرْيَمُ اقْنُتِي لِرَبِّكِ وَاسْجُدِي وَارْكَعِي مَعَ الرَّاكِعِينَ ۝ وقال اللہ تعالیٰ وَإِذْ قَالَتِ الْمَلَائِكَةُ يَا مَرْيَمُ إِنَّ اللَّهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِنْهُ اسْمُهُ الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيهًا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ ۝ وگاہے ہمین الہام بہمین طریق واقع می شود کہ خود بخود از دلِ صاحبِ الہام کلامے جوش می زند و آن را بر زبان می راند و فی الحقیقت آن کلام رحمانی ست کہ بر زبانِ او جاری گشتہ نہ کلام انسانی این قسمِ الہام کہ بہ انبیاء اللہ می شود او را نفث فی الروع گویند۔ کما قال النبی علیہ السلام الا ان روح القدس نفث فی روعی واگر بہ نسبت اولیاء اللہ می شود او را نطق سکینہ می گویند چنانچہ صحابہ رضی اللہ عنہ ذکر فرمودہ اند ما کنا نبعد ان السکینۃ تنطق علی لسان عمر و قلبہ و بسیار قصص از امثالِ این از جناب فاروق اعظم مروی ست

(ترجمہ یاد کر مریم علیہا السلام کا قصہ جبوقت اپنے گھر والوں سے علیحدہ ہو کر شرقی مکان میں گئی پھر درمیان میں ایک پردہ ڈال لیا۔ پھر اُسکے پاس ہمنے اپنی روح بھیجی وہ اُسکو آدمی کی شکل میں نظر آیا کہا مریمؑ نے کہ مَیں تو اللہ کی پناہ مانگتی ہوں چاہیے تو پرہیزگار کیوں نہو۔ کہا اُس نے کہ مجھے تو تیرے پروردگار نے بھیجا ہی کہ مَیں تجھے ایک لڑکا پاک سا دوں۔ کہا مریمؑ نے کہ بھلا میرے لڑکا کہاں ہو سکتا ہے مُجھے کسی مرد نے تو چھوا ہی نہیں اور مَیں خراب بھی تو نہیں ہوں۔ کہا اُس آنے والے نے کہ اسی طرح ہو گا تیرے پروردگار نے فرمایا وہ مجھے آسان ہے اور ہم اسکو لوگو نکے واسطے ایک نشانی بنائینگے اور ہماری طرف سے ایک رحمت ہی اور یہ بات تو ہوئی ہوائی ہے) اور کہا اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ اور جب کہا فرشتون نے اے مریم تحقیق اللہ نے تجھکو پسند کیا اور پاک کیا اور پسند کیا جہان کی عورتوں پر۔ اے مریم فرمانبرداری کر اپنے پروردگار کی اور سجدہ کر اور رکوع کر ساتھ رکوع کرنیوالوں کے) اور کہا اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ اور جب کہا فرشتوں نے اے مریمؑ اللہ تعالیٰ تجھکو خوشی سُناتا ہی اپنی طرف سے ایک کلمہ کی کہ نام اُسکا مسیح عیسیٰ بن مریم علیہما السلام ہے خوبی والا ہی دنیا اور آخرت میں اور نزدیک والوں سے ہے) اور کبھی یہی الہام اس طور پر واقع ہوتا ہے کہ خود بخود صاحب الہام کے دل سے کلام جوش مارتا ہے اور اُسکو زبان پر لاتا ہے اور فی الحقیقت وہ کلام رحمانی ہے کہ اُس کی زبان پر جاری ہوا نہ کلام نفسانی اس قسم کا الہام کہ انبیاء علیہم السلام کو ہوتا ہے اُسکو نفث فی الروع کہتے ہیں۔ جیسا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ خبردار ہو کہ روح پاک نے میرے دل میں پھونک دیا) اور اگر بہ نسبت اولیاء اللہ ہوئے اُسکو نطقِ سکینہ کہتے ہیں۔ چنانچہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے فرمایا ہے (ترجمہ ہمکو دوری نہیں ہوتی تھی کہ سکینہ عمر رضی اللہ عنہ کی زبان اور دل پر جاری ہو) اور اکثر اس جیسے قصے جناب فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے مروی ہیں

واز جملہ اقسام الہام خواب ست کہ کسے را از مقبولین عالی
مقام درحالت منام برامرے از امور غیبیہ مطلع می نمایند
قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لم یبق من النبوۃ الا
المبشرات قالوا وما المبشرات قال الرؤیا الصالحۃ یریہا
المؤمن او تری لہ واز عمدہ کمالات ولایت تعلیم غیبی ست
قال اللہ تبارک و تعالی وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ اللَّهَ قَدْ
بَعَثَ لَكُمْ طَالُوتَ مَلِكًا قَالُوا أَنَّى يَكُونُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا
وَنَحْنُ أَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً
مِنَ الْمَالِ قَالَ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَاهُ عَلَيْكُمْ
وَزَادَهُ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ وظاہرست کہ
طالوت نبی نبود وقال اللہ تعالی فَوَجَدَا عَبْدًا
مِنْ عِبَادِنَا آتَيْنَاهُ رَحْمَةً مِنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنَاهُ
مِنْ لَدُنَّا عِلْمًا ومراد از عبد درین مقام حضرت خضر
اند وایشان براصح اقوال از جملہ انبیا نیستند واز کمالات
مذکورہ تفہیم غیبی ست ومعنی آن القاء برکت ست در
فکر ونظر کہ قوت نظریہ را کشان کشان براہ راست
آرد وبحق مشخص رساند۔ قال اللہ تعالی فَفَهَّمْنَاهَا
سُلَيْمَانَ وَكُلًّا آتَيْنَا حُكْمًا وَعِلْمًا وظاہرست
کہ حضرت سلیمانؑ درین زمان کہ ہفت سالہ بودند بمنصب
نبوت فائز نشدہ بودند وقال علی رضی اللہ تعالی عنہ
والذی خلق الجنۃ وبرء النسمۃ ما عندنا الا ہذا القرآن
وقال علی بعثنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
الی الیمن قاضیا فقلت یا رسول اللہ ترسلنی و
انا حدیث السن ولا علم لی بالقضاء فقال
ان اللہ سیہدی قلبک ویثبت لسانک قال علی

اور منجملہ اقسام الہام خواب ہے کہ کسی کو مقبولین عالی مقام میں
سے حالت منام یعنی خواب میں کسی امر غیبی پر مطلع اور آگاہ کر دیتے
ہیں فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ نہیں باقی رہا نبوت سے مگر
خوشخبریاں صحابہ نے پوچھا کہ خوشخبریاں کیا ہیں آپ نے فرمایا کہ
خواب نیک جو مومن دیکھتا ہے) اور عمدہ کمالات ولایت سے
تعلیم غیبی ہے فرمایا اللہ تبارک و تعالی نے (ترجمہ اور انسے انکے نبی نے
کہا کہ اللہ تعالی نے تمہارے واسطے طالوت کو بادشاہ بنایا ہی
کہا انہوں نے وہ ہمپر بادشاہ کیونکر ہوگا اور بادشاہی کے تو
ہم زیادہ حق دار ہیں اُس سے اور وہ مالدار بھی تو نہیں ہے کہا
اللہ تعالی نے اسکو پسند کیا تم پر اور زیادہ کیا اُسکو علم اور
جسم میں) اور ظاہر ہے کہ طالوت نبی نہ تھا اور فرمایا اللہ تعالی
نے (ترجمہ کہ وہ دونو ہمارے ایک بندہ سے ملے کہ اسکو
ہمنے رحمت اور علم اپنے پاس سے دیا تھا) اور مراد عبد سے
اس مقام میں حضرت خضر ہیں اور وہ اصح قول پر منجملہ انبیا نہیں
بلکہ از زمرۂ اولیا ہیں اور کمالات مذکورہ سے تفہیم غیبی ہی
اور معنی اُن کے یہ ہیں کہ القاء برکت فکر اور نظر میں ہو
کہ قوت نظریہ کو کشاں کشاں راہ راست پر لائے اور
حق مشخص کو پہنچائے چنانچہ جناب باری جل جلالہ
فرماتا ہے (ترجمہ پھر سمجھا دیا وہ ہمنے سلیمان علیہ السلام کو
اور ہر ایک کو دیا ہمنے حکم اور علم) اور ظاہر ہے کہ حضرت
سلیمان علیہ السلام اس زمانے میں کہ سات برس کے تھے
منصب نبوت پر نہ پہنچے تھے) اسی بارہ میں حضرت علیؓ نے
فرمایا ہے (ترجمہ قسم ہے اُس ذات کی کہ پیدا کیا جنت کو اور جان کو
سوائے اس قرآن شریف کے ہمارے پاس کچھ اور نہیں ہے مگر سمجھ
جو آدمی کو دیا گیا) اور علیؓ سے ہے (ترجمہ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ نے مجھکو
یمن کا قاضی کرکے بھیجنے لگے تو مینے کہا آپ مجھکو بھیجتے ہیں اور میں کم عمر
ہوں اور فیصلوں کا مجھکو علم نہیں پس فرمایا اللہ تعالی تیرا دل کھول دے گا
اور ثابت کرے گا تیری زبان کہا علی رضی اللہ عنہ نے

فاشککت فی قضاء بعدہ و فی التوریۃ المقدسۃ انہ لیس قاض
یقضی بالحق الا کان عن یمینہ ملک و عن شمالہ
ملک یسددانہ و یوفقانہ للحق مادام علی الحق
فاذا ترک الحق عرجا و ترکاہ ۔ و از انجملہ حکمت ست
قال اللہ تبارک و تعالی وَلَقَدْ آتَيْنَا لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ
أَنِ اشْكُرْ لِلَّهِ و قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم انا دار العلم
و علی بابہا و دعی صلی اللہ علیہ وسلم لابن عباس
اللہم علمہ الحکمۃ و از عمدہ ترین مقامات ولایت عبودیت
ست ۔ قال اللہ تعالی فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَا
آتَيْنَاهُ رَحْمَةً مِّنْ عِندِنَا و قال اللہ تعالی إِنَّ الْأَبْرَارَ يَشْرَبُونَ
مِن كَأْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُورًا ۝ عَيْنًا يَشْرَبُ
بِهَا عِبَادُ اللَّهِ يُفَجِّرُونَهَا تَفْجِيرًا ۝ و مراد از
عباد اللہ درین مقام حضرت مرتضی و حضرت زہرا و امامین
شہیدین علیہم السلام اند و قال اللہ تعالی وَعِبَادُ الرَّحْمَٰنِ
الَّذِينَ يَمْشُونَ عَلَى الْأَرْضِ هَوْنًا وَإِذَا خَاطَبَهُمُ
الْجَاهِلُونَ قَالُوا سَلَامًا ۝ وَالَّذِينَ يَبِيتُونَ
لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَقِيَامًا ۝ وَالَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا
اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۝
إِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَمُقَامًا ۝ وَالَّذِينَ إِذَا أَنفَقُوا
لَمْ يُسْرِفُوا وَلَمْ يَقْتُرُوا وَكَانَ بَيْنَ ذَٰلِكَ قَوَامًا ۝
وَالَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ وَلَا يَقْتُلُونَ
النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُونَ وَمَن
يَفْعَلْ ذَٰلِكَ يَلْقَ أَثَامًا ۝ يُضَاعَفْ لَهُ الْعَذَابُ
يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَيَخْلُدْ فِيهِ مُهَانًا ۝ إِلَّا مَن تَابَ وَآمَنَ وَ
عَمِلَ صَالِحًا فَأُولَٰئِكَ يُبَدِّلُ اللَّهُ سَيِّئَاتِهِمْ حَسَنَاتٍ

پھر میں نے شک بھی تو نہیں کیا فیصلے میں) اور توراتِ مقدس میں ہے
(ترجمہ یہ کہ کوئی قاضی جب حق کرتا ہی تو ایک فرشتہ اُسکے سیدھے
طرف اور ایک اُلٹی طرف ہوتا ہی کہ مدد کرتے رہتے ہیں واسطے حق کے
جب تک حق پر ہوتا ہی پھر جب حق کو ترک کر دیتا ہی تو چڑھ جاتے ہیں
اور چھوڑ جاتے ہیں اُسکو) اور از انجملہ حکمت ہی۔ فرمایا اللہ جل شانہ نے
(ترجمہ اور البتہ دی ہمنے لقمان کو حکمت یہ کہ اللہ کا شکر کرے) اور فرمایا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ مَیں حکمت کا گھر ہوں اور علیؑ
دروازہ اُسکا۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن عباس رضؓ کے
واسطے دعا کی کہ ای اللہ سکھا اسکو حکمت) اور عمدہ ترین مقامات ولایت سے
عبودیت ہی۔ فرمایا اللہ تعالی نے (ترجمہ کہ ملے وہ دونوں ہمارے ایک
بندے سے کہ ہمنے اپنے پاس سے اُسکو رحمت دی تھی) اور فرمایا اللہ تعالی نے
(ترجمہ بیشک نیک لوگ پئینگے پیالہ کہ ملونی اُسکی کافور سے ایک چشمہ ہی کہ
پیتے ہیں اُس سے بندے اللہ کے چلاتے ہیں وہ اُسکی نالیاں) اور
مراد عباد اللہ سے اس مقام میں حضرت مرتضیٰ اور حضرت زہرا اور امامین
شہیدین علیہم السلام ہیں اور فرمایا اللہ تعالی نے (ترجمہ اور بندے
رحمٰن کے وہ ہیں جو چلتے ہیں زمین پر نرم اور جب جھگڑتے ہیں اُنسے
جاہل کہتے ہیں سلامتی ہے اور وہ جو رات گزارتے ہیں پروردگار
اپنے کو سجدے اور قیام میں اور وہ جو کہتے ہیں ای رب ہمارے پھیر ہمسے
عذاب جہنم کا بیشک اُسکا عذاب بھاری ہے تحقیق وہ بُری جگہ
اور بُرا مقام ہے اور وہ جو جب خرچ کرتے ہیں نہیں زیادتی
کرتے اور نہ تنگی کرتے ہیں اور درمیانہ ٹھیک ہیں
اور وہ جو نہ پکارتے ہیں ساتھ اللہ کے معبود اور نہ مار ڈالتے
ہیں جان کو جو حرام کیا اللہ نے مگر حق پر اور نہ زنا کرتے
ہیں اور جس نے ایسا کیا گناہ کیا دونا کیا جاویگا عذاب
قیامت کے دن اور ہمیشہ رہیگا اُس میں رسوا مگر جس نے
توبہ کی اور ایمان لایا اور کام کیے اچھے پس یہی لوگ ہیں کہ
بدل دیں اللہ نے برائیاں اُن کی نیکیوں سے اور
ہے اللہ بخشش کرنے والا مہربان ۔

وَكَانَ اللهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ○ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَإِنَّهُ
يَتُوبُ إِلَى اللهِ مَتَابًا ○ وَالَّذِينَ لَا يَشْهَدُونَ الزُّورَ
وَإِذَا مَرُّوا بِاللَّغْوِ مَرُّوا كِرَامًا ○ وَالَّذِينَ إِذَا ذُكِّرُوا بِآيَاتِ
رَبِّهِمْ لَمْ يَخِرُّوا عَلَيْهَا صُمًّا وَعُمْيَانًا ○ وَالَّذِينَ يَقُولُونَ
رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ
وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِينَ إِمَامًا ○ أُولَٰئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوا
وَيُلَقَّوْنَ فِيهَا تَحِيَّةً وَسَلَامًا ○ خَالِدِينَ فِيهَا حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَمُقَامًا
وازاعظم مقاماتِ ولایت عصمت ست باید دانست که
حقیقتِ عصمت حفاظتِ غیبی ست که جمیع اقوال و افعال و
اخلاق و احوال و اعتقادات و مقاماتِ معصوم را براه
حق کشاں کشاں می برد و از انحرافِ حق مانع می شود
ہمیں حفاظت که به انبیاء الله متعلق می باشد آنرا عصمت
می نامند و اگر به کاملے دیگر متعلق می باشد آنرا حفظ میگویند
پس عصمت و حفظ فی الحقیقت یک چیزست اما بنابر تادب لفظ
عصمت را بر حفظ که متعلق به اولیاء الله ست اطلاق نمی نمایند
بالجملہ مقصود ازین مقام آن ست که این حفاظت غیبی چنانکه
به انبیاء الله متعلق ست ہمچنین بعضے اکابر از اتباع ایشان
ہم متعلق می باشد قال الله تعالیٰ إِنَّ عِبَادِي لَيْسَ لَكَ
عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ وَكِيلًا ○ پس معلوم شد که تعلق حفاظت
غیبیہ ثمرهٔ کمال عبودیت ست خواه در انبیاء الله یافته شود خواه
در اتباع ایشان وقال الله تعالیٰ وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ
مِنْ رَسُولٍ وَلَا نَبِيٍّ إِلَّا إِذَا تَمَنَّىٰ أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِي
أُمْنِيَّتِهِ فَيَنْسَخُ اللهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللهُ
آيَاتِهِ ○ و قراءة ابن عباسؓ این کریمه مسطوره به این طریق
مرویست وما ارسلنا من قبلك من رسول ولا نبی

اور جس نے توبہ کی اور کام کیے اچھے پس بیشک وہ رجوع کریگا
اللہ کی طرف رجوع کرنا اور وہ جو نہیں حاضر ہوتے ہیں گناہ کو
اور جب گزرتے ہیں بیہودہ پر گزر رہتے ہیں با کرامت اور وہ کہ
جب سمجھائی انکو رب کی باتیں نہ ہو پڑیں اُن پر بہرے اندھے اور
وہ کہ کہتے ہیں اے رب ہمارے دے ہمکو بیبیوں ہماری اور اولاد
ہماری سے ٹھنڈک آنکھوں کی اور کر ہمکو پرہیزگاروں کے
آگے انکو بدلا ملیگا کوٹھوں کے جھروکے اس پر کہ ٹھہرے رہے اور
لینے آوینگے وہاں انکو سلام اور دعا کہتے ہوئے رہا کرینگے اُنمیں
خوب جگہ ہی ٹھہراؤ کی اور رہنے کی) اور اعظم مقامات ولایت سے
عصمت ہی جاننا چاہیے کہ حقیقت عصمت کی حفاظت غیبی
ہے کہ جمیع اقوال اور افعال اور اخلاق اور احوال اور اعتقادات
اور مقامات معصوم کو راہ حق کی طرف کشاں کشاں لیجاتی ہے
اور حق سے انحراف کرنے کو مانع آتی ہے یہی حفاظت کہ
انبیاء علیہم السلام کی ذات کے ساتھ متعلق ہوتی ہی اُس کا
عصمت نام ہی اور اگر کسی کامل دوسرے کے ساتھ متعلق ہو
اُسکو حفظ کہتے ہیں پس عصمت اور حفظ حقیقت میں ایک چیز ہے
لیکن بوجہ ادب لفظ عصمت کو حفظ متعلق بہ اولیاء اطلاق
نہیں کرتے ہیں بالجملہ مقصود اس مقام سے یہ ہے کہ یہ حفاظت
غیبی جیسے کہ انبیاء اللہ کے ساتھ متعلق ہے ایسے ہی بعض
بزرگان دین کو بھی شامل ہے۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ
تحقیق میرے بندوں پر تیرا غلبہ نہیں ہے اور کافی ہی پروردگار تیرا
کارساز) پس معلوم ہوا کہ تعلق حفاظت غیبیہ ثمرہ کمال عبودیت ہی
خواہ انبیاء اللہ میں پائی جائے خواہ اولیاء اللہ میں۔ اور فرمایا
اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ اور نہیں بھیجا ہمنے پہلے تجھسے کوئی رسول
اور نہ نبی مگر جس وقت تمنا کی ڈالا شیطان نے خواہش انکی میں
پھر مٹا دیا اللہ تعالیٰ نے جو القا کیا تھا شیطان نے پھر محکم کرتا ہے
اللہ تعالیٰ آیتیں اپنی) قراۃ ابن عباسؓ میں یہ آیت اس طور پر
مروی ہے (ترجمہ اور نہیں بھیجا پہلے تجھسے کوئی رسول اور نہ نبی

ولا محدث الا اذا تمنی القی الشیطان فی امنیته
فینسخ الله ما یلقی الشیطان ثم یحکم الله آیاته
پس برین تقدیر معنی عصمت کہ مفاد این کریمہ ہست چنانکہ
بہ رسل و انبیا ثابت شدہ ہمچنین بہ محدثین ہم ثابت گردید ہر چند
قرأۃ ابن عباسؓ از قرأۃ متواترہ نیست واما قرأۃ غیر متواترہ
در اثبات حکم بمنزلہ خبر مشہور ست پس امتیاز متواتر از
غیر متواتر در تلاوت ست نہ در اثبات حکم۔ وقال النبی صلعم
لعلیؓ اللھم ادر الحق معہ حیث دار وقال النبی صلعم
القرآن مع علی وعلی مع القرآن وقال النبی صلی الله
علیہ وسلم انی تارک فیکم الثقلین کتاب الله وعترتی
اھل بیتی ولن یتفرقا حتی یردا علی الحوض
وقال النبی علیہ السلام الحق ینطق علی لسان عمر وقلبہ
وقال النبی صلی الله علیہ وسلم نعم المرء صہیب
لو لم یخف الله لم یعصہ واز جملہ مقامات ولایت زہد ست
قال النبی صلی الله علیہ وسلم ان تؤمروا ابابکر تجدوہ
امینا زاھدا فی الدنیا راغبا فی الآخرۃ
وقال النبی صلی الله علیہ وسلم من احب
ان ینظر عیسی ابن مریم فی زھدہ فلینظر الی
ابی الدرداء واز انجملہ تفرید ست قال النبی علیہ السلام
سیروا سبق المفردون قالوا وما المفردون یا
رسول الله قال الذین وضع الذکر عنہم اثقالھم
واز انجملہ توکل ست قال النبی صلی الله علیہ وسلم
سید خل من امتی الجنۃ سبعون الفا بغیر
حساب وجوھھم کالقمر لیلۃ البدر ھم الذین
لا یسترقون ولا یتطیرون ولا یکتوون وعلی ربہم یتوکلون

اور نہ محدث مگر جس وقت کہ تمنا کی ڈالا شیطان نے خواہش انکی
میں پھر مٹا دیا اللہ نے جو ڈالا شیطان نے خواہش انکی میں پھر
محکم کرتا ہے اللہ تعالیٰ آیتیں اپنی) پس اس تقدیر پر معنی عصمت کے
اس آیت کریمہ کے مفاد ہیں جیسے کہ حضرات انبیاء اور مرسلین کی
ذات کے واسطے ثابت ہیں ایسے ہی محدثین کو بھی شامل ہیں
ہر چند قرأۃ ابن عباسؓ قرأۃ متواترہ سے نہیں اور قرأۃ غیر متواترہ
اثبات حکم میں بمنزلہ خبر مشہور ہے لیکن امتیاز متواتر از غیر متواتر
تلاوت میں ہے نہ اثبات حکم میں اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم
حضرت علیؓ کے حق میں (ترجمہ الٰہی اللہ حق جاری کر اسکے ساتھ جس جگہ وہ
جائے) اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ کہ قرآن شریف
ساتھ علیؓ کے اور علیؓ ساتھ قرآن کے) اور فرمایا نبی صلعم نے
(ترجمہ میں چھوڑے جاتا ہوں تمہارے اندر دو بھاری چیزیں
قرآن شریف اور اہل بیت اپنی اور جدا نہیں ہونے کے وہ
یہانتک کہ حوض پر آویں گے) اور فرمایا نبی صلعم نے (ترجمہ
حق جاری ہوتا ہے عمرؓ کی زبان اور دل پر) اور فرمایا نبی صلعم نے
(ترجمہ اچھا آدمی صہیب ہے اگر نہ خوف کرتا اللہ سے نہ نافرمانی
کرتا اسکی) فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ اگر حکم کرو
ابو بکرؓ کو پاؤ گے اسکو امین بے رغبتی کرنیوالا دنیا میں رغبت کرنیوالا
آخرت میں) اور فرمایا رسول اللہ صلعم نے (ترجمہ جو کوئی دوست
رکھے کہ دیکھے عیسیٰ بن مریمؑ کو اسکی زہد میں تو ابو درداء کو دیکھے)
اور از انجملہ تفرید ہے۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ
پھر کر دیکھو سبقت لیگئے مفردون دریافت کیا کون ہیں مفردون
فرمایا آپنے وہ ہیں کہ دور کر دیے اُنسے ذکر نے انکے بوجھ) اور از انجملہ
توکل ہے۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ کہ میری امت
کے ستر ہزار آدمی جنت میں بغیر حساب جائینگے چودھویں رات
کے چاند جیسے انکے منہ ہونگے وہ لوگ ہیں جو جھاڑ پھونک نہ
کرتے تھے اور نہ جانوروں سے فال لیتے تھے اور نہ داغ
لگاتے تھے اور اپنے پروردگار ہی سے بھروسہ رکھتے تھے

فقام عکاشة فقال یا رسول اللہ ادع اللہ ان یجعلنی
منہم قال انت منہم و از انجملہ محو و فناست۔ قال النبی
صلے اللہ علیہ وسلم عن ربہ تبارک و تعالی لا یزال یتقرب
الی عبدی بالنوافل حتی احببتہ کنت سمعہ
الذی یسمع بہ وبصرہ الذی یبصر بہ ویدہ التی
یبطش بہا ورجلہ التی یمشی بہا ولئن سألنی
لاعطینہ ولئن استعاذنی لاُعیذنّہٗ و از انجملہ
تہذیب اخلاق ست۔ قال النبی صلی علیہ وسلم لجعفر
ابن ابی طالب اشبہت خلقی وخُلقی واخبر النبی
صلی اللہ علیہ وسلم عن المہدی علیہ السلام انہ یشبہ
فی خُلقی و لا یشبہ فی خَلقی و از انجملہ کمالات مذکورہ
درین مقام بعثت ست۔ قال اللہ تبارک و تعالی
وَلَقَدْ اَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِی اِسْرَائِيلَ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ
اثْنَیْ عَشَرَ نَقِيبًا۔ و ظاہر ست کہ این دوازدہ بزرگ
از انبیاء اللہ نبودند۔ قال اللہ تعالی اِذْ اَرْسَلْنَا اِلَيْهِمُ
اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوا اِنَّا اِلَيْكُمْ
مُرْسَلُونَ ۝ قَالُوا مَا اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا وَمَا اَنْزَلَ
الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُونَ ۝ قَالُوا رَبُّنَا يَعْلَمُ
اِنَّا اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُونَ ۝ وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ۝
ظاہر ست کہ این بزرگوار از حواریین حضرت عیسی علیہ السلام بودند نہ انبیاء
اللہ تعالی و قال لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ
طَالُوتَ مَلِكًا و قال اللہ تعالی وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَهْدُونَ
بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوا وَكَانُوا بِآيَاتِنَا يُوقِنُونَ ۝
قال النبی علیہ السلام ان اللہ یبعث لہذہ الامۃ علی
راس کل مائۃ سنۃ من یجدد لہا دینہا و از جملہ

عکاشہؓ نے کھڑے ہو کر عرض کیا کہ ای رسول اللہ میرے واسطے
دعا فرمائیے کہ اللہ تعالی مجھکو انھیں میں کردے فرمایا تو انھیں میں
سے ہے) و از انجملہ محو اور فنا ہے۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ کہ
اللہ تعالی فرماتا ہی کہ میرا بندہ نوافل سے میری قربت حاصل کرتا
رہتا ہی یہانتک کہ میرا محبوب ہو جاتا ہی جب میرا محبوب ہو جاتا ہے
تو مَیں اُسکے کان ہوں گویا مجھسے سنتا ہی اور بینائی کہ دیکھتا ہی اور
ہاتھ کہ چھوتا ہی اور پاؤں کہ چلتا ہے اگر مجھسے پناہ مانگے تو
میں اُسکو پناہ دوں) اور منجملہ اُسکے تہذیب اخلاق ہی فرمایا نبی صلعم نے
جعفر بن ابی طالب سے (ترجمہ مشابہ ہوا تو میری صورت اور
سیرت میں) اور خبر دی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
مہدی علیہ السلام اُنکے حال سے (ترجمہ بیشک وہ مشابہ ہوگا خُو
میری میں اور نہ مشابہ ہوگا صورت میری میں) اور اُن کمالات
مذکورہ میں سے اس مقام میں بعثت ہی۔ فرمایا تبارک تعالی نے
(ترجمہ ہمنے بنی اسرائیل کا عہد لیا اور اُنمیں بارہ نقیب بنائے)
اور ظاہر ہے کہ بارہ بزرگ نبی نہ تھے۔ فرمایا اللہ تعالی نے
(ترجمہ جب بھیجے ہمنے اُنکی طرف دو پیغمبر جھٹلایا انکو پھر ہمنے
زور دیا تیسرے سے جب کہا ہم آئے ہیں تمھاری طرف بھیجے
بولے تم تو انسان ہو جیسے ہم اور رحمن نے کچھ نہیں اُتارا تم
سارے جھوٹ کہتے ہو کہا ہمارا رب جانتا ہے ہم بیشک تمھاری
طرف بھیجے ہوئے آئے ہیں اور ہمارا ذمہ یہی ہے کھول کر پہنچا دینا)
اور ظاہر ہے کہ یہ بزرگوار حوارین حضرت عیسی علیہ السلام سے
تھے نہ نبی۔ اور فرمایا اللہ تعالی نے (ترجمہ اور کہا اُنکے نبی نے
بیشک اسنے بھیجا ہے تمھارے واسطے طالوت کو بادشاہ
بناکر) اور فرمایا اللہ تعالی نے (ترجمہ اور کیے ہمنے اُنمیں سے
امام ہمارے حکم سے امام بناتے ہیں جب صبر کیا اُنھوں نے اور
ہماری آیتوں پر یقین رکھتے تھے) اور فرمایا نبی علیہ السلام نے (ترجمہ
بیشک اللہ اس امت میں ہر صدی کے شروع میں ایک
شخص ایسا اُٹھادیگا کہ دین کی درستی کردیا کریگا) اور منجملہ

کمالاتِ مذکورہ ہدایت ست۔ قال النبی علیہ السلام
ان تؤمروا علیاً ولا اراکم فاعلین تجدوہ ھادیاً
مھدیاً یاخذ بکم الصراط المستقیم اما اقسام ہدایت
پس از انجملہ نزولِ برکت ست۔ قال النبی صلی اللہ علیہ
وسلم فی الشام ان فیھا ابدالا بہم یمطر اھل الارض
وبہم یرزقون وبہم ینصرون من اعدائھم واما
عقدِ ہمت۔ قال اللہ تعالیٰ وَالَّذِیْنَ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا
ھَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّۃَ اَعْیُنٍ وَّ
اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا ۰ وقال اللہ تعالیٰ حَتّٰی
اِذَا بَلَغَ اَشُدَّہٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِیْنَ سَنَۃً قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِیْ
اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ الَّتِیْ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ
وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰہُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ اِنِّیْ
تُبْتُ اِلَیْکَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۰ وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم
ارحم امتی بامتی ابوبکر یعنی بسیار شفقتِ وافرہ
وارد بہ نسبتِ ایشان وہمت بغایت مصروف
میدارد بہ اصلاح حالِ ایشان واما فیضِ صحبت
فقال اللہ تعالیٰ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَ
کُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ وقال النبی صلی اللہ علیہ
وسلم فی الذین یجلسون لذکر اللہ ھم القوم
لایشقی بھم جلیسھم وقال النبی صلی اللہ
علیہ وسلم ان خیار عباد اللہ الذین اذا
رُؤا ذکر اللہ وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم
مثل الجلیس الصالح والسوء کحامل المسک
ونافخ الکیر فحامل المسک اما ان یحذیک
واما ان تبتاع منہ واما ان تجد ریحا طیبۃ

کمالاتِ مذکورہ ہدایت ہی فرمایا نبی علیہ السلام نے (ترجمہ اگر امیر
بناؤ گے تم علیؓ کو اور نہیں دیکھتا ہوں میں تمکو کرنے والا پاؤ گے
تم اُسکو ہادی مہدی لیگا ساتھ تمہارے راہ سیدھی) اب اقسام
ہدایت سنیے از انجملہ نزولِ برکت ہی۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
(ترجمہ ملکِ شام میں کہ یہاں ابدال ہیں انھیں کی وجہ سے
زمین والوں پر بارش ہوتی ہے اور انھیں کے سبب رزق
دیے جاتے ہیں اور انھیں کے سبب دشمنوں پر فتح پاتے ہیں)
اب عقدِ ہمت کا حال ملاحظہ فرمایئے۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے
(ترجمہ اور وہ لوگ کہ کہتے ہیں ای رب ہمارے دے ہمکو
بیبیوں اور اولاد ہماری سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور کر ہمکو
نیکوں کے آگے) اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ یہانتک کہ
پہنچا جوانی کو اور پہنچا چالیس برس کو کہا اے رب میرے
توفیق دے مجھکو یہ کہ شکر کروں میں تیری نعمت کی کہ تونے انعام کیا
مجھ پر اور میرے ماں باپ پر اور یہ کہ میں اچھے کام کروں کہ
تو انسے خوش ہو جاوے اور میری اولاد کو سنوار دے تحقیق میں نے رجوع
کیا طرف تیرے اور میں ایمان والوں سے ہوں) اور فرمایا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ کہ میری اُمّت میں
سب سے زیادہ رحم کرنیوالا اُمّت پر ابوبکرؓ ہے) یعنی اُنکی نسبت
شفقت کامل رکھتا ہے اور اُنکی اصلاح حال میں ہمّت کو
بدرجۂ غایت مصروف رکھتا ہے اور لیکن فیضِ صحبت پس
فرمایا اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ کہ اے ایمان والو اللہ سے ڈرو
اور سچوں کے ساتھ رہو) اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
(ترجمہ اُن لوگوں میں کہ بیٹھتے ہیں اللہ کے ذکر کو کہ وہ قوم
ہے کہ اُنکے پاس والے بھی ٹوٹے نصیب نہیں) اور فرمایا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ اللہ کے اچھے بندے
وہ ہیں جب انکو دیکھو تو خدا یاد آوے) اور فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم (ترجمہ اچھا ساتھی اور برا ساتھی ایسے ہیں جیسے
مشک والا اور لوہار پس مشک والا یا تو تجھکو مشک دیگا یا تو خرید

ونافخ الكير اما ان يحرق ثيابك واما ان تجد
منه ريحا خبيثة" وقال ابن مسعودؓ لمجلس
من عمر خير من عبادة سنة" واما خرقِ عادت
پس احتیاج به بیان ندارد زیراکه ظهورِ خوارق از هادیانِ راه
حق که از اتباعِ انبیا اند بوجهے مشهور و متواتر ست که حاجتِ بیان
نیست واما اظهارِ دعوت - قال الله تعالى كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ
اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ
الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ قال الله تعالى وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ
اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ
عَنِ الْمُنْكَرِ وقال النبي صلى الله عليه وسلم اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ
عَلٰى مُعَلِّمِ النَّاسِ الْخَيْرَ وقال النبي صلى الله عليه وسلم من
دعى الى الهدى كان له اجره واجر من عمل عليه
من غير ان ينقص من اجورهم شيئاً وقال
النبي صلى الله عليه وسلم انما العلماء ورثة الانبياء و از جمله كمالاتِ
مذكوره سياستِ ايمانى ست - قال الله تعالى اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ
فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا
لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ وقال النبي صلى الله
عليه وسلم تكون النبوة فيكم ما شاء الله ان تكون ثم
يرفعها الله تعالى ثم يكون ملكا عاضًا
فيكون ما شاء الله ان يكون ثم يرفعها
الله ثم يكون ملكا جبرية فيكون ما شاء الله
ان يكون ثم يرفعها الله تعالى
ثم تكون خلافة على منهاج
نبوة ثم سكت و از جمله مناصبِ سیاستِ ایمانی فراست ست
وقال النبي صلى الله عليه وسلم اتقوا فراسة المؤمن

ورنہ اچھی خوشبو تو تجھکو آوے ہی گی اور بھٹی والوں نے تو تیرے
کپڑے ہی پھونکے اور بدبو سے تو تو بچ ہی نہیں سکتا) یعنی ابن مسعودؓ
نے فرمایا (ترجمہ البتہ عمرؓ کی مجلس ایک برس کی عبادت سے بہتر ہے)
اب ہا خرقِ عادت تو اُسکے بیان کی حاجت نہیں اسلیے کہ ظہورِ
خوارق ہادیانِ راہِ حق سے ایسے طور پر مشہور اور متواتر ہے کہ
حاجت بیان نہیں اب اظہارِ دعوت کا حال سنیے - فرمایا اللہ
تعالیٰ نے (ترجمہ کہ تم بہترین اُمت ہو لوگوں کے واسطے نکالے
گئے بھلی باتیں بتاتے ہو اور برائی سے روکتے ہو اور اللہ تعالیٰ پر
یقین رکھتے ہو) فرمایا اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ اور تم میں سے ایک جماعت
ایسی ہو کہ بھلائی کی طرف بلاوے اور اچھی باتیں بتاوے اور
برائی سے روکے) اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
(ترجمہ کہ اللہ اور فرشتے رحمت بھیجتے ہیں بھلائی کے بتانیوالے پر)
اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ جو بلاوے
ہدایت کی طرف اُسکا ثواب ہوتا ہے اور جو کوئی عمل کرے
اور عمل کرنیوالے کا کچھ ثواب کم نہیں ہوتا) اور فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ کہ بیشک علماء نبیوں کے وارث
ہیں) اور منجملہ کمالاتِ مذکورہ سیاستِ ایمانی ہے - فرمایا
اللہ تعالیٰ نے (ترجمہ ہمنے بیشک توراتِ اُتاری اُسمیں ہدایت
اور نور ہے حکم کرتے ہیں اُس سے نبی کہ ایمان لائے اُن لوگونکو
کہ یہودی ہوئے اور اللہ والونکو اور علماء کو) اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے (ترجمہ کہ نبوت تم میں جب تک چاہے اللہ کہ رہے
پھر اُٹھالیگا اُسکو اللہ تعالیٰ پھر ہو خلافت نبوت کے طریق پر
جب تک چاہے اللہ کہ رہے پھر اُٹھالیگا اللہ تعالیٰ اُسکو پھر ہو
بادشاہی مضبوط پھر رہے جب تک چاہے اللہ تعالیٰ پھر اُٹھالیگا
اُسکو پھر ہو بادشاہی زبردستی کی پھر جب تک چاہے اللہ تعالیٰ
پھر اُٹھاوے اُسکو پھر ہوئی خلافت نبوت کے طریق پر پھر آپ
چپ ہو رہے) اور سیاستِ ایمانی کی مناصب سے فراست بھی
ہے - فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ بچالے کھو فراست مومن کا

فانہ ینظر بنور اللہ تعالی و آزانجملہ امارت ست۔ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی اسامۃ بن زید ان کنتم تطعنون فی امارتہ فقد کنتم تطعنون فی امارۃ ابیہ من قبل وایم اللہ ان کان لخلیقا للامارۃ و آزانجملہ عدالت ست قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اقضی ھم علی الخ و ازانجملہ حفاظت ست و آنرا دو شعبہ ست اول انتظام امت کہ صاحب این خدمت را عسس میگویند دوم سد مفاسد دین وملت کہ صاحب این خدمت را محتسب میگویند اما اول فقد روی کان قیس بن سعد من النبی صلعم بمنزلہ صاحب الشرط من الامیر وصاحب الشرط عسس را میگویند۔ و اما ثانی قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم رضیت لامتی ما رضی بہا ابن ام عبد مراد از ابن ام عبد عبد اللہ بن مسعود ست و اما نظامت کہ آنرا امانت نیز گویند قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم لکل امۃ امین وامین ھذہ الامۃ ابو عبیدۃ بن الجراح انچہ درین تنبیہ مذکور گردید از اتمام این بیان واضح شد کہ کمالات مذکورہ چنانکہ در انبیاء اللہ یافتہ میشود ہمچنین اتباع ایشان را ہم ازان نصیبے میرسد ہرچند ہمہ کمالات مذکورۃ الصدر درین مقام بالاستیعاب مذکور نگردیدہ وانچہ مذکور گردیدہ تمامی شواہد آن از کتاب و سنت مذکور نشدہ بلکہ از کمالات مذکورۃ الصدر انچہ عمدہ ترین آنہا بود درین مقام مذکور گردید و بر ذکر شواہد و دلائل قلیلہ از کتاب و سنت اکتفا کردہ شد تا نمونہ باشد برائے منفعت طالب حق و ہر کہ ذہن ثاقب و فکر صائب داشتہ باشد کمالات غیر مذکورہ را بر کمالات مذکورہ قیاس تواند کرد و از ہمین شواہد قلیلہ بدلائل کثیرہ پے تواند برد۔ واللہ یہدی من یشاء الی صراط مستقیم **تنبیہ ثانی**۔ در تحقیق معنی مشابہت اولیاء بہ انبیاء در کمالات مذکورہ باید دانست

کیونکہ وہ دیکھتا ہے ساتھ نور اللہ کے۔ اور ازانجملہ امارت بھی ہے۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسامہ بن زیدؓ کی بابت (ترجمہ اگر تم اسکے امیر ہونے میں طعن کرتے ہو تو تم پہلے اسکے باپ کی امارت میں بھی طعن کرتے تھے قسم ہے اللہ تعالیٰ کی اور بیشک وہ خلیق تھا وہ امارت کو) اور ازانجملہ عدالت ہے۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ انمیں اچھا فیصلہ کرنے والا علی رضؓ ہے آخر تک) اور ازانجملہ حفاظت ہے اور اسکی دو شاخیں ہیں اول انتظام امت کہ اس خدمت والے کو عسس کہتے ہیں کوتوال دوم سد باب مفاسد دین وملت کہ اس خدمت والے کو محتسب فرماتے ہیں۔ پہلے کا حال سنئے (ترجمہ پس تحقیق روایت کیا گیا کہ تھے قیس بن سعدؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اُنکی جگہ صاحب شرط امیر سے) دوسرے کی کیفیت یہ ہے۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ راضی ہوں میں اپنی اُمت کو جو کہ راضی ہوا ساتھ اُسکے ابن اُم عبد) یعنی عبد اللہ بن مسعودؓ۔ اب نظامت یعنی امانت کا حال ملاحظہ فرمائیے۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ ہر اُمت میں امین ہوتا ہے اس اُمت میں امین ابو عبیدہ بن الجراح ہے) جو کچھ اس تنبیہ میں مذکور ہوا اُسکے اتمام بیان سے واضح ہوا کہ کمالات مذکورہ جیسے کہ حضرات انبیا میں پائے جاتے ہیں ایسے ہی اُنکے تابعین کو بھی اس سے حصہ ملتا ہے اب سننا چاہیے کہ تمام کمالات مذکورہ اس مقام میں کامل طور پر مذکور نہیں ہوے اور جو کچھ مذکور ہوے اُن کے تمامی شواہد و دلائل کتاب و سنت سے مذکور نہوے بلکہ کمالات مذکورۃ الصدر سے جو کچھ عمدہ تھے اس مقام میں ذکر کیے گئے اور کسی قدر ذکر کرنے اور شواہد و دلائل پر کہ کتاب و سنت سے ثابت ہیں اکتفا کیا گیا تا طالب حق کی منفعت کے لیے نمونہ ہو اور جو کوئی ذہن ثاقب اور فکر صائب رکھتا ہے کمالات غیر مذکورہ کو کمالات مذکورہ پر قیاس کر سکتا ہے۔ (ترجمہ سیدھی راہ پر چلانا اللہ ہی کا کام ہے) **تنبیہ ثانی** معنی مشابہت کی تحقیق میں ہے کہ اولیا کو انبیا کے ساتھ کمالات مذکورہ میں کیونکر حاصل ہوتی ہے معلوم کرنا چاہیے

که هرچند مراتبِ عالیه از کمالاتِ مذکوره مخصوص ست بذاتِ انبیاء
علیهم السلام فاما اصلِ هر کمال و تخم این نهال در دلِ هر مومن
صحیح الاعتقاد و مُسلم قوی الانقیاد یافته می شود مثلاً هر مومن
صادق را یک گونه وجاهتے بحضور حضرت رب العالمین و
در مجامع ملائکه مقربین ثابت ست. کما قال الله تعالیٰ
اَلَّذِیْنَ یَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ یُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ
رَبِّهِمْ وَیُؤْمِنُوْنَ وَیَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا
و همچنین نوعے از ولایت مومن مخلص را ثابت ست کما قال
الله تعالیٰ اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا
هُمْ یَحْزَنُوْنَ ○ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا یَتَّقُوْنَ ○
چنانکه ثبوت نوعے از اصلِ ولایت برائے هر مومن ازین کریمه
مستفاد گردید همچنین ثبوت نوعے از شعب و فروع آن هم برائے
هر مومن از آیات و احادیث مستفاد می شود مثلاً از انجمله
الهام ست که ملکِ مُلهم خیر همراه هر مومن ملازم ست و آن
مومن در اکثر اقوال تابع الهامات اوست همچنین تعلیم و
تفهیم در منام بطریقِ رویا هر مومن را حاصل و قدرے از
توکل که باعث بر ترکِ اسبابِ شرکیه و محرمیه شرعیه باشد
از لوازمِ اصلِ ایمان ست. کما قال الله تعالیٰ
وَعَلَى اللّٰهِ فَلْیَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ○ همچنین قدرے از
زهد که باعثِ آن بر ترکِ مستلذات ممنوعه شرعیه باشد
از ارکانِ اسلام ست و همچنین بوجهے حفاظتِ غیبی بواسطه
مَلکِ مُلهمِ خیر یا بواسطه وعظ و تذکیر هادیانِ راهِ حق بسوئے
هر مومن متحقق ست و همچنین مرتبه از بعثت و هدایت که ادنائے
آن فرضیت امر بالمعروف و نهی عن المنکر ست هر مومن را
حاصل و همچنین شرکت در ریاستِ ایمانی در بعضے اوقات

کہ ہرچند مراتبِ عالیہ منجملہ کمالاتِ مذکورہ ذواتِ انبیاء علیہم السلام کے
ساتھ مخصوص ہیں لیکن ہر کمال کی اصل اور اُسکا تخم ہر مومن صحیح
الاعتقاد اور ہر مسلم قوی الانقیاد (تابعداری) کے دل میں پایا جاتا ہے مثلاً
ہر مومن صادق کو ایک طرح کی وجاہت حضرت رب العالمین کے
حضور اور ملائکہ مقربین کے مجمع میں ثابت ہے۔ چنانچہ اللہ
تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے۔ (ترجمہ جو کہ اٹھائے ہوئے ہیں عرش کو
اور جو گرد اُسکے ہیں تسبیح کرتے ہیں ساتھ تعریف پروردگار اپنے
کی اور یقین لاتے ہیں اُسپر اور بخشش ایمان والوں کی) اور ایسی
ہی ایک قسم کی ولایت مؤمن مخلص کو حاصل ہے۔ فرمایا اللہ
تعالیٰ نے (ترجمہ خبردار ہو کہ اللہ تعالیٰ کے دوستوں کو نہ
خوف اور نہ غم اور جو یقین رکھتے ہیں اور رہیں پرہیزگار)
جس طور پر کہ اصل ولایت کی ایک نوع کا ثبوت ہر مومن کے
حق میں اس آیتِ کریمہ سے مستفاد ہوا اسی طور پر اُسکے فروعات
کی بھی ایک نوع کا حصول ہر مومن کے واسطے آیات اور
احادیث سے مستفاد ہوتا ہے مثلاً از انجملہ الہام ہے کہ ایک
فرشتہ ملہم خیر ہر مومن کے ہمراہ ہر وقت رہتا ہی اور وہ
اور اسکو حضرت مجیب الدعوات سے طلب کرنا چاہیے اور اپنی قبولیت دعا پر امید رکھنا چاہیے اور خلیفہ راشد کی تلاش میں ہر وقت ہمت باندھنی چاہیے کہ شاید نعمت کاملہ ایسے وقت میں ظہور فرمائے اور خلافت راشدہ ایسے زمانہ میں جلوہ دکھائے **نکتہ ثانی** خلیفہ راشد سایہ رب العالمین ہے اور ہمسایہ انبیاء و مرسلین سرمایہ ترقی دین ہے ہمپایہ ملائکہ مقربین ہے مرکز دائرۂ امکان ہے مفخر جمیع اکوان ہے افسر ارباب عرفان ہے سردفتر افراد انسان ہے دل اسکا عرش تجلی رحمان ہے سینہ اسکا دریائے رحمت بیکراں ہے اسکا اقبال پرتو جلال یزدانی ہے اسکی مقبولیت عکس جمال ربانی ہے اسکا قہر تیغ قضا ہے اسکی مہر میغ عطا ہے اسکا معارضہ معارضۂ تقدیر ہے اسکی مخالفت مخالفت رب قدیر ہے جو کمال کہ اسکی خدمتگزاری میں مصروف نہوا ایک خیال ہے پر اختلال اور جو علم کہ اسکی عظمت اور اکرام کے بیان میں کام نہ آیا ایک وہم ہے سراسر باطل و محال جو صاحب کمال کہ اپنا موازنہ اسکے ساتھ چاہتا ہے راہ مشارکت حق میں قدم بڑھاتا ہے اہل کمال کی علامت یہی ہے کہ اسکی خدمت میں مشغول رہے اسکی اطاعت میں مبذول رہے اسکی برابری کے دعوے سے ہاتھ اٹھائیں اسکو نائب رسول شمار میں لائیں **نکتہ ثالث** خلیفہ راشد نبی حکمی ہے ہرچند فی الحقیقت پایہ رسالت کو نہیں پہنچا ہے منصب خلافت حضرات انبیاء علیہم السلام کے چند احکام کے ساتھ جناب مالک علام سے اسکو عنایت ہوا ہر چند احکام مسطورہ بالاستیعاب ابواب آئندہ میں ان شاء اللہ تعالی مذکور ہوں گے لیکن دو تین احکام اس مقام میں ذکر کیے جاتے ہیں انکو سن لینا چاہیے از انجملہ یہ ہے کہ توقف نجات اخروی اسکی اطاعت پر موقوف ہے یعنی جیسے کہ کوئی ہزار وجہ سے معرفت الٰہی اور صلاح نفس میں جد و جہد تمام اور کوشش اور سعی

ما لا کلام بجا آورد اما وقتیکہ ایمان بالرسل ندارد ہرگز
نجات اُخروی بدست نخواہد آورد و خلاص از غضب
جبار و درکات نار نخواہد یافت ہمچنین ہرچند عبادات شرعیہ
وطاعات دینیہ بجا آرد وجد وجہد تمام در امتثال احکام
اسلام بر روے کار آرد اما تا وقتیکہ در اطاعت امام وقت
گردن ننہد و اقرار بامامت او نکند ہرگز عبادات مذکورہ
در آخرت کار آمدنی نیست واز دار و گیر رب قدیر خلاص
یافتنی نہ مَنْ لَمْ یَعْرِفْ اِمَامَ زَمَانِہٖ فَقَدْ مَاتَ مِیْتَۃً
جَاھِلِیَّۃً وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم صَلُّوْا خَمْسَکُمْ وَ
صُوْمُوْا شَھْرَکُمْ وَاَدُّوْا زَکٰوۃَ اَمْوَالِکُمْ وَاَطِیْعُوْا ذَا اَمْرِکُمْ
تَدْخُلُوْا جَنَّۃَ رَبِّکُمْ وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم مَنْ مَّاتَ
وَلَیْسَ فِیْ عُنُقِہٖ بَیْعَۃٌ مَاتَ مِیْتَۃً جَاھِلِیَّۃً واز انجملہ
توقف عبادات شرعیہ بر موافقت امر او یعنی چنانکہ
عبادات دینیہ وطاعات شرعیہ اگر مطابق سنت نبویہ
باشد مقبول ست والا مردود چنانکہ صحت جمعہ واعیاد
وجہاد وحدود وتعزیرات ہمہ متوقف ست بر
امر امام۔ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اِنَّمَا الْاِمَامُ
جُنَّۃٌ یُقَاتَلُ مِنْ وَّرَائِہٖ وَیُتَّقٰی بِہٖ و قال النبی
صلی اللہ علیہ وسلم اَلْغَزْوُ غَزْوَانِ فَاَمَّا مَنِ ابْتَغٰی
وَجْہَ اللّٰہِ وَاَطَاعَ الْاِمَامَ وَاَنْفَقَ الْکَرِیْمَۃَ وَیَاسَرَ
الشَّرِیْکَ وَاجْتَنَبَ الْفَسَادَ فَاِنَّ نَوْمَہٗ وَنَبْھَہٗ اَجْرٌ
کُلُّہٗ وَاَمَّا مَنْ غَزَا فَخْرًا وَّرِیَاءً وَّسُمْعَۃً وَّعَصَی الْاِمَامَ
وَاَفْسَدَ فِی الْاَرْضِ فَاِنَّہٗ لَمْ یَرْجِعْ بِالْکَفَافِ
واز انجملہ نفاذ حکم اوست در عقود ومعاملات بنی آدم پس
چنانکہ وقتیکہ نبی وقت بانعقاد معاملت از معاملات

ما لا کلام بجا لائے لیکن تا وقتیکہ رسولوں پر اُسکو ایمان نہو نجات
اُخروی اُسکے ہاتھ نہ آوے اور خلاصی غضب جبار اور
درکات نار سے نہ پاوے ایسے ہی ہرچند عبادات شرعیہ
اور طاعات دینیہ بجا لائے اور جد وجہد بجا آوری احکام
اسلام میں درجۂ اتمام کو پہنچاوے لیکن تا وقتیکہ امام وقت
کی طاعت میں گردن نہ رکھے اور اسکی امامت کا اقرار
نہ کرے ہرگز عبادات مذکورہ سے آخرت میں فائدہ نہ اُٹھاویگا
اور دار و گیر رب قدیر سے خلاصی نہ پاویگا (ترجمہ جسنے اپنے
زمانے کے امام کو نہ پہچانا پس مراوہ موت جہالت کی)
اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ پنج وقتی نماز
پڑھو اور ایک ماہ کے روزے رکھو اور اپنے مال کی زکوٰۃ
دو اور اطاعت کرو اپنے صاحب حکم کی داخل ہو اپنے
رب کی جنت میں) اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ
جو مرا اور اُسکی گردن میں بیعت نہیں مرا موت جاہلیت کی) اور
از انجملہ یہ ہے کہ عبادات شرعیہ اُسکے امر کی موافقت پر موقوف
ہیں یعنی اگر عبادات دینیہ اور طاعات شرعیہ اگر سنت نبویہ کے
مطابق ہوں مقبول ہیں ورنہ مردود چنانچہ صحت جمعہ اور عیدین
اور جہاد اور حدود اور تعزیرات سب کے سب امر امام پر موقوف
ہیں۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ سوا اسکے نہیں کہ امام
ڈھال ہے لڑو اسکے پیچھے اور بچو ساتھ اُسکے) اور فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ لڑائی دو قسم کی ہیں جسنے تلاش
کی خوشنودی اللہ کی اور اطاعت کی امام کی اور اچھا مال خرچ
کیا اور آسانی دی شریک کو اور جھگڑا نہ کیا بس اُسکا سونا اور جاگنا
سب سبب اجر ہی اور لیکن جو کوئی لڑا فخر اور دکھاوا اور سنانے کو
اور خلاف کرتا رہا امام کے اور فساد کیا بتحقیق وہ اجر لیکر نہیں آتا)
اور از انجملہ عقود او معاملات بنی آدم ہیں اُسکے حکم کا نفاذ ہے
پس جس طور پر کہ کسی وقت میں اپنے وقت کا نبی کسی معاملے کے انعقاد میں

سلہ جاری ہونا ۱۲

بمابین دو شخص حکم فرماید مثل انعقادِ نکاح یا بیع یا امثال
آن پس آن معاملہ بمجرد حکم خود بخود منعقد میگردد پس باز
کسے را چون و چرا دران نمی رسد چنانکہ حق جل و علیٰ میفرماید
ما کان لمؤمن ولا مؤمنة اذا قضی اللہ و
رسولہ امراً ان یکون لھم الخیرۃ من امرھم
ہمچنین عقودِ مذکورہ بحکمِ امام یا نائبِ او کہ قاضی ست
خود بخود منعقد می شود مجالِ گفتگو کسے را باقی نمی ماند چنانکہ
مسئلہ قضاء القاضی ینفذ ظاہراً و باطناً در متون و شروح
مصرح ست و از انجملہ ثبوتِ حکمِ شرعی ست بامرِ او یعنی چنانکہ
در فعلے از افعال و قولے از اقوال ہزار منافع و مضار مدرک
شود و بصد وجہ حسن یا قبح عقلاً درو ثابت شود اما تاوقتیکہ کتاب
منزل یا نص نبی مرسل بر لزوم یا منعِ او دلالت نداشتہ باشد
وجوب یا حرمتِ آن قول و فعل شرعاً ثابت نمی توان شد
ہمچنین اگر در فعلے یا قولے بہزار وجہ منفعت در ابواب
سیاست مفہوم گردد فاما تاوقتیکہ حکم امام یا نائبِ او بآن
ملحق نگردد آن را از واجباتِ شرعیہ نتوان شمرد و ہمچنین
اگر بر صحتِ دعویٰ یا بطلانِ آن یا ثبوتِ حد و تعزیر ہزار
دلائل باشد و صد گواہان دران گواہی دہند اما تاوقتیکہ
حکمِ امام یا نائبِ او بہ آن ملحق نگردیدہ ہرگز بہ پایۂ ثبوت نرسیدہ
پس چنانکہ سببِ ثبوتِ احکامِ شرعیہ نص نبوی ست و
بیانِ وجوہِ حسن و قبح عقلی محض بنا بر تسلی خاطرِ مخاطبین
الزامِ مخالفین ست و بس ہمچنین سببِ ثبوتِ احکامِ عقود و
معاملات و حدود و تعزیراتِ حکمِ امام و نائبِ اوست و
اظہارِ شہاداتِ شہود و بیانِ منافع و مضار
محض بنا بر تسلی خاطرِ حاکم ست و الزام کسے کہ او را

دو شخصوں کے درمیان حکم فرمائے مثل انعقادِ نکاح یا بیع یا
اسکے مثل اور معاملہ ہو بس وہ معاملہ بمجرد حکم خود بخود منعقد
ہوتا ہے پھر کسی کو اسمیں چون و چرا کی نوبت نہیں پہنچتی ہے
چنانچہ حق جل و علیٰ فرماتا ہے (ترجمہ کسی مرد او عورت ایمان
والے کو لائق نہیں جب اللہ تعالیٰ فیصلہ کرے اور رسول کسی
امر میں پھر انکا بھی اختیار رہے) ایسے ہی عقود اوپر معاملاتِ
مذکورہ بحکمِ امام یا نائب کہ قاضی ہے خود بخود منعقد ہوتے ہیں
کسی کو گفتگو کی مجال باقی نہیں رہتی ہے چنانچہ مسئلہ قضا یعنی
قاضی کا فیصلہ ظاہر و باطن میں جاری ہوتا ہے شروح اور
متون میں صاف صاف مرقوم ہے اور از انجملہ یہ ہے کہ حکم
شرعی کا ثبوت اسکے امر سے ہوتا ہے یعنی جس طرح پر کہ کسی فعل
میں افعال سے یا کسی قول میں اقوال سے ہزار منافع او مضار
سمجھے جائیں او رسو درجے سے حسن یا قبح عقلاً اسمیں ثابت ہوویں
لیکن تاوقتیکہ کتاب منزل یا نص نبی مرسل اسکے لزوم یا منع پر
دال نہوئے وجوب یا حرمت اس قول و فعل کا شرعاً ثابت
نہیں ہو سکتا ایسے ہی اگر کسی فعل یا قول میں ہزار طرح پر منفعت
ابوابِ سیاست میں معلوم ہوویں لیکن تاوقتیکہ امام یا نائب کا
حکم اسکے ساتھ ملحق نہوئے اسکو واجباتِ شرعیہ سے شمار نہیں
کر سکتے ایسے ہی اگر صحت دعویٰ یا بطلان یا ثبوت حد و تعزیر پر
ہزار دلائل ہوویں او رسو گواہ اس بارہ میں گواہی دیویں لیکن تاوقتیکہ
امام یا اسکے نائب کا حکم اسکے ساتھ نہ ملے ہرگز وہ امر پایۂ ثبوت
کو نہ پہنچے بس جس طرح پر کہ احکام شرعیہ کے ثبوت کا سبب نص
نبوی ہے اور حسن و قبح عقلی کے وجوہ کا بیان مخاطبین کے
خاطر کی تسلی اور مخالفین کے الزام کے بنا پر ہے ایسے ہی
احکامِ عقود و معاملات اور حدود و تعزیرات کے ثبوت کا
باعث امام اور اسکے نائب کا حکم ہے اور اظہارِ شہادت
شہود اور بیان منافع و مضار محض حاکم کے خاطر کی تسلی کے
واسطے ہے اور اس شخص کے الزام کی بنا پر ہے کہ اس حاکم کو

وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِی الْاَمْرِ مِنْکُمْ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم عَلَیْکُمْ بِسُنَّتِیْ وَسُنَّۃِ الْخُلَفَآءِ الرَّاشِدِیْنَ الْمَھْدِیِّیْنَ بِنَاءً علیہ علماء اُمّت اطاعتِ امام در مواضعِ غیر منصوصہ بر صحتِ قیاس موقوف نداشتہ اند بلکہ اطاعتِ اورا باوجودیکہ قیاسِ او ضعیف باشد واجب انگاشتہ و مخالفتِ او را اگرچہ بملاحظہ قیاسی باشد کہ اقوی و اظہر ست از قیاسِ او جائز نہ پنداشتہ و سرش ہمین ست کہ حکمش بذاتہ اصلی ست از اصولِ دین و دلیلے ست از ادلّہ شرعِ متین کہ اقوی ست از قیاسِ صحیح اگرچہ فی الحقیقت بقیاسے از قیاسات مستند باشد فاما آن قیاس اگرچہ صحیح باشد ظنّی ست و این حکم اگرچہ بنفس الامر مستند بقیاس ست اما قطعی ست مثالش آنکہ اجماع حجتِ قطعیہ ست و بسا ست کہ مستندِ اجماع در نفس الامر قیاسی می باشد یا خبرِ غیرِ مشہور و آن ہم ظنّی ست از انجملہ آنکہ حکمِ امام ہم نص حکمی ست کہ در مرتبۂ ثانیہ ست از نصِ حقیقی و اقوی ست از سائر ادلّہ شرعی چنانکہ بسیار چیز ست کہ در کتاب اللہ مسکوت عنہ ست و سنّتِ نبویہ آن را واجب یا حرام میگرداند ہمچنین بسا ست کہ چیزے بملاحظۂ دلائلِ کتاب و سنّت مباح و متساوی الطرفین بنظر می آید بحکمِ امام اورا واجب و حرام میگردانند و از آن جملہ آنکہ تفویضِ تعیینِ احکام بر ذمۂ امام یعنی چنانکہ وقتیکہ مقدمہ از مقدماتِ دیانت یا سیاست پیش آید و مہمے از مہماتِ دین رو نماید پس اگر پیغمبر در میانِ اُمّت موجود باشد پس ایشان را نمی رسد کہ بران امر مسابقت نمایند و قیل و قال را در میان خود ہا اندازند و باہم مشاورت کردہ چیزے مقرر و معین سازند و عقل و تدبیر و رائے و قیاس خود ران بتازند

اور رسول کا اور اپنے میں سے اختیا والوں کا) فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ لازم پکڑو میرا طریقہ اور میرے خلیفوں راشدین ہدایت پائے ہوں کا) بناءً علیہ علماء اُمّت نے اطاعت امام کو مواضع غیر منصوصہ میں صحت قیاس پر موقوف نہ رکھا ہی بلکہ اُسکی اطاعت کو باوجودیکہ قیاس اُسکا ضعیف ہو واجب جانتا ہی اور اُسکے مخالف کو اگرچہ بملاحظہ اس قیاس کے ہو کہ اُسکے قیاس سے اظہر اور اقوی ہے جائز نہ رکھا اور بھید اسمیں یہ ہے کہ اُسکا حکم بذاتہ ایک اصل ہے اصول دین سے اور ایک دلیل ہے ادلّہ شرعیہ متین سے کہ قیاس صحیح سے اقوی ہے اگرچہ فی الحقیقت منجملہ قیاسات کسی قیاس کے ساتھ مستند ہووے لیکن وہ قیاس اگرچہ صحیح ہو ظنی ہی اور یہ حکم اگرچہ نفس الامر میں مستند بقیاس ہے لیکن قطعی ہے مثال اُسکی یہ ہے کہ اجماع حجتِ قطعیہ ہے اور اکثر ایسا ہوتا ہے کہ مستند اجماع نفس الامر میں ایک قیاس ہوتا ہے یا خبر غیر مشہور اور وہ بھی ظنی ہے۔ ازانجملہ یہ ہے کہ حکم امام بھی نص حکمی ہے کہ نص حقیقی سے مرتبہ ثانیہ میں ہی اور تمام ادلّہ شرعیہ سے اقوی ہے چنانچہ بہت سی چیزیں ہیں کہ کتاب اللہ میں مسکوت عنہ ہیں اور سنّتِ نبویہ اُسکو واجب یا حرام کرتی ہے اور ایسا بھی بہت دیکھا گیا ہے کہ ایک چیز بملاحظہ کتاب و سنّت مباح اور متساوی الطرفین معلوم ہوتی ہے اور حکم امام اُسکو واجب اور حرام کرتا ہے۔ اور ازانجملہ یہ ہے کہ تفویض تعیین احکام بذمّہ امام ہے یعنی جس طرح پر کہ ایک وقت کوئی مقدمہ مقدماتِ دیانت یا سیاست سے پیش آئے اور کوئی مہم مہمات دین سے جلوہ ظہور دکھاوے پس اگر پیغمبر اُمّت میں موجود ہووے تو اُنکو نہیں لائق ہے کہ اُس امر پر مسابقت کریں اور قیل و قال درمیان لائیں اور باہم مشاورت کرکے کوئی چیز معین اور مقرر فرمائیں اور اپنی عقل و تدبیر اور رائے و قیاس پر ناز کریں

بلکہ باید کہ خود در آن مقدمہ سکوت نمایند و آن را بحضور پیغمبر خود رسانند و منتظر باشند کہ او درین مقدمہ چہ حکم میفرماید و کدام طریق مبین مینماید بالجملہ فرمانروائی منصب اوست و فرمانبرداری مرتبہ امت۔ قال اللہ تبارک و تعالیٰ

یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۝

ہمچنین لازم ست کہ اجراے احکام و سرانجام مہام بسوے امام حوالہ نمایند و با او راہ قیل و قال و بحث و جدال نہ پیمایند و خود بخود در مہمے از مہمات اقدام نکنند و زبان را بحضور او لگام دہند و راے خود را در سرانجام مقدمات دخل ندہند و دم استقلال بوجہ من الوجوہ با او نزنند۔ قال اللہ تبارک و تعالیٰ وَاِذَا جَآءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَاِلٰٓى اُولِی الْاَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِیْنَ یَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّیْطٰنَ اِلَّا قَلِیْلًا ۝

بالجملہ کار و بار خلافت را بر سیاست سلاطین قیاس باید کرد نہ بر ریاست دہاقین نکتہ رابعہ خلیفہ راشد بمنزلہ فرزند ولیعہد رسول ست و دیگر ائمہ دین بمنزلہ فرزندان دیگر پس چنانکہ مقتضاے سعادتمندی سائر فرزندان ہمین ہست کہ انچہ مراتب پاسداری و خدمتگزاری کہ بنسبت والد کردنی ست اینہمہ بنسبت برادر جانشین پدر بجا آرند و او را بجاے والد خود شمارند و با او دم مشارکت نزنند بلکہ بر منصب وزارت مصالحت کنند ہمچنین مقتضاے امامت ائمہ ہدے ہمین ست کہ انچہ از مراتب اطاعت و اعانت بنسبت پیغمبری آوردنی ست بہمون طریق

بلکہ چاہیے کہ آپ اُس مقدمہ میں سکوت کریں اور اُسکو اپنے پیغمبرؐ کے حضور میں پہنچاویں اور منتظر رہیں اور اس مقدمہ میں کیا حکم فرماتا ہے اور کونسا طریق ظاہر کرتا ہے بالجملہ فرمانروائی منصب اہل رسالت ہے اور فرمانبرداری مرتبہ اُمت فرمایا اللہ تبارک و تعالیٰ نے (ترجمہ اے ایمان والو نہ آگے بڑھو اللہ تعالیٰ کے نہ اُسکے رسول کے اللہ تعالیٰ سے ڈرو بیشک اللہ تعالیٰ سننے والا جاننے والا ہے) اسی طرح پر لازم ہے کہ اجراے احکام اور سرانجام مہام امام کی طرف حوالہ کریں اور اُسکے ساتھ قیل و قال اور بحث و جدال سے نہ پیش آئیں اور خود بخود کسی مُہم میں منجملہ مہمات پیش قدمی نہ فرمائیں اور زبان کو اُسکے حضور میں کلام سے دُور رکھیں اور اپنی راے کو سرانجام مقدمات میں دخل ندیں اور کسی وجہ سے استقلال کا دم اُسکے سامنے نہ ماریں۔ فرمایا اللہ تبارک و تعالیٰ نے (ترجمہ اور جب اُنکے پاس کوئی بات امن کی یا خوف کی ظاہر کر دیتے ہیں اُسکو اور کاش پھیر دیتے اسکو طرف رسول اللہؐ کے اور طرف اختیار والوں کے البتہ جان لیتے وہ لوگ سمجھتے ہیں اسکو انہیں سے اور نہوتا فضل اللہ کا تمپر اور رحمت اُسکی بیشک پیچھے لگتے تم شیطان کے مگر تھوڑے) بالجملہ کار و بار خلافت کو سیاست سلاطین پر قیاس کرنا چاہیے نہ ریاست دہاقین پر نکتہ رابعہ خلیفہ راشد بمنزلہ فرزند و ولی عہد رسول ہے اور دوسرے ائمہ دین بمنزلہ فرزندان دیگر ہیں پس جیسا کہ تمام فرزندونکی سعادتمندی کا مقتضا یہی ہے کہ جو کچھ پاسداری اور خدمتگزاری کے مراتب بنسبت والد بزرگوار کرنے چاہئیں ایسے ہی بنسبت برادر جانشین پدر بجا لائیں اور اسکو بجاے والد جانیں اور اُسکے ساتھ مشارکت اور مقابلہ کا دم نہ ماریں بلکہ منصب وزارت پر مصالحت کریں علیٰ ہذا مقتضاے امامت یہی ہے کہ جو کچھ اطاعت اور اعانت کے لوازم اور مراتب کسی پیغمبر کی نسبت اور کرنی چاہئیں اُسی طرح پر

زمام اختیار خود بدست خلیفہ راشد بدہند و در انقیاد او ہر
وجہ گردن نہند ہر چند ہر کس از ایشان در منازل وجاہت
عَلَم ست و در مقامات ولایت راسخ القدم و در نزول کلام و
الہام با او مشابہت میدارد و در توجہ خطاب با او مشارکت
بمنصب بعثت و ارسال مباہات میدارد و در فتح ابواب
ہدایت با او مساوات لکن صاحب سیاست کبریٰ و خلافت
عظمیٰ ہمون خلیفہ راشد کہ تمثال انبیاء اولوالعزم ست و ارباب
مناصب ہدایت سائر ائمہ دین کہ ظلال انبیاء مرسلین اند از
مقامے کہ منصب امامت بایشان عطا گردیدہ از ہمان
مقام حکم اطاعت و اعانت او بایشان رسیدہ پس چنانکہ
ہر کسے از انبیاء مرسلین با اولوالعزم در منصب امامت مشارکت
می دارند و در نزول وحی مشابہت فاما چنانکہ از بارگاہ
کریم مطلق مبعوث اند از ہمان بارگاہ باتباع انبیاء اولوالعزم
مامور ہمچنین تمام ائمہ ہدیٰ ہر چند از بارگاہ ملک علی الاطلاق
و مالک بالاستحقاق بمنصب امامت رسیدہ اما از ہمان
بارگاہ باعانت خلیفہ راشد مامور گردیدہ بالجملہ معاملات
ائمہ ہدیٰ را با خلیفہ راشد از معاملہ جناب فاروق اعظم با
صدیق اکبر و جناب مرتضیٰ با فاروق اعظم و جناب حسن مجتبیٰ
باحضرت مرتضیٰ توان دریافت کہ با وجود اتصاف کمالات
روحانی و فضائل نفسانی زمام اختیار بدست خلیفہ راشد دادند
و بر اطاعت او گردن نہادند رضی اللہ عنہم اجمعین **قسم ثانی
در ذکر اقسام امامت حکمیہ**۔ باید دانست کہ امامت
حکمیہ در ہر کمال از کمالات مذکورہ عبارت ست از
نقصان حصول معنی مشابہت بانبیاء اللہ در ان
کمال با وجود تحقق علامات و آثار آن پس آثار

اپنے اختیار کی باگ خلیفہ راشد کے ہاتھ میں دیں اور اُسکے تابعداری
میں ہر وجہ سے گردن رکھیں ہر چند ہر کوئی اُن میں سے منازل
وجاہت میں عَلَم ہے اور مقامات ولایت میں راسخ القدم اور
نزول کلام اور الہام میں اُسکے ساتھ مشابہت رکھتا ہے اور
توجہ خطاب میں مشارکت منصب بعثت اور رسالت میں
مباہات رکھتا ہے اور فتح ابواب ہدایت میں مساوات ساتھ اُسکے
ابنہیں فخر کرنا
لیکن صاحب سیاست کبریٰ اور خلافت عظمیٰ وہی خلیفہ راشد ہے
کہ تمثال انبیاء اولوالعزم ہے اور ارباب مناصب ہدایت جملہ
ائمہ دین ہیں کہ سایہ انبیاء مرسلین ہیں جس مقام سے کہ منصب
امامت اُنکو عطا ہوا اُسی مقام سے حکم اطاعت اور اعانت
اُنکو پہنچا پس جس طور پر کہ ہر کوئی انبیاء مرسلین میں سے
اولوالعزم کے ساتھ منصب امامت میں مشارکت رکھتا
ہے اور نزول وحی میں مشابہت اور جس طور پر کہ بارگاہ
کریم مطلق سے مبعوث ہے اُسی بارگاہ سے باتباع انبیاء
اولوالعزم مامور اسی طور پر تمام ائمہ ہدیٰ ہر چند بارگاہ
ملک علی الاطلاق اور مالک بالاستحقاق سے منصب
امامت کو پہنچے لیکن اُسی بارگاہ سے خلیفہ راشد کی اعانت
کے واسطے مامور ہوے۔ الحاصل معاملات ائمہ ہدیٰ کو
ساتھ خلیفہ راشد کے منجملہ معاملہ جناب فاروق اعظم با
صدیق اکبر و جناب مرتضیٰ با فاروق اعظم و جناب حسن
مجتبیٰ باحضرت مرتضیٰ معلوم کرنا چاہیے کہ با وجود اتصاف
کمالات روحانی و فضائل نفسانی اپنے اختیار کی باگ
خلیفہ راشد کے ہاتھ میں دی اور اُسکی اطاعت کے واسطے
گردن جھکائی رضی اللہ عنہم اجمعین۔ **قسم ثانی میں
اقسام امامت حکمیہ کا ذکر ہے** معلوم کرنا چاہیے
کہ امامت حکمیہ ہر کمال میں منجملہ کمالات مذکورہ عبارت ہے
نقصان حصول معنی مشابہت بانبیاء اللہ سے اُس کمال
میں با وجود تحقق علامات اور آثار اُسکی کے پس آثار اور

وعلاماتِ امامت درین صورت موجود ست و حقیقت آن
مفقود ہر چند انچہ از اقسامِ امامت حقیقیہ در قسمِ اول مذکور گردیدہ
محاذی ہمہ آن اقسامِ امامت حکمیہ است پس چنانکہ اقسامِ امامت حقیقیہ
بیشمار ست ہمچنین اقسامِ امامتِ حکمیہ بیحد و حصار اما تفصیل آن ہمہ
اقسام مقصود درینمقام نیست بلکہ مقصود درینمقام بیان امامت حکمیہ در
بابِ سیاست ست پس پس میگویم کہ فقدانِ امامتِ حقیقیہ در باب سیاست
وحدوث و امامت حکمیہ در آن بسبب امتزاجِ سیاستِ سلطانی ہست
یا سیاستِ ایمانی پس قدریکہ سیاستِ سلطانی در سیاستِ ایمانی راہ
خواہد یافت ہمون قدر امامتِ حقیقیہ مغلوب خواہد گردید و امامتِ حکمیہ
غالب و خلافتِ راشدہ روپوش خواہد شد و سلطنت ظاہرہ در خروش
پس سیاستِ ایمانی و سیاستِ سلطانی را بمنزلہ آب شیرین و آب شور
تصوّر توان کرد پس ہر قدر کہ آب شور را با آب شیرین آمیختہ کنند ہمان
قدر لذّت آب شیرین پنہان خواہد گردید وحدت آب شور نمایان
پس چنانکہ مراتب اختلاط آب شور با آب شیرین متفاوت کہ تفاوت در
تغیر ذائقہ آب شیرین بر طبقِ آن ہویدا خواہد گردید ہمچنین مراتب
اختلاطِ سیاستِ سلطانی با سیاستِ ایمانی متفاوتست کہ
تفاوتِ مراتبِ تغیرِ خلافتِ راشدہ بحسب آن پیدا خواہد شد
تفصیلش اینکہ اختلاطِ آب شور با آبِ شیرین بر چہار مرتبہ
متصوّر می شود اوّل آنکہ قدرے قلیل از آب شور بقدرے
کثیر از آبِ شیرین و صاف و سرد بوجہے مختلط شود کہ ہیچ تلخی و
تیزی در ذائقہ آب شیرین ظاہر نگردد فاما لطافت و نفاستِ
او معدوم شود و پس پس لطیف طبعانِ نازک مزاج البتہ
آبِ مذکور را پسند نخواہند کرد و ہمچنین کسے کہ بخوردن
آبِ شیرین خالص معتاد ست آب متغیر مذکور
بر طبیعتِ او ناگوار خواہد گردید فاما تشنہ ۱۲

علاماتِ امامت اس صورت میں موجود ہیں اور حقیقت
اُسکی مفقود ہے اگرچہ امامتِ حقیقیہ کے اقسام قسمِ اول میں مذکور
ہوئے یہاں اقسامِ امامتِ حکمیہ کا ذکر کیا جاتا ہے پس
جس طور پر کہ امامتِ حقیقیہ کے اقسام بیشمار ہیں ایسے ہی
امامتِ حکمیہ کے اقسام بیحد و حصار ہیں اُن جملہ اقسام کی
تفصیل اس مقام میں مقصود نہیں بلکہ مقصود اس مقام میں
بیان امامت حکمیہ در بابِ سیاست ہے اور پس پس میں
کہتا ہوں کہ امامت حقیقیہ کا فقدان باب سیاست میں
اور امامت حکمیہ کا حدوث اُس میں سیاست سلطانی کے
امتزاج کے باعث ہے سیاست ایمانی کی جسقدر کہ
سیاستِ سلطانی سیاست ایمانی میں راہ پائیگی اُسی قدر
امامتِ حقیقیہ مغلوب ہو جائیگی اور امامت حکمیہ غالب اور
خلافتِ راشدہ روپوش ہوگی اور سلطنتِ ظاہرہ
در خروش پس سیاست ایمانی اور سیاست سلطانی کو
بمنزلہ آب شیریں اور آب شور خیال کرنا چاہیے یعنی جس قدر
کہ آبِ شور کو آبِ شیریں کے ساتھ ملائیں اُسی قدر آبِ شیریں
کی لذت پنہاں ہووے اور آب شور کی حدت نمایاں
پس جس طور پر کہ آب شور کی آب شیریں کے ملنے کے ساتھ
میں تفاوت مراتب ہے ایسے ہی مراتب اختلاط سیاستِ
سلطانی یا سیاستِ ایمانی میں تفاوت ہے تفصیل اس
اجمال کی یہ ہے کہ آب شور کی آب شیریں کے ساتھ
ملنا چار مرتبہ پر متصور ہوتا ہے اوّل یہ ہے کہ تھوڑا سا
آب شور بہت سے آب شیریں اور صاف اور سرد میں اس
طور پر مختلط ہو کہ کسی قدر بھی تلخی اور تیزی ذائقہ آب شیریں میں
ظاہر نہ ہووے لیکن لطافت اور نفاست اُسکی معدوم ہووے
پس لطیف طبیعت نازک مزاج البتہ آب مذکور کو پسند نکرینگے
اور ایسے ہی جو شخص کہ آب شیریں خالص کے کھانے کا عادی ہے
آب متغیر مذکور اُسکی طبیعت پر ناگوار گزرے گا لیکن تشنہ کو

سیراب خواہد کرد و نباتات را شاداب و جمیع اصناف طعام
از و پختہ خواہد گردید و جمیع اصناف پارچہ از و شستہ پس
این آب مذکور اگرچہ فی الحقیقت از جنس آب خالص نیست
فامادر آثار ہمرنگ اوست و در منافع ہمسنگ دوم آنکہ بحدے
مخلوط شود کہ تلخی و تیزی در ذائقہ او بوجہے نمایان گردد کہ
خوردن آن بر طبیعت ہر کس و ناکس ناگوار شود و کراہت ذائقہ
او آشکار فاما التہاب سوزش تشنگی از و زائل می تواند شد
و تسکین سوزش تفتگی از و حاصل و در دیگر منافع ہم یک گونہ
تغیرے راہ خواہد یافت و تلخی او در اطعمہ ہم یک گونہ خواہد
شتافت و جامہ ہم از کدورت چرک بالکل پاک نخواہد گردید
و سرسبزی نباتات ہم بکمال رونق نخواہد رسید مرتبہ ثالث
آنکہ آب شور با آب شیرین بحدے مختلط شود کہ تلخی و حدت
بوجہے ظاہر و باہر گردد و حلاوت و لذت بوجہے مختلف
شود کہ او را اہل عرف آب شور بدانند گو کہ ہر چند عند الضرورت
در حوائج خود ستعمال نمایند و مہما امکن از و بگریزند و از
ستعمال او پرہیزند و جامہاے نفیسہ از و نشویند و
سیرابی اشجار لطیفہ از و نجویند اگرچہ بعضے از نباتات کثیفہ
را مثل درخت تماکو از و آب دہند و عند الاضطرار بوجہ
من الوجوہ استعمال کنند مرتبہ رابع آنکہ آب شور با آب
شیرین بحدے مختلط شود کہ بالکل بسان آب دریاے
شور محض تلخ گردد و شیرینی از اصل زائل شود و منافع
آب بالکل باطل و اگر کسے او را بجبر و اکراہ در حاجتے از حوائج
خود ستعمال ہم کند ہرگز حاجت او صلا حاصل نشود و منفعت
مقصود بوجہ من الوجوہ برو مترتب نگردد مثلاً اگر براے تسکین
تشنگی بخورد سوزش تشنگی دو بالا گردد و اگر درختے را باو

سیراب کریگا اور نباتات کو شاداب اور ہر قسم کے کھانے
اُس سے پختہ ہونگے اور ہر قسم کے کپڑے اُس سے دھوئے
جائینگے پس یہ آب مذکور اگرچہ فی الحقیقت از جنس آب خالص
نہیں لیکن آثار میں اُسکے ہمرنگ ہے اور منافع میں ہمسنگ
مرتبہ دوم یہ ہے کہ اُس درجہ کو مخلوط ہو کہ تلخی اور تیزی اُس کی
ذائقہ میں ایسے وجہ پر ظاہر ہووے کہ کھانا اُسکا ہر کس و ناکس
کی طبیعت پر ناگوار ہو اور اُسکے ذائقہ کی کراہت آشکار ہو
لیکن شورش تشنگی اُس سے زائل ہو سکے اور تسکین سوزش
تفتگی اُس سے حاصل ہو اور منافع میں بھی ایک قسم کا
تغیر راہ پاے اور اُسکی تلخی کھانوں میں بھی کسی قدر پائی جائے
اور کپڑا بھی کدورت چرک سے بالکل پاک نہووے اور سرسبزی
نباتات بھی کمال رونق کو نہ پہنچے مرتبہ سوم یہ ہے کہ آب شور
آب شیریں کے ساتھ اس درجہ کا اختلاط قبول کرے کہ
تلخی اور حدت ایسی وجہ پر ظاہر و باہر ہو اور حلاوت اور لذت
ایسی طور پر مختلف ہو کہ اُسکو اہل عرف آب شور جانیں گو کہ
ہر چند وقت ضرورت اپنے حوائج میں استعمال کریں اور
حتی الامکان اُس سے بچیں اور اُسکے استعمال سے پرہیز
اختیار کریں اور جامہ ہائے نفیسہ اُس سے نہ دھوویں اور
سیرابی اشجار لطیفہ اُس سے نہ چاہیں اگرچہ بعض نباتات کثیفہ کو
مثل درخت تماکو اُس سے پانی پہنچائیں اور عند الاضطرار
بوجہ من الوجوہ اُسکو استعمال میں لائیں مرتبہ چہارم یہ ہے کہ
آب شور آب شیریں کے ساتھ اس درجہ کو ملے کہ بالکل بسان
آب دریاے شور محض تلخ ہو اور شیرینی اصل سے زائل
ہووے اور منافع آب بالکل باطل ہوئے اور اگر کوئی اُسکو
بجبر و اکراہ کسی حاجت میں حوائج سے استعمال بھی کرے
ہرگز حاجت اُسکی بر نہ آئے اور منفعت مقصود بوجہ من الوجوہ
اُس پر مترتب نہووے مثلاً اگر تشنگی کی تسکین کے لیے کھاے
سوزش تشنگی زیادہ بڑھ جائے اور اگر کسی درخت کو اُس سے

آب بدہد درخت مذکور از اصل سوزد واگر طعامے باو پختہ کند
طعامِ مذکور محض خام ماند واگر طعام مذکور بخورد ہر آئینہ مضرت
باو رساند پس درین صورت از جنس آب شیرین بالکل خارج شد
جائیکہ مثل این آب موجود ست طالبین آب را توان گفت
کہ آب اینجا مفقود ست اگر مسافرے مثل این آب با خود
خواہد داشت بلا ریب در میدان بے آب از شدتِ تشنگی
جان خواہد باخت چون این تمثیل واضح گردید پس بر اصل
کلام بیائیم و در تفصیلِ مراتب امامتِ حکمیہ زبان بکشائیم
پس بگوئیم اصل این آزار و تخم این خار نقصان ست در مقامِ
عبودیت چنانکہ در ذاتِ بابرکات امام حقیقی صفتِ نبوّتِ
تامہ می نہند کہ محض رضاے ربانی را قبلہ ہمت خود ساختہ
وہواے نفسانی بالکل پس پشت انداختہ از استیفاے
لذائذ خود محض پاک ست و در طلبِ رضائے مولائے خود
بغایت چست وچالاک از مقتضیاتِ نفس بالکل دست بردار
است و از اتباعِ ہوا وہوس محض بیزار از درون و برون
برنگ استقامت رنگین ست و بوزنِ مناسب سنگین از
ہر جانب چشم خود بستہ و از ہر سو پائے خود شکستہ رو بروے
مولاے خود نشستہ ست و علائق ماسوے اللہ را گسستہ
واز محبتِ غیر وارستہ کہ مَنْ اَحَبَّ لِلّٰہِ وَاَبْغَضَ لِلّٰہِ
وَاَعْطٰی لِلّٰہِ وَمَنَعَ لِلّٰہِ فَقَدِ اسْتَکْمَلَ الْاِیْمَانُ
بیانِ شانِ اوست ومن کان اللہ ورسولہ
احب الیہ مما سواھما تفصیلِ حالِ او بنابر علیہ
وقتیکہ بمنصبِ خلافت میرسد در ابوابِ سیاست محض بنابر اصلاح
حال عباد اللہ و ادائے حقوق نیابت رسول اللہ مشغول می شود نہ
آرزوے حصول منفعتے بہ نسبت ذات خود در دل او میگذرد

پانی پہنچائے درخت مذکور اصل سے جل جائے اور اگر کوئی
کھانا اُس سے پکائے محض خام رہجائے اور اگر طعام مذکور کو
نوش فرمائے کچھ نفع نہ اُٹھائے بلکہ مضرت پہنچائے پس
اس صورت میں یہ پانی جنسِ آب شیریں سے بالکل خارج
ہوا جس جگہ کہ ایسا پانی موجود ہے طالبینِ آب سے کہنا چاہیے
کہ آب یہاں مفقود ہے۔ اگر کوئی مسافر ایسا پانی اپنے ہمراہ
رکھے گا بلا ریب میدانِ بے آب میں شدّتِ تشنگی سے ذائقۂ
موت چکھے گا۔ جب کہ یہ تمثیل واضح ہوئی تو اصل کلام کیطرف
آتے ہیں ہم اور تفصیلِ مراتبِ امامتِ حکمیہ میں زبان کو چاشنی
پہنچاتے ہیں ہم اور سناتے ہیں ہم کہ اس آزار کی اصل اور اس
خار کا تخم مقامِ عبودیت میں نقصان ہے چنانچہ ذاتِ بابرکاتِ
امامِ حقیقی میں نبوّتِ تامہ کی صفت رکھی ہے کہ محض رضائے
ربانی کو اپنی ہمّت کا قبلہ بناکر اور ہوائے نفسانی کو بالکل
پسِ پشت ڈال کر استیفائے لذائذ سے سراپا پاک ہے اور
طلبِ رضائے مولیٰ میں بغایت چست وچالاک ہے
خواہشِ نفسانی سے بالکل دست بردار ہے اور اتباعِ ہوا
وہوس سے محض بیزار ظاہراً و باطناً برنگِ استقامت رنگین ہے
اور بوزنِ مناسب سنگین ہر طرف سے چشم بستہ ہے اور ہر
جانب سے پائے شکستہ ہر وقت دمدار یار سے دل شاد ہے
اور علائقِ ماسوا اور محبتِ غیر سے متنفر اور آزاد ہے (ترجمہ
جسنے دوستی کی اللہ کے واسطے اور دشمنی کی اللہ کے لیے
اور دیا اور نہ دیا اللہ کے واسطے بیشک اُسنے ایمان پورا کیا)
اُسکی شان کا بیان ہے (ترجمہ اور جو کوئی کہ ہووے
اللہ اور رسول محبوب تر اسکو سوائے ان دونو کے)
اُسکے حال کی تفصیل ہے بناءً علیہ جس وقت کہ منصب خلافت
پر پہنچتا ہے ابوابِ سیاست محض میں بندگانِ خدا کی صلاحیت
اور ادائے حقوقِ نیابت میں مشغول ہوتا ہے حصول منفعت کی
آرزو اُسکی ذات کی نسبت اُسکے دل میں کبھی آتی نہیں

ونہ غبار مضرتے بدامن ہمتِ او میرسد مشارکتِ ہوائے نفسانی را در
اطاعتِ ربانی از قبیلِ شرک میدارد و تمنّیِ حصولِ مقصدے بجز رضائے
حق بہ نسبتِ دل اخلاص منزل خود از جنسِ چرک میشمارد پس لابد
چیزے غیر از تربیتِ بندگانِ الٰہی او را نہ در ظاہر مطلوب باشد و نہ در
دل مرغوب لہٰذا امریکہ باعث انحرافِ او از قوانینِ سیاست ایمانی
باشد و باعثِ میلانِ او بہ آئینِ سیاستِ سلطانی گردد اصلاً و
مطلقاً در پیش نخواہد آمد بلکہ آرزوے مثل این امرِ قبیح ہم در دلِ او
خطور نخواہد کرد و او را ہیچ امرے از امورِ نفسانی ازین راہ ہیچگونہ نخواہد برد
اما امام حکمی ازبسکہ مقتضیاتِ نفسانیہ بالکل منزہ نیست و از علائقِ
ماسوی اللہ بالکل مبرا نہ بناءً علیہ آرزوے حصولِ مال و منال و جاہ
و جلال و تفوق بر اخوان و اقران و تسلّط بر امصار و بلدان و پاسدارے
اصدقا و اقربا و بدخواہی مخالفین و اعدا و استیفاءِ لذاتِ جسمانیہ و
مرغوباتِ نفسانیہ در دلِ او میماند بلکہ این امورِ مذکورہ را طلب
ہم مینماید و ابوابِ سیاست را وسیلۂ حصولِ مقاصدِ خود میگرداند
و طریقِ حکومت الحکمتِ عملی بتمنائے قلبی خود میرساند و ہمین ست
سیاستِ سلطانی کہ ابوابِ سیاست ابنا بر جلبِ منافع و دفعِ مضار
خود اجرا نماید پس ہمین آرزوے استیفاے لذاتِ جسمانیہ مذکورہ وقتیکہ
باسیاستِ ایمانی مختلط میشود ہمون خلافتِ راشدہ مخفی میگردد و سیاستِ
ظاہرہ برملا و این طلبِ لذاتِ نفسانیہ متفاوت میشود بحسبِ اختلافِ
اشخاص ہمین ہوا و ہوس بر بعضے اشخاص بحدے غالب
میشود کہ ایشان را از دائرۂ دین و ایمان بر می کشد و بر بعضے
ہمین قدر مسلط می شود کہ بحدِ فسق و فجور میرسد و بہ بعضے
ہمین قدر گزند میرساند کہ ایشان را در سلکِ بوالہوسانِ
آرام طلب منسلک میگرداند پس اختلاطِ این ہوا و ہوس را
باسیاستِ ایمانی بر چہار مرتبہ باید فہمید مرتبۂ اول آنکہ

غبار مضرت کے خیال کو اُسکے دامنِ ہمت تک رسائی
نہیں مشارکتِ ہوائے نفسانی کو اطاعتِ ربانی میں از قبیل
شرک جانتا ہے تمنائے حصولِ مقصد کو بجز رضائے حق
اپنے دلِ اخلاص منزل کی نسبت از جنسِ چرک پہچانتا ہے
جو چیز کہ بندگانِ الٰہی کے منافی ہے بالضرور اُسکو نہ ظاہر میں
مطلوب ہے اور نہ دل میں مرغوب فلہٰذا جو امر کہ قوانینِ سیاستِ
ایمانی سے انحراف کا باعث ہوا اور آئینِ سیاستِ سلطانی
کی طرف میلان کا سبب ہو اُس سے اصلاً و مطلقاً در پیش
نہ آئیگا بلکہ اس امرِ قبیح کی آرزو کا خطرہ بھی اُسکے دل میں نہ
گزریگا اور اسکو کوئی امر منجملہ اُمورِ نفسانی اس راہِ حقانی سے
دوسری طرف نہ لیجائیگا لیکن امامِ حکمی ازبسکہ مقتضیاتِ
نفسانی سے بالکل منزہ نہیں اور علائق ماسوی اللہ سے
مبرا نہیں اسلیے آرزوئے حصولِ مال و منال و جاہ و جلال
اور تمنائے تفوقِ اخوان و اقران اور تسلّط امصار و بلدان اور
پاسداری اصدقا و اقربا اور بدخواہی مخالفین و اعدا اور
استیفائے لذاتِ جسمانیہ اور مرغوباتِ نفسانیہ اسکے دل میں
رہتی ہے بلکہ ان امورِ مذکورہ کا طالب بھی ہوتا ہے اور ابوابِ
سیاست کو اپنے حصولِ نفع اور دفعِ ضرر کی بنا پر جاری کرے
پس یہی لذاتِ جسمانیہ کے پورے حاصل ہونے کی ارزو
جس وقت سیاست ایمانی کے ساتھ مختلط ہوئی وہی
خلافتِ راشدہ مخفی اور سیاستِ ظاہرہ برملا ہوتی ہے
اور یہ طلبِ لذاتِ نفسانیہ بحسبِ اختلافِ اشخاص متفاوت
ہوتی ہے یہی ہوا و ہوس بعض اشخاص پر اُس درجہ کو غالب
ہوتی ہے کہ اُسکو دائرۂ دین و ایمان سے نکالتی ہے اور بعض پر
اسی قدر غالب آتی ہے کہ حدِ فسق و فجور کو پہنچاتی ہے اور
بعض کو اسی قدر گزند پہنچاتی ہے کہ سلکِ بوالہوسانِ آرام طلب
میں منسلک کرتی ہے سو اس ہوا و ہوس کا اختلاطِ سیاستِ
ایمانی کے ساتھ چار مرتبہ پر خیال کرنا چاہیے مرتبۂ اول یہ ہے کہ

طالب لذّاتِ نفسانی باشد باوجود پاسداری ظاہر شرع
یعنی ظاہر شرع را از دست ندہد و براہ اہل فسق و فجور و ارباب
تعدی وجور نرود اما مساعی راحت رسانی نفس خود بوجھے
بجا آرد کہ ظاہر شرع آن را از مباحات می شمارد و این را سلطنت
عادلہ میگوئیم و مرتبۂ ثانیہ آنکہ طلب لذائذ نفسانی و خواہشِ
راحتِ جسمانی آن قدر غلبہ کند کہ گاہ گاہ باستیفار لذات از حیطۂ
ظاہر شرع بیرون شود و براہ فاسقانِ بیباک و ظالمانِ سفاک
رود و باز بران ندامت نکشد و ازان تائب نگردد و این
را سلطنت جابرہ میگوئیم و مرتبۂ ثالثہ آنکہ اتباع نفس بر و
بحدے غالب شود کہ فاسق یگانہ گردد و عیاشِ زمانہ
دادِ تکبر و تجبر دہد و بنیادِ ظلم و تعدی نہد در دقائق تعیش
فکر نماید و مراتبِ تفرج را بکمال رساند و قوانین فسق و فجور
و آئین تعدی و جور در مقابلہ ملّت و شواہد سنّت فراہم
آرد و آن را از جنسِ ہنر و کمال خود شمارد و این را سلطنت
ضلالت میگوئیم مرتبۂ رابعہ آنکہ آئین ساختہ و پرداختہ خود
را بر قوانین شرع متین ترجیح دہد و راہ و روشِ ملّت و
سنّت را اہانت نماید و بر رد و قدح و اعتراض و استہزاء
بر آن متوجہ گردد و محاسن و منافع آئین شمارد و شرع
را محض ہرزہ گردی و بیہودہ سرائی مثل سخنانِ
عام فریب میدارد و احکام ملکِ علّام و سنّتِ
سید الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام را از جنس
مزخرفات احمق فریب و نادان پسند قرار دہد و بنیاد
الحاد و زندقہ نہد و این را سلطنت کفر میگوئیم پس این
مراتب چہارگانہ را در ضمن تنبیہاتِ اربعہ ذکر مینمائیم

تنبیہ اول در ذکر سلطنتِ عادلہ

باوجود پاسداری ظاہر شرع طالب لذاتِ نفسانی ہو یعنی
ظاہر شرع کو ہاتھ سے نہ دے اور اہل فسق و فجور اور اربابِ
تعدّی وجور کا طریق نہ اختیار کرے لیکن اپنے نفس کی راحت
رسانی کا سامان ایسے طور پر بجا لائے کہ ظاہر شرع اُسکو مباحات سے
جانے اور اسکا ہم سلطنت عادلہ نام رکھتے ہیں مرتبۂ ثانیہ
یہ ہے کہ لذائذ نفسانی کی طلب اور راحتِ جسمانی کی خواہش
اُس قدر غلبہ کرے کہ کبھی کبھی حصول لذائذ کی وجہ سے احاطہ
ظاہر شرع سے باہر جائے اور فاسقان بے باک اور ظالمان
سفاک کی راہ کیطرف قدم رکھے اور پھر اُسپر ندامت کا خیال
نکرے اور اُس فعل ناشائستہ سے تائب نہووے اسکو ہم
سلطنت جابرہ کہتے ہیں مرتبۂ ثالثہ یہ ہے کہ اتباع نفس اُسپر
اُس حد تک غالب ہووے کہ فاسق یگانہ ہوجاوے اور عیاش
زمانہ بجائے دادِ تکبر و تجبر دے اور بنیادِ ظلم و تعدی قائم کرے
دقائق تعیش میں فکر کرے اور مراتب تفرج کو کمال پر پہنچاوے
قوانین فسق و فجور اور آئین جور و ستم کو مقابلہ ملّت اور شواہد
سنّت میں فراہم کرے اور اُسکو اپنے ہنر و کمال کی جنس سے
شعار کرے اسکو سلطنت ضلالت کہتے ہیں مرتبۂ رابعہ یہ ہے
کہ اپنے بنائے ہوئے اور تراشے ہوے آئین کو قوانین
شرع متین پر ترجیح دے اور ملّت و سنّت کی راہ روش کی
اہانت کرے اور کمال رد و قدح اور اعتراض اور استہزا کے
ساتھ اُسپر متوجہ ہووے اور اپنے آئین کی خوبیاں اور اُسکے
منافع بیان کرے اور شرع شریف کو محض ہرزہ گردی اور
بیہودہ سرائی مثل سخنانِ عام فریب تصوّر کرے احکام حضرت
ملک علّام اور سنّت سید الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام کو از جنس
مزخرفات احمق فریب نادان پسند قرار دے اور الحاد و
زندقہ کی بنیاد ڈالے اسکو سلطنت کفر کہنا چاہیے پس ان
مراتب چہارگانہ کو تنبیہات اربعہ کے ضمن میں ہم بیان کرتے ہیں

تنبیہ اول سلطنتِ عادلہ کے بیان میں

باید دانست کہ مراد از سلطانِ عادل درین مقام آنست
کہ حُب ازدیادِ جاہ وجلال و عزّ واقبال و آرزوے
حصول معنی امتیاز درمیان اقران واخوان وتمنّاے
منصب تسلّط بر قریٰ و بلدان وخواہشِ فرمانروائی
وکشورکشائی وتفوق براصاغر واکابر واجتماع جنود
وعساکر وبقاءِ نام ونشان تاانقضاے ادوار وازمان
ووفور خزائن ودفائن وخیالِ پرورشِ دوستان
وسرزنشِ دشمنان وہوسِ استیفاءِ لذّاتِ نفسانی و
درجات جسمانی از عماراتِ بلند وبساتین طبیعت پسند
واطعمۂ لذیذہ والبسۂ نفیسہ واسپہاے خوش رفتار
واسلحۂ کارزار ودیدن بہار گلعذار وچیدنِ میوہ ہاے
اشجار ومعاشرتِ معشوق نازانداز ومصاحبت
محبوبات طناز وعقد محافل طرب ونشاط ومجالس
سرور وانبساط ومجالستِ ہمنشینانِ سخن سنج وبسر کردن
عمرے بے کلفت ورنج وامثال این امور از قسم ہوا و
ہوس در دل بیدارد وآن را ثمرۂ سلطنتِ خود می شمارد
وطلبِ آن بہر وجہ میکند ودر جستجوے آن بہر سو میدود
امادر استیفاءِ لذاتِ مذکورہ ظاہر شرع از دست نمیدہد و
در تمامی این تگاپو ودر اثناے این جستجوے از احاطۂ دینِ
متین قدم بیرون نہند بالجملہ اقتضاے نفس امارہ او را این
حد نمیکشد کہ از راہ ظاہر شرع سراو را دور تر برد تفصیلش آنکہ بسیارے
از احکام اعمال واموال در شرع برراے امام مفوض میباشد
دران مقدمات کہ در شرع شریف حکمے مصرح نیست
بلکہ انچہ امام وقت دران مقدمات حکم فرماید
ہمان ست حکم شرع اما احکامیکہ متعلق بافعال ست

جاننا چاہیے کہ مراد سلطان عادل سے اس مقام میں وہ ہے کہ
جاہ وجلال کی زیادتی کی تمنا اور عزّت واقبال کی خواہش
اور عزیز واقارب میں بڑے ہونے کا خیال اور گانوں اور
شہروں پر تسلط کرنے کی حسرت اور فرمانروائی اور کشورکشائی
کی رغبت اور چھوٹوں بڑوں پر تفوق کا ارماں اور بڑے
بڑے لشکروں کی اجتماع کا دھیان اور نام ونشان کے بقا
کی ہوس اور زمانے کے ہمیشہ رہنے کی حرص اور خزائن اور
دفائن کی زیادتی کا تردد اور دوستوں کی پرورش اور
دشمنوں کی سرزنش کا خیال اور لذاتِ نفسانی وجسمانی
کے فوت ہونے کا ملال اور عماراتِ بلند وبساتینِ دل پسند کا
ہروقت دل میں اندیشہ اور طعمہ ہائے لذیذہ اور لباس ہائے
نفیسہ کا دل میں خطرہ اور اسپہائے خوش رفتار اور اسلحۂ
کارزار کی دوستی اور بہار گلزار کے دیدار کی حُب اور
درختوں کے میوے چُننے کی خواہش اور معشوقانِ سراپاناز
کی ہوا وہوس اور محافلِ طرب ونشاط اور مجالس سرور و
انبساط کا تعلق اور ہم نشینانِ سخن سنج کا تعلق اور عمر کو
ہمیشہ بے کلفت ورنج میں بسر کرنے کا حیلہ اور ان کے
مثل بہت سے امور دل میں رکھتا ہے کہ اسکو اپنی سلطنت کا
ثمرہ جانتا ہے اور اُسکی طلب ہر وجہ پر کرتا ہے اور اُسکی جستجو
میں ہر طرف دوڑتا ہے لیکن استیفاے لذاتِ مذکورہ میں
ظاہر شرع کو ہاتھ سے نہیں دیتا ہے اور باوجود امورِ
مذکورہ کے جستجو کے احاطۂ دینِ متین سے قدم باہر نہیں رکھتے
بالجملہ نفسِ امارہ کی خواہش اُسکو اس حد تک نہیں کھینچتی ہی
کہ شرع سے اُسکو دور لیجائے تفصیل اسکی یہ ہے کہ اکثر
اعمال اور اموال کے احکام شرع شریف میں رائے امام پر
اُن مقدمات میں سونپے جاتے ہیں کہ شرع شریف میں کوئی
حکم مصرح نہیں بلکہ جو کچھ امام وقت اُن مقدمات میں حکم فرمائے
وہی حکم شرع ہے لیکن وہ احکام کہ افعال کے ساتھ متعلق ہیں

مثل تعیینِ مقدار تعزیر چه گناهیکه حد شرعی بر ان
معین نیست طریق تعزیر آن مفوض ست برراے امام
بساست که جرمی واحد از چند کس صادر گردیده و امام
وقت یکے را ضرب وحبس میفرماید و دیگرے را تذلیل
و تشهیر و در حق کسے بسلبِ منصب او اکتفا میفرماید
و در حق دیگرے بر مجرد اظهارِ بے اعتنائی و این همه
راست و درست ست و در ظاهر شرع جائز حکمِ او درین
مقدمات واجب الادا ست و اعتراض برو خارج از
ایمان ست و از ان جمله است تفویض خدمات که یکے را
به پایهٔ بلند میرساند و دیگرے را فروتر ازان و کسے را در
پهلوے خود می نشاند و دیگرے را بعید تر ازان و کسے را
افسرِ افسران می گرداند و دیگرے را از احاد سپاهیان و درین
مقدمات اعتراضے از جانب شرع برو متوجه نیست و ملامتے
باو عاید نه بلکه هر که در امثالِ این مقدمات برو اعتراض
نماید و زبان طعن برو کشاید همانست عاصی مردود و
باغی مطرود و از ان جمله است قتل سیاست یعنی بعضے
اقسام جرم ست که اگر آن جرم از شخصے صادر گردد پس
هر چند صدورِ جرم مذکور خواه مخواه شرعاً مقتضی قتلِ
او نیست فاما اگر راے امام بقتلِ او امر فرماید پس امام
را جائز ست که او را بقتل رساند و از ان جمله است
ابواب صلح و جنگ بسا کافر مرید و جابر عنید ست که امام
با او راه مساهلت می پوید و بسا مومن عاصی و مسلم باغی ست
که امام با او جنگ میجوید کسے را با او درین مصالحت و محاربت
مجال قیل و قال نیست و محل بحث و جدال نه
آما احکامے که متعلق باموال ست پس تفصیلے دارد و بس طویل

مثل تعیین مقدار تعزیر کیونکہ جو گناہ کہ حد شرعی اُسپر متعلق نہیں
اُسکے تعزیر کا طریق راے امام پر مفوض ہے بسا اتفاق ہوا کہ
ایک جرم چند آدمیوں سے صادر ہوا اور امام وقت ایک کو
ضرب اور حبس فرماتا ہے اور دوسرے کو تذلیل و تشہیر
کرتا ہے اور کسی کے حق میں اُسکے سلب منصب پر اکتفا
فرماتا ہے اور کسی کے حق مجرد اظہار بے اعتنائی
کام میں لاتا ہے اور یہ سب راست و درست ہے اور
ظاہر شرع میں جائز حکم اُسکا ان مقدمات میں واجب الادا
ہے اور اعتراض اُسپر خارج از ایمان ہے۔ اور از انجملہ تفویض
خدمات ہے کہ ایک کو پایۂ بلند پر پہنچاتا ہے اور دوسرے کو
اُس سے کم مرتبہ دیتا ہے اور کسی کو اپنے پہلو میں بٹھاتا ہی
اور کسی کو اُس سے دُور جاے دیتا ہے اور کسی کو افسر افسران
گردانتا ہے اور کسی کو سپاہیوں میں سے ایک سپاہی
مانتا ہے سو ان مقدمات میں کوئی اعتراض جانب شرع سے
اُسپر وارد نہیں ہوتا ہے اور کوئی ملامت اُسکی طرف عائد
نہیں ہوتی بلکہ جو کوئی ایسے مقدمات میں اُسپر اعتراض کرے
اور زبان طعن اُسپر کھولے وہی عاصی مردود اور باغی
مطرود ہے۔ اور از انجملہ قتل سیاست ہے یعنی بعض
قسم کے جرم ہیں اگر وہ جرم کسی شخص سے صادر ہووے
پس ہر چند اُس جرم مذکور کا صادر ہونا خواہ مخواہ شرعاً اُسکے
قتل کا مقتضی نہیں لیکن اگر راے امام اُسکے قتل کے واسطے
امر فرماوے تو امام کو جائز ہے کہ اُسے قتل کو پہنچاوے۔ اور
از انجملہ ابواب صلح و جنگ میں بہت سے کافر مرتد اور جابر
عنید سرکش ہیں کہ امام اُسکے ساتھ نرمی کی چال چلتا ہے اور بہت سے
مومن عاصی اور مسلمان باغی ہیں کہ امام اُنکے جنگ و جدل کے
ساتھ کان ملتا ہے سو کسی کو اُسکے ساتھ اس مصالحت اور
محاربت میں مجال قیل و قال نہیں اور محل بحث و جدال نہیں
لیکن جن احکام کا تعلق اموال کے ساتھ ہے اُنکی تفصیل بہت طویل ہے

این قدر بالاجمال درین مقام باید شنید کہ درصرف مال بیت المال سوائے تقسیم غنیمت رعایت مساوات جمیع مسلمین بر ذمہ او واجب نیست یکے را از ہزاراں ہزار دراہم ودنانیر بکمشت می بخشد ودیگرے را یک خرمہرہ ہم نمی دہد حالانکہ آن محروم را نہ دعوائے استحقاقے بر امام میرسد ونہ ایراد اعتراضے بلکہ کسے کہ در امثال این مقدمات برو معترض شود ودست خود از اطاعت او بیرون کشد پس ہمان ست از بارگاہ حق طرید واز مساحت قرب بعید بالجملہ امثال این مقدمات واشباہ این معاملات کہ بر رائے امام وقت مفوض ست بسیار از بسیار ست کہ نمونہ ازان درین مقام ذکر کردہ شد وان شاء اللہ اکثر ابواب این معاملات مع دلائل وشواہد در باب ثانی وثالث بالاستیعاب مذکور خواہد گردید ومقصود درین مقام آنست کہ خلیفہ راشد ہم در مقدمات مذکورہ خود را دخل میدہد وسلطان عادل ہم اما تصرفات خلیفہ راشد مبنی ست بر تربیت بنی آدم واصلاح حال عالم وامتثال احکام ربانی واتباع الہام رحمانی این معاملات گوناگون ومقدمات بوقلمون کہ ازو صادر میگردد واین احکام رنگارنگ کہ ازو ظاہر می شود ہمہ بملاحظہ انتظام امت وانتفاع ملت ست اگر کسے را اکرام فرماید نہ بنابر پاسداری علاقہ صداقت وقرابت امت واگر دیگرے را اہانت می نماید نہ بنا بر انتقام مخالفت وعداوت ہر چیزے را کہ باعث انتظام امت وانتفاع ملت می انگارد ہمون را بجان ودل بجا می آرد وہر کس را کہ لائق خدمتے می پندارد خدمت مذکورہ باوے می سپارد خواہ محب صمیمی باشد خواہ عدو قدیمی

اس قدر بالاجمال اس مقام میں سُن لینا چاہیے کہ صرف مال بیت المال میں سوائے تقسیم غنیمت تمام مسلمانوں کی مساوات کی رعایت اسکے ذمہ پر واجب نہیں کسی کو ہزاروں دراہم ودینار ایک مشت بخشتا ہے کسی کو ایک خرمہرہ بھی نہیں دیتا ہے حالانکہ اُس محروم کو نہ دعوائے استحقاق امام پر پہنچے اور نہ اُسپر اعتراض کی گنجائش بلکہ جو کوئی ان جیسے مقدمات میں اُسپر معترض ہوتا ہے اور اپنے ہاتھ کو اُسکی اطاعت سے باہر کھینچتا ہے وہی بارگاہ حق سے طرید ہے (نکالا ہوا) اور مساحت قرب سے بعید بالجملہ اس قسم کے مقدمات اور اس طرح کے معاملات کی رائے امام وقت پر مفوض ہیں بسیار از بسیار ہیں کہ اُن میں سے نمونے کے طور پر اس مقام پر مذکور ہوے اور ان شاء اللہ ان معاملات کے اکثر ابواب مع دلائل وشواہد باب ثانی اور ثالث میں بالاستیعاب مذکور ہونگے اور مقصود اس مقام میں یہ ہے کہ مقدمات مذکورہ میں خلیفہ راشد بھی اپنے تئیں دخل دیتا ہی اور سلطان عادل بھی لیکن خلیفہ راشد کے تصرفات تربیت بنی آدم اور اصلاح حال عالم اور بجا آوری احکام ربانی اور اتباع الہام رحمانی پر مبنی ہیں۔ یہ معاملات گوناگوں اور مقدمات بوقلموں کہ اُس سے صادر ہوتے ہیں اور یہ احکام رنگارنگ کہ اُس سے ظاہر ہوتے ہیں جملہ بلاحظہ انتظام اُمت اور انتفاع ملت ہیں۔ اگر کسی کی عزت کرے تو یوں نہ خیال کرنا چاہیے کہ اُسکو کسیکی دوستی اور قرابت کی پاسداری منظور ہے اور اگر کسی کی اہانت چاہے تو یوں کسی کے جی میں نہ آئے کہ وہ عداوت اور مخالفت کی انتقام میں معذور ہے غرض جس چیز کو کہ باعث انتظام امت اور سبب انتفاع ملت جانتا ہی بجان ودل اُسکی بجا آوری میں اپنی سعادت پہچانتا ہی اور جس کسی کو کہ لائق کسی خدمت کے تصور کرتا ہے خدمت مذکورہ اسکو سونپتا ہی خواہ محب صمیمی ہو خواہ عدو قدیمی

واما سلطانِ عادل پس ہر چند دریں امورِ مذکورہ تصرف
می نماید نہ در تغیرِ احکامِ ملت و آثارِ سنت فاما درین احکام
مختلفہ جانبِ مقتضیاتِ نفسانی خود رعایت میکند مثلاً
یک جُرم از دو کس صادر شدہ وآن جرم ازان قبیل نیست
کہ حدے از حدودِ شرعیہ بروے معین باشد بلکہ ازان جنس
است کہ در عوضِ آن تعزیرے لازم میگردد پس
در حق یکے بضرب و حبس حکم صادر گردید و در حقِ دیگرے
بر مجردِ بے اعتنائی اکتفا کردہ شد پس خلیفۂ راشد درین
اختلافِ حکم اصلاحِ حالِ ایشان را مرعی میدارد و وقتیکہ
دانست کہ شخصِ اول بدون حبس و ضرب براہِ راست نخواہد
آمد و شخصِ ثانی بمجردِ اظہارِ بے اعتنائی ہم درست خواہد گردید
واگر اورا اہانتے زائد رسانند ممکن کہ حمیتِ جاہلیت دامنگیرِ
حالِ او میگردد و نوبت تا بہ تلفِ جانِ او کشد بنابران آنرا
تعزیرِ شدید میفرماید و این را تعزیرِ خفیف سلطانِ عادل
را در اختلافِ این حکم گاہ گاہ این معنی ہم باعث میشود
کہ بہ طبیعت بر شخصِ اول پُر غضب بود و انتقام طلب
اما چون الزامِ شرعی بروے نمی یافت بر انتقامِ او ہمت
نمی گماشت لکن راہِ الزام بروی می جست و عزمِ انتقام
در دل می نہفت چون الزامِ شرعی بروے متوجہ گردید فی الفور
او را در تعزیرِ شدید کشید چون درمیان خلافتِ راشدہ و سلطنتِ
عادلہ امتیاز واضح گردید پس باید دانست کہ از قوامِ سلطنتِ
عادلہ ہر چند بظاہرِ شرع شریف منفعتے میرسد لیکن بباطنِ شرع
مضرتے عاید میگردد چہ احیاناً بہ اکابرِ امت درین صورت
گزندے میرسد و سیرتِ پیغمبر علیہ السلام در باب
تہذیبِ اخلاق و حسنِ خلق و اخلاص فی العمل و خیر خواہی

رہا سلطانِ عادل پس ہر چند انھیں اُمورِ مذکورہ میں تصرف
کرتا ہے نہ تغیرِ احکامِ ملت اور آثارِ سنت میں لیکن ان احکام
مختلفہ میں اپنی خواہش نفسانی کی جانب رعایت رکھتا ہے
مثلاً ایک جرم دو آدمیوں سے صادر ہوا اور وہ جرم اس
قبیل سے نہیں کہ کوئی حد حدودِ شرعیہ سے اُسی پر معین ہو
بلکہ اُس جنس سے ہے کہ اُسکی عوض میں کوئی تعزیر لازم
ہوتی ہے پس ایک کے حق میں ضرب و حبس کے ساتھ
حکم صادر ہوا اور دوسرے کے حق میں مجرد بے اعتنائی پر
اکتفا کیا گیا پس خلیفۂ راشد اس اختلاف حکم میں اُنکے
حال کے اصلاح کی رعایت رکھتا ہے جس وقت کہ جانا
کہ شخص اول بدون ضرب و حبس راہِ راست پر نہ آئیگا
اور شخص ثانی بمجرد اظہار بے اعتنائی بھی درست ہوگا اور
اگر اُسکو اہانت زائد پہنچائیں ممکن کہ حمیت جاہلیت دامنگیر
حال ہووے اور نوبت تا بتلف جان کھنچے بنابراں اسکو
تعزیر شدید فرماتا ہے اور اسکو تعزیر خفیف پہنچاتا ہے
سلطان عادل کو اختلاف اس حکم میں کبھی کبھی یہ معنی
بھی باعث ہوتے ہیں کہ طبیعت سے شخص اول پر پُر غضب
اور انتقام طلب ہوئے لیکن جو الزام شرعی اُسپر نہیں پاتا
اُسکے انتقام پر ہمت کو کام نہیں فرماتا لیکن راہ الزام
اُسپر تلاش کرتا ہے اور عزم انتقام دل میں چھپاتا ہے
جس وقت الزام شرعی اُسپر متوجہ ہوا فی الفور اُسکو تعزیر
شدید میں کھینچا۔ جب کہ فیما بین خلافت راشدہ و سلطنتِ
عادلہ امتیاز واضح ہووے تو معلوم کرنا چاہیے کہ از قوام سلطنتِ
عادلہ سے ہر چند بظاہر شرع شریف ایک قسم کی منفعت
پہنچتی ہے لیکن باطن شرع میں ایک طرح کی مضرت
عائد ہوتی ہے کیونکہ احیاناً بزرگان اُمت کو اس صورت میں
ایک طرح کا گزند پہنچتا ہے اور سیرت پیغمبر علیہ السلام
تہذیب اخلاق اور حسنِ خلق اور اخلاص فی العمل اور خیرخواہی

خلق اللہ و تربیت عباد اللہ و تعظیم کبرائے اُمّت و عظمائے ملّت کہ باعتبار فضائلِ دینیہ و کمالاتِ شرعیہ واجب التعظیم والتوقیر اند برہم میشود منتہائے ہمّتِ اہل این زمان ہمین یادگرفتن چندے از مسائلِ فقہیہ میشود تا باین حیلہ جانِ خود را از گزندِ سلطانِ وقت محفوظ دارند و بدخواہ را بآن ملزم و مفحم گردانند پس گزندے عظیم بروح شرع ازو میرسد اگرچہ قالب شرع قائم می نماید بنا بران این را بملک عضوض یعنی سلطنت گزندہ ملقب فرمودہ اند جائیکہ بوجودِ آن بعد انقضائے خلافت راشدہ اشارت نمودہ۔ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ہذا الامر بدء نبوۃ و رحمۃ ثم یکون خلافۃ و رحمۃ ثم ملکا عضوضا۔ و نیز باید دانست کہ سلطنتِ عادلہ دو قسم است اعلیٰ و اسفل زیرا کہ پاسداری ظاہر شرع کہ لازمہ سلطنتِ عادلہ است یا بنا بر خوف خالق ست یا بنا بر پاس مخلوقات پس اول اعلیٰ ست و ثانی اسفل بیانش آنکہ سلطان عادل کہ پاسداری ظاہر شرع میکند و از حیطۂ آن قدم بیرون نمی نہد باعثِ این پاسداری یا این امر ست کہ ملک علی الاطلاق و مالک بالاستحقاق را شاہنشاہ و دستگیر ہر عاجز و ناتوان و قادر بر قلیل و کثیر و قادر بر صغیر و کبیر می پندارد و خود را مقہور قدرت او می انگارد و بالیقین میداند کہ روزے در محکمۂ حساب بحضور رب الارباب حاضر شدنی ست و پاداش گستاخی و شوخ چشمی بلاریب کشیدنی بحضور او بادشاہ ذوی الاقتدار و مسکین ذوی الاضطرار برابر اند و عدالتِ او بر ہر بزرگ و خرد جاری و تجبر و تکبر و ظلم و جور و فسق و فجور باعث نکبت و وبالست

خلق اللہ اور تربیت عباد اللہ اور تعظیم بزرگانِ امت اور پیشوایانِ ملت کے بارے میں کہ باعتبار فضائل دینیہ و کمالات شرعیہ واجب التعظیم اور قابل توقیر ہیں برہم ہوتی ہے اُس زمانے والوں کی ہمت کا منتہا انھیں چند مسائل فقیہ کا یاد کرنا ہے تو اس حیلہ سے اپنی جان کو سلطان وقت کی ایذا اور آزار سے محفوظ رکھیں اور بدخواہ کو اُسکے ساتھ ملزم اور ساکت کریں پس ایک گزند عظیم روح شرع کو اُس سے پہنچتا ہے اگرچہ قالب شرع قایم معلوم ہوتا ہے اسی لیے اسکو ملک عضوض یعنی سلطنت گزندہ فرمایا ہے اُس مقام پر کہ خلافتِ راشدہ کے گزرنے کے بعد اُسکے وجود کی طرف اشارہ کیا ہے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ تحقیق یہ امر شروع ہوا نبوت اور رحمت پھر ہوئی خلافت اور رحمت پھر بادشاہی سختی کی) اور یہ بھی معلوم کرنا چاہیے کہ سلطنتِ عادلہ دو قسم پر ہے۔ اعلیٰ اور اسفل اسلیے کہ ظاہر شرع کی پاسداری جو سلطنتِ عادلہ کے واسطے لازم ہے یا خوفِ خالق کی بنا پر ہے یا پاس مخلوقات کی وجہ سے ہے پس اول اعلیٰ ہے اور ثانی اسفل۔ بیان اسکا یہ ہے کہ سلطان عادل جو ظاہر شرع کا پاسدار ہے اور اُسکے احاطہ سے قدم باہر نہیں رکھتا باعث اس پاسداری کا یا تو یہ امر ہے کہ ملک علی الاطلاق اور مالک بالاستحقاق کو شاہ شاہاں اور دستگیر ہر عاجز و ناتواں اور قادر بر قلیل و کثیر اور قادر بر صغیر و کبیر جانتا ہے اور اپنے تئیں مقہور قدرت پہچانتا ہے اور یقین کرتا ہے کہ ایک روز محکمہ حساب بحضور رب الارباب حاضر ہونا ہے اور شوخ چشمی اور گستاخی کی پاداش بلاریب کھینچنی ہے اُسکے حضور میں بادشاہ ذوی الاقتدار اور مسکین ذوی الاضطرار برابر ہیں اُسکی عدالت ہر بزرگ اور خرد پر جاری ہے تکبر اور تجبر ظلم اور ستم فسق اور فجور نکبت اور وبال کا باعث ہے

و جالب تعذیب و نکال ظالم و ستمگار در درکات نار
گرفتار است و سرکش خود پسند بحضور او بغایت ذلیل و خوار
بناءً علیہ ہر چند نفس امارہ او را بمیدان ضلالت می کشد
اما خوف الٰہی دستگیری او میکند و او را مثل شتر
بے مہار نمیگزارد بلکہ اگر گاہے بمقتضاے بشریت
چپ و راست میرود ہمون خوف دست او گرفتہ
کشان کشان براہ راست می آرد پس استیفاء
مقتضیات نفسانیہ تا بحد اجازت شرعیہ میکند و بس
ہر چند سوزش خشم میخواہد کہ دست تعدی بر عاجزے
ناتوان دراز کند اما از خوف مجازات آن خود را جبراً و
کرہاً باز میدارد تا وقتیکہ الزام شرعی بر و یابد ہمان
وقت کینہ دیرینہ خود را می برآرد و ہر چند دل او در
عشق معشوقہ پیچ و تاب می خورد و شوق اضطرار
وصال بحد اضطراب میکشد اما تا وقتیکہ عقد نکاح
متحقق نمی شود ہرگز پیرامون وصال او نمیگردد
آرے در طلب نکاح او ہر سو میدود و بہر راہ می دود
خواہ اوقات عزیزہ دران مصروف گردد خواہ اموال
خطیرہ و ہمچنین ہر چند نفس او تقاضاے اظہار عادات
اہل تجبر و تکبر می نماید اما حدیث الکبریاء ردائی
والعظمۃ ازاری را ملاحظہ میفرماید پس ہر قدر
کہ از امتیاز خود نشست و برخاست و رفتار و گفتار
مباح شرعی باشد اکتفا میکند و از عادات اکاسرہ و قیاصرہ
بلکہ سائر جبابرہ کہ از قبیل محرمات شرعیہ است باز می ماند
پس ہر چند سیرت انبیاء و خلفاء راشدین راست راست
بر آئین او منطبق نیست اما اعتراض شرعی ہم برو متوجہ

اور تعذیب و نکال کا سبب ہے ظالم اور ستمگار درکات
نار میں گرفتار ہے اور سرکش خود پسند اُسکے حضور میں نہایت
ذلیل و خوار ہے بناءً علیہ ہر چند نفس امارہ اُسکو میدان
ضلالت میں لاتا ہے لیکن خوف الٰہی اُسکی دستگیری فرماتا
اور اسکو شتر بے مہار کی طرح نہیں پھراتا ہے بلکہ اگر کبھی
بمقتضاے بشریت چپ و راست جاتا ہے وہی خوف
اُسکا ہاتھ پکڑ کر کشاں کشاں راہ راست پر پہنچاتا ہے
بس حصول خواہش نفسانی خارج از حد اجازت شرعیہ
نہیں ہوتا اور بس ہر چند غصہ کی سوزش اس بات کی مقتضی
ہوتی ہے کہ ظلم و ستم کا ہاتھ کسی عاجز ناتوان پر دراز کرے
لیکن خوف مجازات و مکافات سے اپنے تئیں جبراً و کرہاً
باز رکھتا ہے جس وقت کہ الزام شرعی اُسپر پاتا ہی اُس وقت
اپنا کینہ دیرینہ ظاہر کرتا ہے اور ہر چند اُسکا دل کسی معشوقہ
محبوبہ کے عشق میں پیچ و تاب کھاتا ہے اور شوق اضطرار
وصال حد اضطراب تک کھینچتا ہے لیکن تا وقتیکہ عقد
نکاح متحقق اور ثابت نہیں ہوتا ہے ہرگز اُسکے وصال
کے پاس تک نہیں پھٹکتا ہاں اُسکے نکاح کی طلب میں
ہر طرف دوڑتا پھرتا ہے اور ہر راہ سے سعی کرتا ہی کہ مقصود
دل برآری اور نہال وصال سے پھل کہاے خواہ اوقات
عزیزہ اُسمیں مصروف ہووے خواہ اموال خطیرہ - اور
ایسے ہی ہر چند اُسکا نفس اہل تجبر و تکبر کی عادات کے اظہار
کا تقاضا کرتا ہے لیکن حدیث (ترجمہ بڑائی میری چادر ہے
اور عظمت میری ازار) کو دیکھکر ڈرتا ہے پس جس قدر کہ
امتیاز اپنی نشست و برخاست رفتار و گفتار میں مباح
شرعی ہو اکتفا کرتا ہے اور جابرین اور متکبرین کے عادات
سے کہ منجملہ محرمات شرعیہ ہے باز رہتا ہے ہر چند سیرت
انبیاء اور طریقہ خلفاء راشدین راست راست اُسکے آئین و
قوانین پر منطبق نہیں لیکن اعتراض شرعی بھی اُس پر وارد نہیں ہوتا

پس گویا کہ اصل شعلۂ ایمان در دلِ او افروختہ ست
فاما دودِ ہوا و ہوس با او آمیختہ و برقِ یقین بر دلِ او
درخشندہ فاما ظلمت تغیرِ نیت او را پوشیدہ کما روی
عن حذیفۃؓ انہ قال قلت یا رسول اللہ ھل بعد
ھذا الخیر من شر قال نعم قلت وھل بعد ذلک
الشر من خیر قال نعم وفیہ دخن قلت وما دخنہ قال
یستنون بغیر سنتی ویھدون بغیر ھدیی مراد از خیرِ اول
زمانِ نبوت و خلافتِ راشدہ است و مراد از
شر افتراقِ امت ست در اواخرِ زمانِ خلافتِ
راشدہ و مراد از خیرِ ثانی قیامِ سلطنتِ عادلہ است
و کلمۂ دخن و ما بعدِ آن اشارت ست بآنکہ این حکومت
سلطنت ست نہ حکومت خلافتِ راشدہ ہمین
سلطنت را سلطنتِ کاملہ میگوییم یا پاسداری ظاہر
شرع بہ این وجہ باشد کہ ہر چند خوف الٰہی باین
حد نمی دارد کہ مانع نفسِ امارہ می تواند شد فاما
شرم مخلوقات دامن او را نمی گذارد کہ نفس امارہ
او را از حیطۂ شرع بر آرد و باعثِ این شرم
مختلف می باشد گاہے باین وجہ متحقق می شود کہ
در اقلیمے کہ سلطنتِ او قائم گردیدہ اعزۂ آن اقلیم
متدین باشند و متمسک بظاہرِ شرع یا تشرع در آن
اقلیم بطریقِ رسم و عادات جاری باشد کہ ہر کس و
ناکس متمسک باشد و ہر مومن و منافق بآن مقید بناءً علیہ
سلطانِ مذکور میداند کہ اگر مخالفت ظاہرہ با شرعِ
شریف خواہد کرد ہر آئینہ در جمہورِ انام بدنام
خواہد گردید یا بلوائے عام از خواص و عوام بر سر او

پس گویا کہ اصل شعلۂ ایمان اُسکے دل میں افروختہ ہے
لیکن ہوا و ہوس کا دھواں اُسکے ساتھ ملا ہوا ہے اور برقِ
یقین اُسکے دل پر روشن اور درخشندہ ہے لیکن تغیر
نیت کی ظلمت اور تاریکی نے اُسکو چھپایا ہے چنانچہ
حضرت حذیفہؓ سے روایت ہے (ترجمہ کہا مَیں نے دریافت
کیا رسول اللہؐ سے آیا اس بھلائی کے بعد برائی ہے فرمایا
ہاں اور مَیں نے عرض کیا کہ اس بُرائی کے بعد بھی بھلائی
ہے فرمایا ہاں اور اسمیں خرابی ہے مَیں نے کہا کہ خرابی
کیا ہے فرمایا کہ ایک قوم ہے میرے طریق کے سوا
طریقہ اختیار کرینگے اور ہدایت تلاش کرینگے میری ہدایت کے
سوائے) خیر اول سے زمانۂ نبوت اور خلافتِ راشدہ مراد ہے
اور مراد شر سے افتراقِ امت ہے اواخر زمانۂ خلافتِ راشدہ
میں اور مراد خیر ثانی سے قیامِ سلطنتِ عادلہ ہے اور کلمۂ
دخن اور اُسکا مابعد اس بات کی طرف مشیر ہے کہ یہ حکومت
سلطنت ہے نہ حکومتِ خلافتِ راشدہ۔ ایسی سلطنت کو
ہم سلطنت کاملہ کہتے ہیں یا اس سلطان عادل کو پاسداری
ظاہر شرع اس وجہ سے ہو کہ ہر چند خوفِ الٰہی اس حد تک
نہیں رکھتا کہ مانع نفس امارہ ہو سکے لیکن شرم مخلوقات
اُسکا دامن نہیں چھوڑتی کہ نفس امارہ اُسکو احاطۂ شرع سے
نکالے اور اس شرم کا باعث مختلف طور پر متحقق ہوتا ہے
کبھی باین وجہ متحقق ہوتا ہے کہ جس ولایت میں کہ سلطنت اُسکی
قائم ہوئی اُس ولایت کے اعزہ اور رئیس متدین ہوویں
متدین اور اہل شرع ہوں یا تشرع اُس ولایت میں
بطریق رسم و عادت جاری ہو کہ خواہی نخواہی ہر کس و
ناکس ظاہر شرع پر متمسک ہو اور ہر مومن و منافق
اُسکے ساتھ مقید ہووے بناءً علیہ سلطان مذکور جانتا ہے
کہ اگر مخالفت ظاہرہ شرع شریف کے ساتھ کریگا البتہ جمہور
انام میں بدنام ہوگا یا بلوائے عام خاص و عوام سے اُسکے سر پر

قائم خواہد شد یا اکابر مملکت و ارکان سلطنت ازو بیزار خواہند گردید
واز انقیاد او دست بردار و یا باین وجہ می باشد کہ کسے از
سلاطین عالی مقدار و خواقین ذوی الاقتدار کہ سلطان
کامل بود در ہمان اقلیم منصب سلطنت رسیدہ بسبب دیانت
وعدالت در خواص و عوام نیکنام گردیدہ و نام نیک او تا وقت
این سلطان زمان زبان زد سائر اہل قریٰ و بلدان ست
پس اگر سلطان کامل از آبا و اجداد این سلطان مذکور بود
پس میداند کہ فرزند سعید و جانشین رشید ہمان وقت این را
خواہند دانست کہ آئین او مطابق قوانین جد خود باشد
والا پسر ناخلف و جانشین بد او را خواہند گفت و اگر
سلطان کامل از آبا و اجداد این سلطان نبودہ پس میخواہد کہ
با او در باب نیکنامی مساوات پیدا کند بلکہ درین مقدمہ
برو مباہات کند پس درین صورت احیاناً این سلطان
مذکور در ظاہر شرع زیادہ تر استقامت میکند بنسبت
سلطان اول یا باین وجہ میباشد کہ زمان سلطنت او
متصل زمان خلافت راشدہ واقع گردیدہ پس میداند کہ
اگر بالکل آئین او مخالف سیرت خلفاے راشدین خواہد شد
لابد ہمہ صغار و کبار ازو متنفر خواہند گردید و ہرگز زمام اختیار
خود باو نخواہند داد و بناء علیہ پاس ظاہر شرع از دست
نمیدہد و بالکل قدم از حیطۂ شرع بیرون نمی نہد لیکن
ازانجا کہ افعال اہل تکلف و تصنع ممتاز می باشد از
افعال اہل صدق و اخلاص و این امتیاز ظاہر کہ ادنیٰ
فراست ہم داشتہ باشد بخوبی می فہمد و در دل خود
بالیقین میداند کہ افعال این شخص محض
صورتے ست بے جان و قالبے ست بے روح

قائم ہوگا یا اکابر مملکت اور ارکان سلطنت اُس سے
بیزار رہوں گے اور اُسکی تابعداری اور فرمانبرداری سے
دست بردار رہوں گے یا یہ باعث ہوتا ہے کہ کوئی
سلاطین عالی مقدار اور خواقین ذوی الاقتدار سے
کہ سلطان کامل تھا اُسی اقلیم میں منصب سلطنت پر پہنچا
اور دیانت اور عدالت کے سبب خواص و عوام میں
نیکنام ہوا اور نام نیک اُسکا اس سلطان زماں کے وقت
تک تمام اہل قریٰ اور بلدان کی زبان زد ہے پس اگر
سلطان کامل اس سلطان مذکور کے آبا و اجداد سے
تھا تو جانتا ہے کہ فرزند سعید اور جانشین رشید اُسی وقت
اُسکو جانیں گے کہ اُسکا آئین اُسکے دادا کے قوانین کے
مطابق ہووے ورنہ پسر ناخلف اور جانشین بد اُس کو
کہیں گے اور اگر سلطان کامل اس سلطان کے آبا و
اجداد سے نہ ہوا پس چاہتا ہے کہ اُسکے ساتھ در باب
نیکنامی مساوات پیدا کرے بلکہ اس مقدمہ میں اُسپر مباہات
اور مفاخرت کرے پس اس صورت میں احیاناً یہ سلطان
مذکور ظاہر شرع میں بہ نسبت سلطان اول زیادہ تر استقامت
کرتا ہے یا باعث شرم یہ ہوتا ہے کہ اُسکی سلطنت کا زمانہ خلافت
راشدہ کے زمانے کے متصل واقع ہوا پس جانتا ہے کہ اگر
اُسکا آئین بالکل خلفاء راشدین کی سیرت کے مخالف ہوگا
بالضرور تمام صغار و کبار اُس سے متنفر اور بیزار ہونگے اور
ہرگز اپنے اختیار کی باگ اُسکے ہاتھ میں نہ دینگے بنابراں ظاہر
شرع کا پاس ہاتھ سے نہیں دیتا ہے اور احاطہ شرع سے
قدم باہر نہیں رکھتا ہے لیکن ازانجا کہ اہل تکلف اور ارباب
تصنع کے افعال اہل صدق و اخلاص کے افعال سے
ممتاز ہوتے ہیں اور جو کوئی تھوڑی سی فہم و فراست بھی رکھتا ہے
اس امتیاز کو بخوبی سمجھتا ہے اور اپنے دل میں بالیقین جانتا ہے
کہ اس شخص کے افعال محض صورت بے جان اور قالب بے روح ہیں

بناءً علیہ دیانت وتشرع او ہر مومن را پسندیدہ ہم ہست
و ناپسندیدہ ہم آما پسندی او پس باعتبار آنکہ بظاہر امر
شرعی ست واما ناپسندی او پس باعتبار آنکہ صادر ست
از مرد مکار ریاکار پس افعالِ او در نظرِ مومنینِ مخلصین ہم
معروف ست و ہم منکر کما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم یکون
علیکم امرا تعرفون وتنکرون واین را سلطنتِ ناقصہ
میگوئیم و درین مقام چند لطیفہ ایست کہ در ضمنِ چند نکتہ
بیان میکنیم نکتۂ اولی سلطان کامل خلیفۂ راشد
حکمی ست یعنی ہرچند بمنصب خلافتِ راشدہ نرسیدہ
فاما عمدہ آثار خلافتِ راشدہ کہ خدمتِ ظاہر شرع ست
بصدق و اخلاص او صادر گردیدہ پس اگر فی وقت
من الاوقات سلطانِ کامل بر سرِ سلطنت قائم باشد
و امامِ حق کہ لیاقتِ خلافت داشتہ باشد ہمدران
زمان موجود باشد پس الانسب ہمین ست کہ امامِ حق بر
منصبِ امامت قناعت نماید و سعی خود را در نشرِ
ہدایت مبذول فرماید و با او در امورِ سیاست
دست گریبان نشود و رعایا و جنود را بہ برپا کردن جنگ و
جدال بے سروسامان نکند ہرچند منصبے بس عالی کہ
عبارت از خلافتِ راشدہ ست از دست او میرود
فاما این امر را بملاحظہ خیرخواہی عباد اللہ بر خود گوارا کند
وآن را از قبیل رضا بہ قضا شمارد و از جنس تصدق بر جماہیر
مسلمین انگارد چنانچہ حسن مجتبی رضی اللہ عنہ با سلطانِ شام
ہمین راہ پیمودند و بابِ مخالفت نکشودند و باین مصالحت
بر زبانِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم
ممدوح و محمود گردیدند قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم

لہذا اُسکی دیانت اور تشرع ہر مومن پسند بھی کرتا ہے اور
ناپسند بھی فرماتا ہے پسندیدگی تو اُسکی اس وجہ سے ہے کہ
بظاہر امر شرعی ہے اور ناپسندی اُسکی اس اعتبار سے
ہے کہ اسکا صدور مردِ مکّار ریاکار سے ہے بس اُس کے
افعال مومنین مخلصین کی نظر میں معروف منکر دو نو
معلوم ہوتے ہیں۔ چنانچہ جنابِ رسالت مآب صلی اللہ
علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے (ترجمہ تم پر امیر لوگ حاکم
ہونگے کہ تم اُن کے افعال کو اچھا جانوگے اور بُرا جانوگے)
اسکو ہم سلطنتِ ناقصہ کہتے ہیں اس مقام میں چند لطیفے ہیں
کہ چند نکتہ کے ضمن میں انکا بیان ہوتا ہے نکتۂ اولیٰ
سلطانِ کامل خلیفۂ راشد حکمی ہے یعنی ہرچند منصبِ
خلافتِ راشدہ پر نہ پہنچا لیکن اُسکے عمدہ آثار کہ خدمت
ظاہر شرع ہے صدق و اخلاص سے صادر ہووے
پس اگر کسی وقت میں سلطانِ کامل سربر سلطنت پر قائم
ہووے اور امام حق کہ خلافت کی لیاقت رکھتا ہو اُسی
زمانے میں موجود ہووے پس انسب یہی ہے کہ امامِ حق
منصبِ امامت پر قناعت کرے اور اپنی سعی اور اہتمام
نشرِ ہدایت میں مبذول فرمائے اور اُسکے ساتھ امورِ سیاست
میں دست گریبان نہووے اور لشکر کو جنگ وجدال
برپا کرنے کے ساتھ بے سروسامان نہ کرے ہرچند منصب
عالیہ کہ عبارت خلافتِ راشدہ سے ہے اُسکے ہاتھ سے
جاتا ہے لیکن اس امر کو بندگانِ خدا کی خیرخواہی کے لحاظ
سے اپنی ذات پر گوارا کرے اور اُسکو از قبیل رضا بقضا
جانے اور تمام مسلمانوں پر تصدق کرنے کی جنس سے
سمجھے چنانچہ جناب حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ سلطانِ شام
کے ساتھ یہی راہ چلے اور مخالفت نہ اختیار کی اور اس
مصالحت کے ساتھ پہلے ہی زبانِ رسولِ مقبول صلی اللہ
علیہ وسلم پر ممدوح اور محمود ہوئی۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

ان ابنی هذا سید لعل اللہ ان یصلح به بین فئتین عظیمتین من المسلمین وآز ہمین حدیث مفہوم گردید کہ اجماع اُمّت بر سلطان کامل ہم مرضی خدا و رسول ست و اطاعتِ او در بارگاہ حق مقبول نکتہ ثانیہ سلطان کامل بمنزلۂ برزخ ست درمیان سلاطین و خلفاء راشدین اگر حال سلاطین ملاحظہ کنند پس او را خلیفہ راشد انگارند و اگر حال خلفاء راشدین ملاحظہ کنند پس او را از جملہ سلاطین شمارند چنانچہ سلطان شام فرمودہ ست لست فیکم مثل ابی بکر و عمر ولکن ستردن امراء من بعدی بناءً علیہ زمان سلطنت او ہم یک گونہ با زمانِ نبوت و خلافت راشدہ مشابہت میدارد پس بلاحظہ این مشابہت توان گفت کہ از ابتداے زمانِ خلافتِ راشدہ تا زمان انقضاے این سلطنتِ کاملہ زمان ترقی اسلام ست۔ چنانچہ در حدیث شریف وارد شدہ تدور رحی الاسلام لخمس وثلاثین او ست وثلاثین او سبع وثلاثین فان یهلکو فسبیل من هلک وان یقم لهم دینهم یقم لهم سبعین عاما و کلمۂ ان یهلکوا اشارت ست بظہورِ فتنہ و تخللِ انتظامِ خلافت در آخر زمانۂ خلافتِ راشدہ و کلمۂ ان یقم لهم دینهم اشارتست بترقی دین در مجموعِ زمان ظہورِ شوکتِ نبوت و خلافت راشدہ و سلطنتِ کاملہ و نیز در حدیثے دیگر وارد شدہ تعوذوا باللہ من رأس السبعین و این کلمۂ اشارت ست بانقضاے زمانِ سلطنتِ کاملہ پس گویا کہ مجموعِ این ہر سہ ازمنہ را زمانِ برکت قرار دادہ اند کہ شر و فسادے کہ قابلِ تعوذ باشد بعد انقضاے سلطنت کاملہ ظاہر خواہد گردید نکتۂ ثالثہ سلطان کامل ہم نوعے نصیبہ از نیابت

(ترجمہ یہ میرا بیٹا سید ہے شاید اللہ تعالیٰ اس کے سبب مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں میں صلح کرا دے) اور اسی حدیث سے یہ بھی سمجھ میں آیا کہ اجماع امّت سلطان کامل پر بھی مرضی خدا و رسول ہے اور اسکی اطاعت بارگاہ حق میں مقبول ہے نکتۂ ثانیہ سلطان کامل سلاطین اور خلفاء راشدین کے درمیان بمنزلۂ برزخ ہے پس اگر حال سلاطین ملاحظہ فرمائیں اسکو خلیفہ راشد شمار میں لائیں اور اگر خلفاء راشدین ملاحظہ کریں اُسکو جملہ سلاطین سے گنیں چنانچہ سلطان شام نے فرمایا ہی (ترجمہ میں تم میں مثل ابوبکر اور عمرؓ کے نہیں ہوں اور لیکن قریب دیکھو گے امیر میرے بعد) بناءً علیہ اُسکی سلطنت کا زمانہ بھی زمانۂ نبوت اور عہد خلافت راشدہ کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے پس اس مشابہت کے لحاظ سے کہہ سکتے ہیں کہ خلافت راشدہ کے ابتدا کے زمانہ سے اس سلطنتِ کاملہ کے زمانے کے گزرنے تک ترقی اسلام کا زمانہ ہے چنانچہ حدیث شریف میں وارد ہوا ہے (ترجمہ پھرے گی چکّی اسلام کی پینتیس۳۵ یا چھتیس۳۶ یا سینتیس۳۷ برس پس اگر ہلاک ہوے پس راہ ہے جو ہلاک ہوا اور اگر قائم کیا دین قایم رہے ستر سال) کلمۂ ان یہلکوا ظہورِ فتنہ اور تخللِ انتظام خلافت کی طرف اشارہ ہے جو خلافتِ راشدہ کے آخر زمانہ میں واقع ہوگا اور کلمۂ ان یقم لهم دینهم ترقی دین کیطرف اشارہ ہے جو نبوت اور خلافت راشدہ اور سلطنتِ کاملہ کے زمانے میں حاصل ہوگی اور یہ بھی ایک حدیث میں آیا ہے (ترجمہ پناہ مانگو اللہ تعالیٰ سے شروع ستر برس کے میں) اور یہ کلمہ سلطنت کاملہ کے زمانے کی انقضا کیطرف مشیر ہے سو ان تینوں زمانوں کے مجموعے کو زمان برکت قرار دیا ہے کہ شر و فساد جو قابل تعوذ ہو سلطنتِ کاملہ کے گزرنے کے بعد ظاہر ہوئے گا نکتۂ ثالثہ سلطان کامل بھی ایک قسم کا حصہ نیابت

پیغمبر میدارد ہرچند ریاست او را خلافت نبوت نتوان گفت
اما سلطنت نبوت توان گفت چنانچہ در کتب سابقۂ الٰہیہ
در نعت سید المرسلین علیہ الصلوٰۃ والسلام نازل شدہ
مہاجرہ طیبۃ وملکہ بالشام پس آنچہ از انقیاد کامل و
اطاعت بالغ بہ نسبت نبی باید کرد ہمچنین بہ نسبت
سلطان کامل ہم باید نمود اگرچہ در اقتباس انوار
ہدایت و اتباع آثار دیانت در تہذیب اخلاق
تکمیل مقامات و سلوک طریق تقرب الی اللہ و حسن
معاشرت باخلق اللہ و تربیت عباد اللہ ازو نتوان آموخت
نکتۂ رابعہ سلطان کامل چون اصل ایمان و اخلاص
میدارد و کار ہاے عمدہ از دست او سرانجام
می پزیرد و ترقی ظاہر شرع باقبال او رونق میگیرد
پس آنچہ بنا بر مقتضاے بشریت در ابواب تہذیب
اخلاق و امثال آن بعضے امور خلاف سنت ازو ظاہر
میگردد ازان چشم باید پوشید و در خیرخواہی او بجان و
دل باید کوشید سعی قلیل او را بجاے کثیر باید شمرد و عمل صغیر
او را بجاے عمل کبیر حساب باید کرد کہ ہرچند باستیفاء لذات
نفسانیہ مشغوف ست اما بخدمتگزاری دین رب العالمین
موصوف **بیت** کمال صدق و محبت ببین نہ نقص و گناہ ہا
کہ ہر کہ بے ہنر افتد نظر بعیب کند ہا **تنبیہ ثانی در ذکر
سلطنت جابرہ**۔ باید دانست کہ سلطان جابر
عبارت ست از شخصیکہ نفس امارہ برو بحدے سورش کند کہ
نہ خوف خالق مانع او میتواند شد و نہ شرم مخلوقین و در اجراے
مقتضیات نفس خود ملاحظہ شرع دارد و نہ پاس عرف ہرچہ
نفس امارہ او را میفرماید بلا تکلف آن را بجا می آرد

پیغمبر سے رکھتا ہے ہرچند کہ اُسکی ریاست کو خلافت نبوت
نہیں کہہ سکتے لیکن سلطنت نبوت کہہ سکتے ہیں چنانچہ
کتب سابقۂ الٰہیہ میں جناب سید المرسلین خاتم النبیین
علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نعت میں نازل ہوا ہے (ترجمہ
جاے ہجرت اُسکی طیبہ ہے اور ملک اُسکا شام ہے) پس جو
کچھ کہ اتباع کامل اور اطاعت بالغ نبی علیہ السلام کی نسبت
کرنا چاہیے ایسے ہی سلطان کامل کی نسبت بھی ضروری ہے
اگرچہ ہدایت کے انوار کا اقتباس اور دیانت کے آثار کا
اتباع تہذیب اخلاق اور تکمیل مقامات میں اور تقرب الی اللہ
کے طریق کا سلوک اور حسن معاشرت باخلق اللہ اور تربیت
عباد اللہ اُس سے نہیں سیکھہ سکتے **نکتۂ رابعہ** سلطان
کامل چونکہ اصل ایمان اور اخلاص رکھتا ہے اور عمدہ کام
اُسکے ہاتھ سے سرانجام پاتے ہیں اور ظاہر شرع کی ترقی اُسکے
اقبال سے رونق پکڑتی ہے اگرچہ بوجہ مقتضاے بشریت ابواب
تہذیب اخلاق وغیرہ میں بعض امور خلاف سنت اُس سے
ظاہر ہوتے ہیں جو قابل اغماض ہیں اُسکی خیرخواہی میں بجان و
دل کوشش کرنا چاہیے اور اُسکی تھوڑی سی سعی کو بہت خیال
کرنا چاہیے اور اُسکے عمل صغیر کو بجاے عمل کبیر حساب میں
لانا چاہیے اگرچہ حصول لذات نفسانیہ میں بدرجۂ غایت مشغوف
ہے لیکن دین رب العالمین کی خدمتگزاری میں
سراپا مصروف ہے **بیت** کمال صدق و محبت
ببین نہ نقص و گناہ ہا کہ ہر کہ بے ہنر افتد نظر بعیب کند ہا
تنبیہ ثانی میں سلطنت جابرہ کا ذکر ہے
معلوم کرنا چاہیے کہ سلطان جابر اُس شخص کو کہتے ہیں کہ نفس امارہ
اُسپر اس درجہ شورش اور غلبہ کرے کہ نہ خوف خالق اُس سے
مانع آئے نہ شرم مخلوق اُس سے بچائے اور اپنے نفس کی
خواہشوں کی اجرا میں نہ شرع کا لحاظ رکھے اور نہ پاس عرف
اُسکو ہے جو کچھ نفس امارہ اُسکو فرماتا ہے بلا تکلف بجا لاتا ہے

بمخالفت و موافقت شرع پروائے ندارد بلکہ ہمین استیفاء لذات
نفسانیہ را ثمرۂ سلطنت خود می شمارد ہمین را سلطنت جابرہ
میگوییم و سلاطین جابرہ در مخالفت شرع مختلف میباشند
بحسب اختلاف طبائع یکے را عادت تکبر و تجبر مرغوب
طبعی میباشد و دیگرے را ناز و تبختر کسے را تعدی و جور مرغوب
میباشد و دیگرے را فسق و فجور کسے را انہماک در شہوات
مرغوب میباشد و دیگرے را استعمال مسکرات کسے را اطعمۂ
لذیذہ مرغوب میباشند و دیگرے را البسۂ نفیسہ و کسے را لہو و لعب
مرغوب میباشد و دیگرے را نشاط و طرب بالجملہ ابواب ہوا
و ہوس نفس امارہ بیشمار اند و مقدمات نفس پرستی ہزاران ہزار
اگر تفصیل آن کردہ شود تا سالہا بانجام نرسد فاما اصول آن
چند ست و فروع آن بیشمار از انجملہ سفاہت ست شخصے کہ
کیاست و فراست نداشتہ باشد و ہمت خود را در راہ
دوربینی نگماشتہ نصیبہ از استقامت نیافتہ و راہ متانت
اصلا نشناختہ معنی تمکین و وفا بجوے نمی شمارد و حرف
ننگ و عار بخیال نمی آرد و ہر چیزے کہ بخیال آدمی
گذرد ہمان را میخواہد کہ بر روے کار آرد در منفعت و
مضرت او اصلا تامل نمی کند و براہ عاقبت بینی مطلقاً
نمی رود بلکہ دیوانہ وار مثل اطفال می بازد و بمثابہ
شتر بے مہار در ہر جا دہن می اندازد و چون مثل
این شخص بمنصب سلطنت می رسد تمامی کار و بار
سلطنت را برہم می زند افعال او نہ مطابق
قوانین شرعی ست و نہ موافق آئین عرفی از
قیام این سلطنت ہر کس و ناکس نالان میباشد
و ہر صغیر و کبیر در آہ و فغان این بلا ست عظیم

شرع کی مخالفت اور موافقت کی پروا نہ رکھی بلکہ ایسے حصول
لذات نفسانیہ کو اپنی سلطنت کا ثمرہ جانتا ہے ایسے کو ہم سلطنت
جابرہ کہتے ہیں اور سلاطین جابرہ مخالفت شرع میں بحسب
اختلاف طبائع مختلف ہوتے ہیں کسی کو تکبر اور تجبر کی
عادت مرغوب طبع ہوتی ہے کسی کو ناز و تبختر خوش آتا ہے
کسی کو تعدی اور ظلم و ستم بھاتا ہے کسی کو فسق و فجور کی
طرف رغبت ہوتی ہے کوئی شہوات میں مبتلا ہو کر خوش
رہتا ہے کسی کو استعمال مسکرات پسند آتا ہے کسی کو
طعمہ ہاے لذیذہ بھاتے ہیں کسی کو لباسہاے نفیسہ
خوش آتے ہیں کسی کو لہو و لعب مرغوب ہوتا ہے کسی کو
نشاط و طرب مطلوب ہوتا ہے بالجملہ نفس امارہ کی ہوا و
ہوس کے ابواب بے شمار ہیں اور نفس پرستی کے
مقدمات ہزاروں ہزار اگر انکی تفصیل کیجاے سالہا سال
میں بھی تحریر میں نہ آئے لیکن اصول اسکے چند ہیں اور فروع
اسکے بیشمار ہیں ازانجملہ سفاہت ہے جو شخص کہ سمجھ اور
دانائی نہیں رکھتا اور اپنی ہمت کو دوربینی کی راہ کی طرف
نہ متوجہ کیا اسنے حصہ استقامت سے نہ پایا اور راہ متانت
کی طرف اصلا نہ چلا جسنے وفا اور تمکین کو جو کے برابر نہیں
جانتا اور حرف ننگ و عار کو خیال میں نہیں لاتا اور جو چیز کہ
اسکے خیال میں گذرتی ہے اسی کو جانتا ہے کہ عمل میں لاے
اور اسکے نفع اور نقصان کی طرف اصلا تامل نہیں کرتا ہے
اور عاقبت بینی اور دور اندیشی کی راہ سے مطلق نہیں چلتا
بلکہ دیوانہ مثل اطفال لہو و لعب میں دل کی حسرت نکالتا ہے
اور شتر بے مہار کی طرح ہر جگہ منہ ڈالتا ہے جب ایسے شخص کو
منصب سلطنت پہنچتا ہے اسکے تمامی کاروبار کو تباہ اور
برباد کرتا ہے اسکے افعال نہ مطابق قوانین شرعی ہیں نہ
موافق آئین عرفی ایسی سلطنت کے قیام سے ہر کس و ناکس
نالاں رہتا ہے اور ہر صغیر و کبیر آہ و فغاں رہتا ہے یہ وہ بلاے عظیم ہے کہ

ہر عاقل وسفیہ ازان گریزد و ہر غافل و نبیہ ازان پرہیزد۔
قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اعیذك باللہ من امارۃ
السفہاء وقال تعوذوا باللہ من رأس سبعین وامارۃ
الصبیان وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ھلك امتی
علی یدی غلمۃ من قریش و از انجملہ ابواب عیاشی
است تفصیلش آنکہ بعضے اشخاص بحسب جبلّت مغلوب
قوّتِ شہویہ میشوند کہ تمام ہمّتِ ایشان در استیفاء لذّاتِ
نفسانی و راحتِ جسمانی مصروف میباشد و عقل ایشان
بدقائق عیّاشی مشغوف شب و روز در تدقیقاتِ طعام
مرغوب و لباسِ خوش اسلوب و شربِ خمور و دیگر
مسکرات مولد فرح و سرور و شطرنج بازی و مزمار نوازی
و عقد محافلِ رقص و سماع و انہماک در اغلام و جماع
و بناء عماراتِ بلند و تفرج بساتین دلبند و امثالِ ذٰلک
غور و فکر میکنند و داد فسق میدہند چون امثال این
اشخاص بمنصب سلطنت میرسند عقلائے دقیقہ شناس
بحضورِ ایشان مجتمع می شوند چون رغبتِ ایشان را
باموراتِ مذکورہ میدانند سعی بلیغ در استخراج ابواب لہو
لعب و نشاط و طرب بجا می آرند و آن را فنے بس
طویل و عریض میگردانند و این فن را بغایت کمال
میرسانند و این سلاطین ہم ارباب ہمین فنون را ہمنشین و
خیرخواہ می شناسند و مقرب بارگاہ خود می شمارند پس
ہر کہ از ایشان عیاشش بر ملاست و نقال بیحیا و
قلتبان حیلہ باز ست و مغنی مزمار نواز ہمان ست
مقرّب بارگاہ و معظّم درگاہ و از بسکہ این ابواب فسق و
فجور بدون اسراف بکمال نمی رسند و اسراف بدون کثرت

ہر عاقل و نادان اس سے بھاگتا ہے اور غافل و ہوشیار
اس سے پرہیز کرتا ہے۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
(ترجمہ پناہ میں دیتا ہوں تجھکو اللہ تعالیٰ کی بیوقوفوں کی
امیری سے اور فرمایا پناہ مانگو اللہ تعالیٰ کی شروع ستّر
سال کے سے اور لڑکوں کی امیری سے) اور فرمایا نبی
صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ میری امت ہلاک ہوئے
قریش کے لڑکوں کے ہاتھوں پر) اور از انجملہ ابواب عیاشی
ہیں تفصیل اُسکی یہ ہے کہ بعض اشخاص اپنی عادت جبلی
کے موافق مغلوب قوّتِ شہویہ ہوتی ہیں کہ تمام ہمّت کو
استیفاے لذّاتِ نفسانی اور حصولِ راحت جسمانی میں
مصروف رکھتے ہیں اور اُنکی عقل ہمیشہ دقائق عیاشی میں
مشغول رہتی ہے اور شب و روز تلاش و تدقیقاتِ طعام
مرغوب اور لباس خوش اسلوب اور شرب خمور اور دیگر
مسکرات مولد فرح و سرور اور شطرنج بازی اور مزمار نوازی
اور انعقادِ محفلِ رقص و سماع اور انہماکِ اغلام و جماع اور بناء
عمارات بلند و تفرج بساتین دل پسند وغیرہ ہا میں غور و فکر
کرتے ہیں اور داد فسق دیتے ہیں۔ جب ایسے لوگ منصبِ
سلطنت پر پہنچتے ہیں عقلاے دقیقہ شناس اُنکی حضور میں
جمع ہوتے جو اُنکی رغبت اُمورِ مذکورہ کی طرف دیکھتے ہیں
لہو و لعب اور نشاط و طرب کے تداعی اور اسباب کے
استخراج اور حصول میں سعی بلیغ اور کوشش بجالاتے ہیں
اور اُسکو بہت طول و عریض بناتے ہیں اور اس فن کو درجۂ
کمال پر پہنچاتے ہیں اور یہ سلاطین بھی ان اہل فنون کو اپنا
ہمنشین اور خیرخواہ پہچانتے ہیں اور مقرب بارگاہ جانتے ہیں
پس جو کوئی اُن میں سے عیاشش برملا ہے اور نقال بیحیا ہے
اور قلتبان حیلہ باز ہے اور مغنّی مزمار نواز ہے وہی مقرب
بارگاہ ہے وہی معظم درگاہ ہے اور از بسکہ یہ ابواب فسق و
فجور بدون اسراف کمال کو نہیں پہنچتے اور اسراف بدون کثرت

خزینہ محال پس لابد انواعِ ظلم و تعدی در بابِ تحصیلِ اموال
ازو صادر میگردد و بر رعایا دست درازی میکند و در ملک
فسادے راہ میباید اکثر ضعفا و غربا خانہ ویران می شوند و
اہلِ زراعت و تجارت بے سروسامان و نیز ہمین فسق و
فجور بعضے احیان بہ پردہ دری اربابِ ننگ و دست درازی
بر ناموسِ اہلِ عزت منجر میگردد و این ہم باعثِ بربادی
مملکت میشود و نیز وقتیکہ سلطانِ وقت در ابوابِ لہو و لعب
و نشاط و طرب مستغرق گردید لابد حال عدالت و حفاظت
بخرابی کشید پس درمیانِ رعایا ہم تظالم جاری می شود
بالجملہ فسق و فجورِ سلاطین بظلم و تعدی و فساد ملک و
خرابی رعایا منجر می شود۔ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم
ان ھذا الامر بدء نبوۃ و رحمۃ ثم یکون خلافۃ
و رحمۃ ثم ملکا عضوضا ثم ملکا جبریۃ و عتوا و
فسادا فی الارض یستحلون الحریر والفروج والخمور یرزقون
علی ذلک و ینصرون حتی یلقوا اللہ و این
سلطنت فسق و ظلم در حقِ امت و ملت بلائیست
بس عظیم چہ اربابِ کیاست و دیانت اکثر از سلاطینِ وقت
دور دور گریزند و از صحبتِ ایشان پرہیزند و در محافل و
مجالسِ ایشان داخل نشوند و تقربِ ایشان حاصل نکنند
پس معاشِ ایشان فاسد میگردد و اطمینان قلبی ہیچگونہ
دست نمیدہد تا باصلاحِ معاد متوجہ شوند و در طلبِ
راہِ حق مشغول گردند و اگر تقرب جویند و راہِ مقربانِ
ایشان پویند لابد اول از دین و ایمان دست بردار شوند
و از ننگ و عار بیزار فحش گوئی را کمالِ خود شمارند و سرود سرائی
را ہنرِ خود انگارند پس چارۂ کار ہمین ست کہ

خزینہ محال ہے تو بالضرور اقسام کے ظلم و تعدی تحصیلِ
اموال کے بارہ میں اُس سے صادر ہوتے ہیں اور رعایا
پر دست درازی کرتا ہے اور ملک میں فساد راہ پاتا ہے،
اکثر ضعیف و غریب محتاج و ناتوان خانہ ویران ہوتے
ہیں اور اہل زراعت و تجارت بے سروسامان ہوتے ہیں
اور کبھی یہی فسق و فجور اربابِ ننگ و ناموس اور اہلِ
عزت کی پردہ دری اور بے عزتی کا باعث ہوتا ہے یہ
امر بھی سلطنت کی بربادی کا سبب ہے اور یہ بھی یاد رہے
کہ جس وقت سلطانِ وقت ابواب لہو و لعب اور مقدماتِ
نشاط و طرب میں مستغرق ہوگا لابد عدالت اور حفاظت کا
حال خراب اور تباہ ہوگا پس رعایا کے درمیان بھی
تظالم جاری ہوگا بالجملہ سلاطین کا فسق و فجور ظلم و
تعدی اور ملک کے فساد و خرابی کا سبب ہوتی ہے
فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ یہ کام نبوت
اور رحمت سے شروع ہوا پھر ہوئی خلافت اور رحمت
پھر بادشاہی سخت ہوئی پھر ہوئی بادشاہی ظلم اور
زیادتی کی اور ملک میں فساد برپا ہو حریر اور فروج اور
شراب کو حلال جانیں روزی اور فتح اسی پر ہو یہانتک کہ
اللہ تعالیٰ سے ملیں) اور یہ فسق و ظلم کی سلطنت امت و
ملت کے حق میں ایک بلائے عظیم ہے کیونکہ اہلِ دانش
اور اہلِ دیانت اکثر سلاطین وقت سے دُور دُور جائیں
اور انکی تقرب حاصل نکریں نظر براں انکی معاش میں فساد
راہ پائے اور اطمینانِ قلبی ہر طرح ہاتھ سے جائے جو صلاح
معاد کا باعث اور راہ حق میں مشغول ہونے کا سبب ہے
اور اگر یہ لوگ اُس بادشاہ کا تقرب چاہیں اور مقربان
کی راہ اختیار کریں لابد اول دین و ایمان سے دست بردار
ہوں اور ننگ و عار سے بیزار فحش گوئی کو اپنا کمال جانیں
اور سرود سرائی کو ہنر پہچانیں پس چارۂ کار یہی ہے کہ

اصل دین و ایمان را برباد ندهند و زنهار ملازمت ایشان اختیار نکنند هرگز اینچنین خیال در دل نیارند که دین خود را محفوظ دارند و بقدر ضرورت که اصلاح معاش انسان متصور باشد قدرے از سعی و کوشش در آسانی خود بحضور ایشان بجا آرند این خیالے ست پُر اختلال و وہمے است سراسر باطل و محال بیت هم خدا خواهی و هم دنیاے دون ٭ این خیال ست و محال ست و جنون ٭ و از آن جمله حب مال ست تفصیلش آنکه بعضے از اشخاص مجبول میباشند بر حب مال بوجہے که بنفس اجتماع اموال مسرور میشوند اگرچه در لذائذ خود صرف ننمایند بلکه اجتماع مال را از اعظم لذائذ می شمارند و کثرت آن را از بهترین راحات می انگارند هرگاه که بخزائن و دفائن خود می بینند از دل شادان و فرحان میشوند و در راه افزونی او میطلبند هزار تکالیف و رنج در فراهم کردن خزینه و گنج بر جان خود گوارا میدارند هرچند گرسنگی و برهنگی می میرند لیکن خرمهره ازان بمصرف نمی آرند و چون امثال این اشخاص بمنصب سلطنت می رسند داد بخل میدهند آما حرص پس حالش آنکه در استیفاے حق خود از اهل زراعت و تجارت و اغنیا و فقرا و سائر رعایا تا نقیر و قطمیر می شمارند یک خرمهره هم بطریق مسامحت نمی گزارند بلکه از دل خواهان آن معنی میباشند که از کسے رعایاے ایشان گناهے واقع شود یا عصیانے بنسبت ایشان متحقق گردد پس او را بهمین حیله دار و گیر کنند و اموال و اجناس او را بلطائف الحیل میکشند بالجمله در اخذ اموال خود هم غور و تامل مینمایند و همنشینان ایشان هم درهمین باب عقل خود را کار میفرمایند پس هر که تدبیرے براے اخذ

اصل دین و ایمان کو برباد نہ کریں اور ہرگز ہرگز انکی ملازمت اختیار نکریں اور ہرگز ایسا خیال دل میں نہ لائیں کہ اپنے دین کو محفوظ رکھیں اور اُنکے حضور میں حاضر ہوکر اپنی اصلاح معاش میں ساعی ہیں کیونکہ یہ ایک خیال ہے پُر اختلال اور ایک وہم ہے سراسر باطل و محال بیت ہم خدا خواہی و ہم دنیاے دون ٭ این خیال ست و محال ست و جنون ٭ اور از انجملہ حب مال پر مجبور ہوتے ہیں یعنی اُنکی عادت جبلی ہے کہ نفس اجتماع اموال کے ساتھ مسرور ہوتے ہیں اگرچہ اپنے لذائذ میں صرف نکریں بلکہ اجتماع مال کو اعظم لذائذ سے شمار کرتے ہیں اور اُسکی کثرت کو بهترین راحات سے جانتے ہیں جس وقت کہ اپنے خزائن اور دفائن کی طرف دیکھتے ہیں نہایت شادان و فرحان ہوتے ہیں اور ہر طرح اُسکی زیادتی اور ترقی چاہتے ہیں ہزار طرح کی تکالیف و رنج خزینہ اور گنج کے جمع کرنے میں اپنی جان پر گوارا کرتے ہیں ہرچند گرسنگی اور برہنگی میں مرتے ہیں یعنی بہت کچھ تکلیف اُٹھاتے ہیں لیکن ایک خرمہرہ اُس سے صرف میں نہیں لاتے ہیں اور جب ایسے لوگوں کو منصب سلطنت ملتا ہے داد حرص و بخل دیتے ہیں حرص کا حال یہ ہے کہ اہل زراعت و تجارت اور اغنیا اور فقرا اور تمام رعایا سے اپنا پورا حق وصول کرتے ہیں نقیر و قطمیر قلیل و کثیر کا لحاظ رکھتے ہیں اور ایک خرمہرہ بھی بطور مسامحت (نرمی) انکے ذمہ نہیں چھوڑتے بلکہ دل سے اس بات کے خواہاں رہتے ہیں اگر رعایا میں سے کسی سے کوئی گناہ واقع ہوئے تو اُس کو اس حیلے سے گرفتار کریں اور دار و گیر کے ساتھ پیش آئیں اور اُنکے اموال و اجناس کو لطائف الحیل سے اُڑا لیں الحاصل اخذ اموال میں خود بھی غور و تامل کرتے ہیں اور انکے ہمنشین بھی رات دن اسی تردد اور فکر میں مرتے ہیں پس جس کسی نے تحقیق رعایا سے

مال جست بر بست و تزویر برائے اہل عالم از دو مجلس نشست
پس ہمون ست نزد ایشان وزیر شہیر و امیر کبیر پس بسبب
مساعی ایشان فن حیلہ سازی و فریب بازی باتمام میرسد و
اصول و فروع آن مستحسن میگردد ما بالجملہ بیان بالفرض آنکہ
از ملازمان خود میخواہند کہ خدمت ایشان بجان و دل بجا آرند
و آن ملازمان خود شمارند فاما از خزانہ عامرہ چیزے کم نگردد و از
دفینہ وافرہ یک خرمہرہ برآید بنابراں حیلہ ہا بسیار بنا بر منصب
استخدام ایشان بکار انگیزند و حسن خلق و تالیف خلق در فن ریاست
و سیاست بکار آمیزند بیکے الزام نہادہ خدمت او را برباد میکنند
و دیگرے را بمجرد تعظیم و تکریم فریب میدہند بالجملہ مقصود ایشان
ہمین ست کہ خدمت از ایشان بگیرند و چیزے بایشان ندہند
و ہرگاہ کہ ادائے چیزے لازم گردد پس بہ پیچے دہند کہ حق
ایشان بایشان کامل نرسد بلکہ چیزے از حق ایشان در خزینہ
بماند مثلاً سرہ کم عیار بدہند و کامل العیار در حق خود بگیرند
و چند ایام از زمان خدمتگزاری ایشان خارج از حساب نمایند
و بعد از خدمتگزاری اسباب در دفتر غیاب نام ایشان بنگارند
و این سلطنت بطمع و بخل آخر فساد مملکت میکند
اصل حکومت برباد میرود لکن مصلحت وقت در
حق رعایا ہمین ست کہ بر کد و کاوش سلطان بخیل
مصابرت نمایند و راہ منازعت با او نہ پیمایند کہ
مباد آنچہ بالفعل در پردۂ حیلہ بازی و سخن سازی
می کند بر تقدیر منازعت دست تعدی بے پردہ
بکشاید چہ او مجبول ست بر طمع و وقتے کہ برائے
تحصیل مال ہیچ راہ نخواہد یافت بتعدی صریح بالضرورت
خواہد شتافت۔ کما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم

اموال و اجناس کے حاصل کرنے میں تدبیر و حیلہ نکالا وہی
اُنکے نزدیک وزیر شہیر اور امیر کبیر ہے۔ انھیں لوگوں کی
سعی اور کوشش کے سبب حیلہ سازی اور فریب بازی
کے فن کو ترقی ہوتی ہے اور اُسکے اصول و فروع قائم ہوتے
ہیں رہا مجمل اُسکا بیان یہ ہے کہ اپنے ملازمین سے بلحاظ فخر
یہ چاہتے ہیں کہ ہماری خدمت بجان و دل بجا لائیں لیکن
خزانہ عامرہ سے ایک چیز کم نہووے اور دفینۂ وافرہ سے
ایک خرمہرہ نہ باہر جائے نظر براں بہت کچھ حیلے خدمت
لینے کے منصب میں ظاہر فرماتے ہیں اور حسن خلق اور تالیف
خلق فن ریاست و سیاست میں بجا لاتے ہیں کسی پر
ناحق الزام رکھکر اُسکی خدمت کو برباد کرتے ہیں اور کسی کو
بمجرد تعظیم و تکریم فریب دیتے ہیں بالجملہ مقصود انکا یہی ہے
کہ اُنسے خدمت لیں اور ایک کوڑی اُنکو نہ دیویں اور جس صورت
میں کہ خواہی نخواہی دینا ہی پڑے کہ ایسے طور سے دیویں کہ
پورا حق اُنکے پاس نہ پہنچے بلکہ کوئی چیز اُنکے حق سے خزانہ میں رہے
مثلاً سونا چاندی ناقص اُنکو دیں اور عمدہ اور کامل لے لیویں
یا کچھ دن زمانہ خدمتگزاری سے خارج از حساب
ٹھہرائیں درصورت خدمت لینے کے بعد حساب کے دفتر
میں انکا نام لکھوائیں آخر کو طمع اور بخل سے سلطنت
مملکت میں فساد پیدا کر لیتی ہے اور اصل حکومت برباد
ہو جاتی ہے لیکن مصلحت وقت رعایا کے حق میں یہی ہے
کہ سلطان بخیل کی کد و کاوش پر صبر کریں اور اُسکے ساتھ
لڑائی جھگڑے کی راہ نہ چلیں کہ جو کچھ بالفعل حیلہ بازی
اور سخن سازی کے پردہ میں کرتا ہے مبادا اگر بر تقدیر
منازعت جور و تعدی کا ہاتھ بے پردہ دراز کرے
کیونکہ طمع اُسکی عادت جبلی ہے جس وقت کہ تحصیل مال
کے واسطے کوئی راہ نہ پائیگا بالضرور ظلم صریح کی طرف قدم
اُٹھائیگا چنانچہ جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم

لابی ذرؓ کیف انتم وائمۃ من بعدی سیأثرون لھذا
الفیٔ قال ابوذر اما والذی بعث بالحق اضع سیفی علی
عاتقی ثم اضرب بہ حتی القیک قال اولا ادلک علی
خیر من ذلک تصبر حتی تلقانی۔
وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم انکم سترون بعدی
اثرۃ وامور اً تنکرونھا وروی ان الصحابۃ قالوا
یا نبی اللہ ارایت ان قامت علینا امراء یسئلونا
حقھم ویمنعونا حقنا فما تامرنا قال اسمعوا واطیعوا
فان اطیعوا فان علیھم ما حملوا وعلیکم ما حملتم
و از انجملہ ست حب خونخواری و مردم آزاری بیانش آنکہ
بعضے اشخاص بحسب اصل فطرت مغلوب الغضب و کینہ کش
میباشند کہ در وقت شورش خشم و ثوران غضب بوجہے سخت رو و
درشت گو میشوند کہ داد بدخواہی میدہند ہرگز رعایت مقدار
جرم مجرم نمیکنند و براد نائے تقصیر از دل میرنجند و قدر گناہ
را بر میزان عقل نمی سنجند بلکہ تا وقتیکہ بقتل و نہب نوبت نرسانند
یا او را رو برو یگانہ و بیگانہ ذلیل و خوار نگردانند ہرگز دل ایشان
تسلی نمیگیرد و خاطر ایشان اطمینان نمی پذیرد و اگر از تمام
قوم یک کس با ایشان مخالفت کرد ایشان با تمام قوم
عداوت می نمایند و زبان طعن بر نیک و بد آن قوم میکشایند
چون امثال این اشخاص بمنصب سلطنت میرسند داد
ظلم و جور میدہند و بندگان الٰہی را در انواع تعذیبات
گرفتار می کنند و اہل عزت و اعتبار را بانواع تذلیل و اہانت
ذلیل و خوار در حق بنی آدم بمثابۂ گرگ جہندہ اند یا سگ
گزندہ مضرت ایشان در حق صغار و کبار و
ارباب عزت و اعتبار و مساکین ذوی الاضطرار و

حضرت ابوذرؓ سے (ترجمہ کیا ہو تم اور امام میرے بعد کے
کہ پسند کریں اس غنیمت کے مال کو کہا ابوذرؓ نے خبردار
قسم ہے اس ذات کی کہ آپ کو ساتھ حق کے بھیجا ہے میری
گردن میری تلوار سے مار دیجیے یہانتک کہ میں آپ سے
ملوں۔ فرمایا کیا میں تجھکو اس سے بہتر بات نہ بتاؤں صبر کر
یہانتک کہ تو مجھسے ملے) اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
(ترجمہ تم میرے بعد نشان اور کام دیکھوگے کہ وہ نا پہچان
ہونگے۔ اور روایت کیا گیا ہے کہ صحابہؓ نے عرض کیا کہ ای
رسول اللہ بتائیے اگر ہم پر ایسے امیر ہوں کہ اپنے حق تو مانگے اور
ہمارے حق نہ دیں تو ہمکو کیا حکم ہے فرمایا سنو اور کہا مانو پس
اگرچہ جو وہ کرینگے پاوینگے جو تم کروگے پاؤگے) اور از انجملہ
جب خونخواری اور مردم آزاری ہے اسکا بیان یہ ہی کہ بعض
اشخاص باعتبار اصل فطرت مغلوب الغضب اور کینہ کش
ہوتے ہیں کہ سوزش خشم اور جوش غضب میں کمال سخت روی
اور درشت گوئی کے ساتھ داد بدخواہی دیتے ہیں ہرگز مجرم کے
جرم کی رعایت نہیں کرتے ادنیٰ سے قصور پر رنجیدہ خاطر
ہوجاتے ہیں اور مقدار گناہ کو میزان عقل پر نہیں تولتے
بلکہ تا وقتیکہ قتل اور غارت کی نوبت نہ پہنچائیں یا اسکو یگانہ و
بیگانے کے روبرو ذلیل و خوار نکریں ہرگز انکو چین نہ پڑے
اور انکی خاطر مطمئن نہو اور اگر تمام قوم میں سے ایک آدمی
انکے ساتھ مخالفت کرے وہ تمام قوم کے ساتھ عداوت
کرتے ہیں اور زبان طعن اس قوم کے نیک و بد پر کھولتے
ہیں جب ایسے لوگ منصب سلطنت پر پہنچتے ہیں داد جور و ظلم
دیتے ہیں اور بندگان خدا کو طرح طرح کے عذاب میں گرفتار
کرلیتے ہیں اور اہل عزت اور ارباب اعتبار کو اقسام اقسام
کی ذلت اور اہانت میں ذلیل و خوار کرتے ہیں۔ بنی آدم کے
حق میں بمنزلہ گرگ جہندہ یا سگ گزندہ ہیں انکی مضرت صغار و
کبار اور ارباب عزت و اعتبار اور مساکین ذوی الاضطرار اور

سائر اغنیاء وفقراء ابجدے ست کہ پایانے ندارد حتے کہ
ضعفاء وغربا مسلمین تسلط کفار نابکار را از تسلط این جبابرہ از
درجہ بہتر میشمارد و آن را باعث اطمینان خلق اللہ می انگارند
چنانچہ رعایا از سلطان ظالم در رنج اند ہمچنین سلطان ظالم ہم
از رعایاے خود بیزار ایشان برائے او روز بد میخواہند
و او برائے ایشان۔ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم خیار
ائمتکم الذین تحبونہم ویحبونکم وتصلون علیہم ویصلون
علیکم وشرار ائمتکم الذین تبغضونہم ویبغضونکم و
تلعنونہم ویلعنونکم۔ چنانکہ جور سلطانی معاش رعایا
را برباد میکند ہمچنین امرایان ایشان را از بیخ میکند چہ
از خوف او گاہے نمیرسند کہ باقامت دین و ایمان
مشغول شوند پس قیام سلطنت ظالمہ مثل انتشار
مذاہب باطلہ ہست کہ قوانین ملت را برہم میزند
و آئین سنت را کم میکند۔ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم
انما اخاف علی امتی الاستسقاء بالانواء وحیف
السلطان وتکذیب بالقدر و در بعضے احیان بہ نسبت
بعضے اقوام پرغضب میشود و انتقام طلب پس در
انتقام کسے عاصی را از مطیع امتیاز نمیکند و گنہگار را
از بیگناہ بلکہ تیغ بیدریغ بر سر ایشان میکشد و اقالیم و بلدان
را بیچراغ میکند۔ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم
من خرج علی امتی بسیفہ یضرب برہا
وفاجرہا ولا یتحاشا من مومنہا ولا یفی
لذی عہد عہدہ فلیس منی ولست منہ
و در بعضے احیان شورش غضب بہ نسبت بعضے اقوام در
دل او جوشش میزند لکن بالفعل قدرت انتقام نمیدارد

تمام اغنیا اور فقرا کے حق میں بدرجۂ غایت ہے یہانتک کہ
ضعیف اور غریب مسلمان کفار نابکار کی حکومت اور تسلط کو
اُن ظالموں کی تسلط اور حکومت سے ہزار درجے بہتر جانتے
ہیں اور اسکو باعث اطمینان خلق پہچانتے ہیں جیسے کہ رعایا
سلطان ظالم سے رنج میں ہیں ایسے ہی سلطان ظالم بھی اپنی
رعایا سے بیزار ہے رعایا اُسکے واسطے روز بد چاہتی ہے اور
وہ اُنکا بُرا چاہتا ہے۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ
بہتر امام تمھارے وہ ہیں کہ تم اُنکو دوست رکھو اور وہ تمکو
تم اُنکو دعائیں مانگو وہ تمکو اور تمھارے بُرے امام وہ ہیں کہ
تم اُنکو بُرا جانو وہ تمکو اور تم اُنکی برائی کرو اور وہ تمھاری)
جس طور پر کہ جور سلطانی معاش رعایا کو برباد کرتا ہی ایسے
ہی امرایان اُنکو جڑ سے اُکھاڑتا ہے کیونکہ اُسکے خوف سے
کبھی نجات نہیں پاتے کہ اقامت دین و ایمان میں مشغول
ہوویں پس قیام سلطنت ظالمہ مثل انتشار مذاہب باطلہ ہے
کہ قوانین ملت کو خراب کرتا ہے اور آئین سلطنت کو گم
کرتا ہے۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ سوا اسکے
نہیں کہ مَیں ڈرتا ہوں اپنی امت سے کہ بارش مانگے ساتھ
انوار کے اور ظلم بادشاہی سے اور تقدیر کو جھٹلاویں)
اور بعض اوقات میں بعض اقوام کی نسبت پر غضب ہوتا ہے
اور انتقام چاہتا ہے پس بدلہ لینے میں کسی فرمانبردار اور
غیر فرمانبردار کی تمیز نہیں کرتا اور گناہ بیگناہ کا خیال
نہیں کرتا بلکہ تیغ بیدریغ اُنکے سر پر چلاتا ہے اور شہروں
اور ولایتوں کا چراغ بُجھاتا ہے۔ چنانچہ فرمایا نبی صلی اللہ
علیہ وسلم نے (ترجمہ جو نکلا میری اُمت پر اپنی تلوار لیکر
مارے بھلے اور بُرے اور نہ پروا کرے ایمان والے کی اور
نہ پورا کرے کسی عہد والے کی عہد وہ مجھسے نہیں اور میں اس سے
نہیں) اور بعض احیان میں جوش غضب بعض اقوام کی نسبت
اُسکے دل میں ظاہر ہوتا ہی لیکن بالفعل قدرت انتقام نہیں رکھتا

پس تخم کینہ بہ نسبت ایشان در سینہ می کارد و منتظر میماند که کدام وقتے برسد که کینہ دیرینہ را بروئے کار آرد. کما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ما من والٍ یلی رعیۃ من المسلمین فیموت وہو غاشٍ لہم الا حرم اللہ علیہ الجنۃ وآنانجملہ تجبر وتکبر ست بیانش آنکہ بعضے اشخاص حسب اصل جبلت سرکش خودپسند و صاحب دعوی بلند میباشند بخودستائی مشغوف میباشند و بخودنمائی مصروف جان خود را دو رتہ میکشند و ہر صغیر و کبیر را فروتر از خود می بینند اعلاے کمالات غیر را ادناے ہنر خود اگرچہ محض خیالی باشد مثل علو حسب و نسب ہرگز ہمسنگ نمیسازند و مساوات خود را با دیگران بہ نسبت خود عار و ننگ میدانند غرضکہ تحقیر اقران را عین عزت خود میشمارند و تعییر اخوان را عین عظمت خود می انگارند و بر کمالات خود می نازند و کمال دیگران را از پایۂ اعتبار می اندازند منتہائے آرزوہاے ایشان ہمین ست کہ ایشان را در میان جمیع افراد انسان بوجہے امتیاز حاصل شود کہ کسے با ایشان مشارکت نجوید و راہ مشابہت نپوید چون مثل این شخص منصب سلطنت میرسد داد تجبر و تکبر میدہد در رفتار و گفتار و نشست و برخاست و القاب و آداب و در سائر معاملات و عادات امتیاز خود میجوید و از ہر باب چیزہا براے ذات خود بوجہے مخصوص میگرداند کہ از مشارکت دیگرے در و بغایت میرنجد و راہ مساوات دیگران را بالکل می بندد مثلاً براے نشستن خود وقتیکہ تخت ساختہ دیگران را از نشستن بر تخت منع کرد و در مجلسے کہ خود نشستہ دیگران را از نشستن مانع شد و لفظیکہ براے

پس تخم کینہ انکی طرف سے سینہ میں بوتا ہے اور منتظر رہتا ہے کہ کون وقت آئے کہ کینہ دیرینہ کو دل سے ظاہر کرے جیسا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ) نہیں ہے کوئی سردار کہ سرداری کرتا ہو رعیت کی مسلمانوں پر پھر مرے اور دھوکا دینے والا ہو انکو مگر حرام کیا اللہ تعالیٰ نے اس پر جنت کو اور ازانجملہ تجبر اور تکبر ہے بیان اسکا یہ ہے کہ بعض اشخاص بحسب اصل جبلت سرکش اور خودپسند اور صاحب دعویٰ بلند ہوتے ہیں خودستائی میں مصروف خودنمائی میں مصروف ہوتے ہیں اپنی جان کو دور تک کھینچتے ہیں اور ہر صغیر و کبیر کو اپنے سے کمتر دیکھتے ہیں غیر کے اعلیٰ کمال کو اپنے ادنیٰ ہنر کے مقابلے میں اگرچہ محض خیالی ہو مثل علو حسب و نسب ہرگز ہمسنگ نہیں ہموزن نہیں کرتے اور اپنی مساوات کو دوسروں کے ساتھ بہ نسبت خود عار و ننگ جانتے ہیں غرض کہ اوروں کی حقارت کو اپنی عزت سمجھتے ہیں اور بھائیوں کی عار کو عین عظمت تصور کرتے ہیں اور اپنے کمالات پر ناز کرتے دوسروں کو پایۂ اعتبار سے گراتے ہیں انکی آرزوؤں کا منبع اور منتہا یہی ہے کہ ان کو جمیع افراد انسان میں اسی وجہ پر امتیاز حاصل ہووے کہ کوئی انکے ساتھ مشارکت نہ چاہے اور راہ مشابہت نہ ڈھونڈے جب کہ ایسا شخص منصب سلطنت پر پہنچتا ہے داد تجبر اور تکبر دیتا ہے اور رفتار و گفتار اور نشست برخاست اور القاب و آداب اور تمام معاملات و عادات میں امتیاز تلاش کرتا ہے اور ہر باب سے بہت چیزیں اپنی ذات کے واسطے مخصوص کرتا ہے یہانتک کہ دوسرے کی مشارکت سے گھبراتا ہے اور مساوات کے خیال سے رنج اٹھاتا ہے مثلاً اپنے بیٹھنے کے واسطے جس وقت تخت بنائے دوسروں کو اس پر بیٹھنے سے منع فرمائے اور جس مجلس میں کہ خود بیٹھے دوسروں کو وہاں بیٹھنے سے مانع آئے اور جو لفظ کہ اپنی

خود مقرر ساختہ مثل سلطان و شاہ و بادشاہ و ملک و
حضور اقدس و امثال ذلک اگر کسے آن الفاظ را بر
فرزندان ایشان ہم جاری گرداند آنرا گنہگار سخت میدانند و
تعزیر شدید باو میرسانند غرضکہ دلِ ایشان ہمین میخواہد کہ جانِ خود
را در بندگانِ الٰہی و اتباعِ رسالت پناہی نہ شمارند و ایشان را
از جنس خود نہ انگارند و در ہر باب راہِ علیحدہ اختیار کنند و
جانِ خود را بہر وجہ امتیاز دہند و نیز میخواہند کہ آئین ایشان
مشابہ اصولِ دین و بسانِ احکامِ شرعِ متین مسلمِ طوائف
انام شود و متبوع ہر خاص و عام کسے را با ایشان مجالِ
قیل و قال نماند و محل بحث و جدال نباشد گویا کہ باحکام
الٰہی مخاطب نیستند و بر مخالفتِ او معاتب نہ و ہمین
ہر دو امر یعنی خودکشی و تمنار نفاذِ حکم آناً فاناً ترقی می گیرد و
صورتِ تعلّی می پذیرد تا اینکہ بمرتبۂ ادعاے الوہیت و
نبوت می رساند و او را از اخوانِ فرعون و نمرود میگرداند
ہیچ وصفے از اوصافِ ربِّ مجید نیست کہ جبارِ عنید او
را در ضمنِ تحریرِ فرامین و پروانجات بخود نسبت نداده
و ہیچ اسمے از اسماء خالق اکبر نیست کہ این جاہل ابتر ذاتِ خود
را بآن لقب ننہاده و ہیچ منصبے از منصب انبیاء مرسلین نیست
کہ این عدو دین ادعاے آن نمودہ و ہیچ مرتبہ از مراتبِ خلفاے
راشدین نیست کہ این رئیس المفسدین در آن راہ مساوات با
ایشان نہ پیموده و این سلطنتِ تکبر و تجبر چنانکہ در حق کافہ
امت و دینِ ملت بغایت مضر ست ہمچنین ہزار چند از ان
در حقِ این داعی جاہل سمِ قاتل ست ہیچ سلطانے را از
سلطنتِ خود آن قدر مضرت نرسیده کہ متکبر را از
سلطنتِ خود رسیده کہ جان خود را خالق رعایا می شمارد

ذات کے واسطے مقرر کرے مثل سلطان و شاہ و بادشاہ و
ملک و حضورِ اقدس وغیرہ اگر کوئی اُس لفظ کو اُسکے فرزندوں
پر بھی جاری کرے تو اُسکو سخت گنہگار جانے اور تعزیر شدید
اُسکو پہنچاوے غرض کہ دل اُنکا یہی چاہتا ہے کہ اپنے جان کو
بندگانِ الٰہی اور اتباعِ رسالت پناہی میں نہ جانیں اور
دل کو اپنے جنس سے نہ پہچانیں اور ہر معاملہ میں راہ علیحدہ اختیار
کریں اور اپنی ذات کو ہر وجہ سے امتیاز دیں اور یہ بھی چاہتے
ہیں کہ آئین اُنکا مشابہ اصولِ دین و احکامِ شرعِ متین
طوائفِ انام اور خاص و عام میں مسلّم الثبوت ہو اور ہر شخص
اُسکا اتباع کرے اور کسی کو اُنکے ساتھ مجال قیل و قال اور
محل بحث و جدال نہ ہے گویا کہ احکام الٰہی کے ساتھ مخاطب
نہیں اور اُنکی مخالفت پر معاتب نہیں اور یہی دونو امر
یعنی خودکشی اور تمنائے نفاذ حکم آناً فاناً ترقی پکڑتی ہے اور
صورت تعلّی قبول کرتی ہے یہانتک کہ ادعاے الوہیت
اور نبوت کے مرتبے تک پہنچاتی ہے اور اسکو برادرانِ
فرعون اور نمرود سے بناتی ہے۔ کوئی وصف اوصاف
رب مجید سے نہیں کہ جبارِ عنید نے اُسکو ضمنِ فرامین
اور پروانجات میں اپنی طرف منسوب نہ کیا اور کوئی اسم
اسماے خالقِ اکبر سے نہیں کہ اس جاہل ابتر نے اپنی
ذات کو اُسکے ساتھ ملقب نہ کیا اور کوئی منصب مناصبِ
انبیاء مرسلین سے نہیں کہ اس دشمنِ دین نے اُسکا
ادعا نہ کیا اور کوئی مرتبہ مراتبِ خلفاء راشدین سے نہیں کہ
اس رئیس المفسدین نے اُنمیں اُنکے ساتھ راہ مساوات
نہ اختیار کی۔ یہ سلطنت تکبر و تجبر جس طرح پر کہ تمام اُمت اور
جملہ ملت کے حق میں نہایت مضر ہے ایسے ہی ہزار چند اُس سے
اس داعی جاہل کے حق میں سم قاتل ہے کسی سلطان کو
اپنی سلطنت سے اُس قدر مضرت نہ پہنچی کہ متکبر کو اپنی
سلطنت سے پہنچی کہ اپنی جان کو خالق رعایا جانتا ہے

ویا نبی برایا خصوصاً وقتیکہ زمانہ یار او باشد وبخت یاور او
کہ اکابر اہلِ زمان زیر دست شوند وسرکشانِ اقران بغایت
پست درین صورت استکبارِ او دو بالا میگردد و
دماغِ نخوتِ بعالمِ بالا میرسد۔ قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم
اذا مشت امتی المطیطاء وخدمتها ابناء الملوک ابناء
فارس والروم سلط الله شرارها علی خیارها
وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم الکبریاء ردائی و
العظمة ازاری فمن نازعنی واحدا منهما
ادخلته النار وقال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم اغیظ رجل علی الله یوم القیمة واخبث
رجل کان یسمی ملك الاملاك لاملك الا الله
وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یقولن احدکم
عبدی وامتی کلکم عبید الله وکل نسائکم اماء
الله ولکن لیقل غلامی وجاریتی وفتای وفتاتی
ولا یقل العبد ربی ولکن لیقل سیدی وفی روایة
لا یقل العبد لسیدہ مولای فان مولکم الله
باید دانست کہ این سلطنتِ جابرہ کہ چندے از اوصاف
او مذکور گردیدہ بر دو قسم ست قسم اول آنکہ سلطان جابر
باوجود این شوخ چشمی گستاخی کہ بالا مذکور گردیدہ قدرے
از ایمان ہم داشتہ باشد و بہ بعضے اعمالِ صالحہ ہمت گماشتہ
اگرچہ آن اعمال را ہم بوجہے ادا میکند کہ منطبق بر طریقۂ
مشروع نیست ونزد اہلِ دیانت مسموع نہ بلکہ موافق آئین خود
آنرا ادا می نماید و بروجہ مطبوع خود دران می درآید فاما در دلِ
خود ہمان را وسیلۂ تقرب الی اللہ میسازد و باخلاص نیت
بجامی آرد مثلاً چنانکہ در ابواب ہوا و ہوس خود خزائنِ وافرہ

اور یا نبی برا پایا جاتا ہے خصوصاً اُس وقت کہ زمانہ یاور او
بخت مددگار رہوا کابر اہلِ زمان زیر دست ہوں سرکشان اقران
نہایت پست ہوں اس صورت میں استکبار اور غرور اُسکا
دو بالا ہوتا ہے اور دماغ نخوت عالم بالا پر پہنچتا ہے۔ فرمایا نبی
صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ جب چلے اُمّت میری اور
خدمتگار انکے اولاد بادشاہوں کی اولاد فارس اور روم کی
مسلّط کریگا اللہ تعالیٰ انکے بروں کو اچھوں پر) اور فرمایا نبی صلی اللہ
علیہ وسلم نے (ترجمہ تحقیق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تکبر چادر میری
ہے اور بڑائی ازار میری جو کوئی مجھسے چھینے ایک کو ان دونو سے
اُسکو داخل کروں گا آگ میں) اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے (ترجمہ کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن جبپر سب سے
زیادہ خفا ہوگا اور سب سے بدتر سمجھے گا وہ ہی کہ نام رکھے
بادشاہوں کا بادشاہ نہیں ہے بادشاہ مگر اللہ تعالیٰ) اور
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ترجمہ ہرگز نہ کہے ایک
تمہارا کہ میرا بندہ میری لونڈی تم سب اللہ کے بندے ہو اور تمہاری
عورتیں اللہ کی لونڈیاں ہیں اور یوں کہہ دیا کرو کہ میرا غلام میری
خدمتگارنے اور نہ کہے غلام میرا رب اور یوں کہے کہ میرا سردار اور
ایک روایت میں ہے کہ نہ کہے غلام اپنے سردار کو کہ میرا مولا
ہو اسطے کہ مولا تمہارا اللہ ہے) معلوم کرنا چاہیے کہ یہ سلطنت جابرہ
کہ چند اوصاف اُسکے مذکور ہوئے دو قسم پر ہے قسم اول
یہ ہے کہ سلطان جابر باوجود اس شوخ چشمی اور گستاخی کے کہ
اوپر مذکور ہوئی کسی قدر ایمان بھی رکھتا ہو اور بعض اعمال صالحہ
کی طرف بھی متوجہ ہو اگرچہ اُن اعمالوں کو بھی اسی طرح پر
ادا کرتا ہے کہ طریقہ مشروع پر منطبق نہیں اور اہل دیانت
کے نزدیک مسموع نہیں بلکہ اپنے آئین کے موافق اُنکو
ادا کرتا ہے اور بروجہ مطبوع اُسکو بجالاتا ہے لیکن اپنے
دل میں اُسی کو تقرب الی اللہ کرتا ہے اور اخلاص نیت سے
بجالاتا ہے مثلاً جس طرح پر کہ ابواب ہوا و ہوس میں خزائن وافرہ

ودفائن متکاثره صرف می نماید همچنین مسجدے بس لطیف
نفیس مطلا و مذہب و مصفا و منقش بنا کرد و آنرا از عبادات
مالیه شمرد اگرچه بناے مثل این مسجد ہم در جنسے اسراف ست که
در شرع بغایت نامحمود ست و عند الله نامقبول لیکن از انجا که
طریق انفاق نزد او ہمین اسراف ست پس معنی انفاق فی سبیل الله
ہمین میداند که در مصارف محموده شرعیه ہر قدر که اسراف کند
ہمان قدر عند الله محمود ست و عند الشرع مقبول بناءً علیه
تقرباً الی الله اموال خطیره دران صرف نمود و بنا بر زیادت
قبولیت راه اسراف پیمود قسم ثانی آنکه سلطان جابر در
دل این قدر خوف الٰہی نمی دارد که افعال شرعیه را ہم باخلاص
نیت بجا آرد بلکه آنرا ہم بطریق رسم و عادت و بنا بر حصول
نیکنامی در میان اہل زمان و اظہار مسابقت بر اقران
بعمل می آرد و آن را نیز از لوازم جاه و جلال خود می شمارد
پس چنانکه اعمال صالحه سلطان اول باعتبار ظاہر مردود
بود و باعتبار نیت محمود ہمچنین اعمال این سلطان ثانی ہم
از بیرون فاسد ست و ہم از درون کاسد و دریں معنی چند
لطیفه ست که در ضمن چند نکته بیان باید کرد نکتهٔ اولیٰ
سلطان جابر ہر چند عند الله مردود ست و از ساحت قرب
مطرود فاما در نوع انسان یک گونه از و منفعتے بمومنین و
مضرتے بکافرین می رسد مثلاً بنا بر طلب سلطنت و مملکت
عقلاے مسلمین را وزیر و امیر میگرداند و بسلاطین
کفار مضرتے می رساند اگرچه پرورش مومنین بنا بر پاس
دین و سرزنش کافرین بنا بر اعلاے کلمه رب العالمین
بعمل نیاورده پس منفعت آن اگرچه بذات او ہیچ
نرسیده فاما دین و اہل دین یک گونه سرسبز گردید پس اجرا

اور دفائن متکاثرہ صرف کرتا ہے ایسے ہی ایک مسجد
نہایت لطیف نفیس مطلّا مذہّب مصفّا منقّش بنا کرے
اور اُسکو عبادات مالیہ سے گنے اگرچہ ایسی مسجد کی بناء
بھی منجملہ جنس اسراف ہے کہ شرع شریف میں نہایت نامحمود ہے
اور عند اللہ نامقبول ہو لیکن اُس صورت میں کہ طریق
انفاق اُسکے نزدیک بھی اسراف ہے پس معنی انفاق
فی سبیل اللہ یہی جانتا ہے کہ مصارف محمودہ شرعیہ میں
جس قدر کہ اسراف کرے اُسی قدر عند اللہ محمود ہے اور
عند الشرع مقبول بناءً علیہ تقرباً الی اللہ اموال کثیرہ اُسمیں
صرف کرے اور زیادتی قبولیت کے خیال سے اسراف کی
راہ اختیار کرے قسم ثانی یہ ہے کہ سلطان جابر دل میں
اس قدر خوف الٰہی نہیں رکھتا ہے کہ افعال شرعیہ کو بھی
اخلاص نیت سے بجالاے بلکہ اُسکو بھی بطریق رسم و عادت
بنا بر حصول نیکنامی و اظہار مسابقت عمل میں لاتا ہے اور
اُسکو بھی اپنے جاہ و جلال کے لوازم سے گنتا ہے پس
جس طرح ہر کہ سلطان اول کے اعمال صالحہ باعتبار
ظاہر مردود تھے اور بہ اعتبار نیت محمود ایسے ہی اس
سلطان ثانی کے اعمال ظاہراً فاسد ہیں اور باطناً کاسد
اور اس معنی میں چند لطیفے ہیں کہ چند نکتہ کے ضمن میں
بیان ہوتے ہیں نکتہ اولیٰ سلطان جابر ہر چند عند اللہ
مردود ہے اور میدان قرب سے مطرود لیکن نوع انسان میں
ایک قسم کی منفعت اُس سے مسلمانوں کو اور ایک طرح کی
مضرت کافروں کو پہنچتی ہے مثلاً بنا بر طلب سلطنت عقلاے
مسلمین کو وزیر اور امیر بناتا ہے اور سلاطین کفار کو مضرت
پہنچاتا ہے اگرچہ پرورش مومنین بنا بر پاس دین اور
سرزنش کافرین بوجہ اعلاے کلمہ رب العالمین عمل میں
نہ لایا پس اُسکا نفع اگرچہ اُسکی ذات کو کچھ نہ پہنچا لیکن دین اور
